وَرَدَ خَلِيفَتِي فِي الْأَرْضِ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ يَا دَاوُدُ إِنَّا سَخَّرْنَا

الحمد لله که هر دو حصّه دیوان بحر عرفان عمدة الاولیا قدوة الاصفیا
واقف اسرار لاهوتی کاشف سرائر ملکوتی مصدر کمال ذات معبود
حضرت آغا محمد داؤد نقشبندی ابوالعلائی الموسوم باسم تاریخی

دفتر رحمت

۱۳۳۲ھ

المعروف


دیوان صحو

بامجامے ناهج مناهج تحقیق عارف معارف تدقیق عندلیب چمنستان ابوالعلا
پروانه شمع جمال آغائی صاحب السیف والتدبیر عالیجناب خان بهادر
محمد عبدالکریم خان شمشیرزاده الله التوفیق ناظم کورگیری ملک سرکار عالی خلد الله ملکه

ابوالعلا کتابخانه فاضلیه مطبع دفتر رحمت طبع یافت

PIR
۹۲۲۹
/۵۷
۵۹
نقشبندی، محمداود، قرن ۱۴
دفتر رحمت المعروف دیوان صحو / آغا محمداود نقشبندی ابوالعلائی.— آکره : مطبع ابوالعلائی، ۱۳۳۲ق. = ۱۹۱۳.
۲۸، ۱۱۵ص.
فارسی - اردو.
چاپ سنگی.
مندرجات: حصه اول: فارسی.
۱.شعر فارسی - هند - قرن ۱۴. ۲.شعر فارسی - قرن ۱۴. الف.عنوان. ب.عنوان: دیوان صحو.
PIR۹۲۲۹/۵۷۵۹
11166

PIR
۹۲۲۹
/ن۷
۷۹
نظامیه‌ی، محمدباقر، قرن ۱۴
دفتر رحمت المرحوم دیوان صفو / آقا محمدباقر نظامیه‌ی، ابوالحسنی. — تکره : مطبع ابوالحسنی، ۱۳۳۲ق. = ۱۲۹۳.
۲۸، ۵۱۱ص.
فارسی - اردو.
چاپ سنگی.
مندرجات: دفتر اول: فارسی.
۱. شعر فارسی - هند - قرن ۱۴. ۲. شعر فارسی - قرن ۱۴. الف. عنوان. ب. عنوان: دیوان صفو.
PIR۹۲۲۹/ن۷۹
۱۱۱۶۶



V.
8-1

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۲۷۶۹/

مجموعۃ التقاریظ

کتابخانہ

مطبوعۃ ابو العلائی اسٹیم پریس آگرہ

التماس

ز تقدیم و تاخیر بر من مگیر
نویسندہ رازو بود ناگزیر

تقاریظ اور تاریخات دیوان چھپنے کے بعد یکے بعد دیگرے وصول ہوتی رہین اور اوسی سلسلہ سے اندراج کیا گیا لہذا امید ہے کہ تقدیم و تاخیر کی گرفت نفرمائی جائے گی۔ "صدر ہر جا کہ نشیند صدر است"

حقیر پر تقصیر
شششیر

PIR
۹۲۲۹
۷۵۷
۵۹

از کلک گہر سلک فصیح اللسان صاحب الحکمۃ والیقین واقف اسرار دین
محب و مداح صاحب قوسین حاجی الحرمین الشریفین جناب حکیم محمد عاشق حسین
ابو العلائی آغائی اعلی اللہ مدارجہم فی الدارین

تقریظ

انطباع دیوان مولائی و مرشدی ماہ برج حقیقت خورشید آسمان معرفت خضر بادیہ طریقت رہبر راہ شریعت سالک مسالک ہدایت شہنشاہ اقلیم ولایت سبق آموز علم الیقین سراج منیر دین متین عمدۃ العارفین زبدۃ السالکین حضرت آغا محمد داؤد نقشبندی ابو العلائی رحمۃ اللہ علیہ

از کمترین خدام عارفان بندہ ہیچ میرزو ہیچ مدان محمد عاشق حسین
ہاتف آغائی عفی عنہ

اللہ اللہ ذات بیچون و بیچگون کی حمد مین ہر طرف نغمہ سرائی ہو رہی ہے غنچہ چٹک چٹک کر لب نازک سے توحید کا گیت گا رہے ہین درو و کی ترانہ سنجیون سے گل ہمہ تن گوش اور نہالان چمن سراپا مست ہو کر جھوم رہے ہین۔ آخر شب ہے ستارے کثرت کی شان دکھا رہے ہین چاند آسمان کے مغربی کنارہ تک آ پہونچا اور دریاے وحدت

مین غوطہ لگانے کو ہے عیش پرست غفلت کی نیند سو رہے ہین یزدان پرست ریاضت
پر کمربستہ ہو رہے ہین - دمبدم صہبا کے مشکبار جھونکے چلے آتے ہین - یہ مصرع بجلی
کی طرح تڑپ کر عاشقِ جانباز کی زبان سے نکل رہا ہے ع

زتاب جعد مشکینش چہ خون افتاد در دلہا

نسیم گلشن صہبائے بیخودی کا جوہر اُڑا لائی ہے اور در و دیوار کے ذرہ ذرہ سے مستی
ٹپک رہی ہے - ساقی کی خمار آلودہ آنکھین نظرون مین پھر گئین - نشہ عشق نے روح
کو بام عرش تک پہونچا دیا ہے - بوالعلائی باغ کا نظارہ ہو رہا ہے پر اسرار نغمون سے
دل مین رقت اور اُسکے ساتھ جوش پیدا ہوا - ان ترانون سے کان آشنا
پائے گئے ساتھ ہی خیال آیا اے ہاتف یہان نواسنج معرفت اور کون ہو سکتا ہے
پھر دل ہی نے ادب سے کہا - بلبل گلزار عرفانی - زمزمہ سنج رموز حقانی مولائی و مرشدی
حضرت آغا محمد داؤد رحمۃ اللہ علیہ ہونگے - اسوقت حضرت قدس سرہ کی
سیرت پر فضیلت پر مثنوی جلوۂ داؤد کے چند شعر زبان پر آگئے ؎

بوالعلائی مے پلانا ساقیا
بیخبر سب سے بنانا ساقیا

بادہ مین ہو کیفیت بے کیف کی
رنگ بیرنگی دکھائے بیخودی

جام پر شیشہ کی گردن کو جھکا
مے پلا کر پیاس مستونکی بجھا

نشہ بے مے ہے ترے ہاتھ مین
سو مزے پیدا کرے اک بات مین

پے بہ پے چلتا ہے باہم دور جام
تیری محفل مست رہتی ہے مدام

تیری ہمت تیری عادت کے نثار
تیری صورت تیری سیرت کے نثار

نشہ مین آزاد کردے فکر سے
مست کردے اک ولی کے ذکر سے

بوالعلائی پیر ہے محو قدیر
ہند مین یکتا دکن مین بے نظیر

پیشوائے شرع دین مصطفےٰ
رہنمائے سر راہ مرتضےٰ

رونق بستان ارشاد ہدےٰ
نور شمع دودمان بوالعلا

واقف اسرار و رمز کبریا
کاشف اسرار لوکشف الغطا

بایزید عصر ذوالنون زمان
وقت کا معروف سمنون جہان

زندہ پیل دہر سرمۂ زمن
عارف باللہ شبلی دکن

باجمال و باجلال و باکمال
بے نظیر و بے عدیل و بے مثال

جان تازہ تن مین آتی ہے مدام
باادب لیتا ہو نمین مرشد کا نام

پھر بڑا اکرام ہے معبود کا
ہے محمدؐ تاج سر داؤد کا

ہے لقب آغا ہمارے پیر کا
مرشد و ہادیِ با توقیر کا

پیر میرا ہے حسن کا لاڈلا
خاص رب ذو المنن کا لاڈلا

متحد جیسا محمد سے حسن
ہے حسن آغا مین یون پرتو فگن

جانشین شاہِ حسن کا ہو گیا
پھول عرفان کے چمن کا ہو گیا

تھا مئے منصور کا پیدا سرور
حق سے نزدیک اور ہر باطل سے دور

کچھ حسن سے پڑھ لیا ایسا سبق
سالہا جذب آشنا تھا محو حق

سالکی سے پہلے مجذوبی ملی
جب ہوا سالک تو محبوبی ملی

موہنی تھی دونون آنکھونمین بھری
تھی نظر کو یاد طرزِ دلبری

جس کو دیکھا اپنا دیوانہ کیا
آن مین بے مے کے مستانہ کیا

شام سے تا صبح بیداری کے ساتھ
عین مستی مین بھی ہشیاری کیساتھ

آئینہ تھا سامنے ہر دل کا راز
ظاہر و باطن مین سب کا دلنواز

بوالعلائی رنگ مین ڈوبا ہوا
نام پیران طریقت پر فدا

چاپلوسی کی نہ دولتمند کی
حرص کی جو راہ دیکھی بند کی

جسم اطہر پر نہ شیخی کا لباس
سبز و سرخ و زرد کو رکھا نہ پاس

تھا ہمیشہ تن پہ انگرکھا سفید
غم نہین میلا رہے وہ یا سفید

پان کے دامن پہ دھبے جابجا
یو ہین پہنا کب خیال اسکا کیا

لٹ پٹی دستار زیب سر تمام
دوش پر رومال کھادی کا مدام

سرحد دل مین نتھا داخل ریا
بے ریائی سے ہوا جو کچھ ہوا

ناپسندِ طبع تھی اچھی غذا
بے نمک کھایا کئے ہین سالہا

رخ ہمیشہ گاہ سرخ و گہ سفید
عاشقانہ رنگ چہرہ سے پدید

بیوضو لیتے نہ تھے پیرون کے نام
باوضو اوقات کٹتے تھے مدام

آپکی صحبت کا اتنا تھا اثر
دم مین کرتے بیخبر کو باخبر

وجد مین موئے محاسن آپکے
دیر تک دیکھا کہ رہتے تھے کھڑے

ہر طرف تھا فیضِ باطن کا اثر
اونکے دیوانے تھے بیتاب نظر

بیخبر عالم سے حق سے باخبر
دل کی جانب ہر گھڑی ترچھی نظر

تھے ابوالوقت آپ اسمین شک نہین
ذکر یزدان ہر گھڑی خاطر نشین

قطبیت تھی آپکو حاصل مدام
آپ تھے بحر کرامت لاکلام

آپ کے خادم ہزارون جان نثار
ہند مین بیحد عرب مین بے شمار

ایک عالم تھا دکن مین فیضیاب
خادم اتنے ہین نہین جنکا حساب

آپ کی کشف و کرامت بے شمار
سر بسر پاتک رحمت پروردگار

آپ تھے محبوب رب العالمین
آپ تھے انسان کامل بالیقین

پنجشنبہ کا تھا روز بہترین
نصف تھا ماہ ربیع الاولین

سہ پہر کے وقت وہ بدر کمال
کر چکے دنیا سے آخر انتقال

عمر گذری عشق و وجد و حال مین
خلد کو پہونچے اکہترسال مین

گفتہ ام سال وصال مرشدی
شد وفات رہبر دین نبی

۱۳۲۴ھ

آپ کا تخلص صحو تھا اُردو و فارسی مین غزلین فرمایا کرتے تھے شعر گوئی سے آپ کی غرض شاعری نتھی اکثر حالت وجد مین جو کچھ زبان فیض ترجمان سے ارشاد ہوتا خلوص مین قلمبند کرلیا کرتے تھے - نواب صادق جنگ بہادر سلمہٗ مولوی غلام محمد صاحب شوق عرب مولوی محمد عبد القیوم صاحب حفظ - ڈاکٹر احمد حسین صاحب مائل - جو سخنوران کامل اور آپکے عقیدتمندان راسخ الاعتقاد مین شامل ہین جب کبھی خدمت

بارکت مین حاضر ہوتے تو ارشاد فرماتے کہ بھئی ہم شاعر نہین ہین کچھ کہدیتے ہین موزنی
غیر موزونی تم جانو بعض اس غلام سے بھی ایسا ہی ارشاد ہوتا کہ بھئی ہمنے غزل لکھی
ہے۔ دیکھو اسکا عیب و ہنر تم ہی جانو ہمکو کہدینے سے کام ہے اور کبھی وزن کا بھی
لحاظ نہین رہتا تھا۔ اِس سے یہ نہ سمجھہ لیا جائے کہ آپ کی طبیعت موزون نتھی
اتفاق سے ایک آدھ مصرع اسطرح کا بھی نکل آتا تو اسکی پروا بھی نہین فرماتے تھے۔
بارہا دیکھا گیا ہے کہ بعض اہل علم شعر موزون کرنا تو کجا شعر کو صحیح وزن کے ساتھ نہین
پڑھ سکتے۔ اگر استغراق و محویت کی حالت مین ایسا ایک آدھ مصرع نکل آیا تو
یہ امر چندان قابل گرفت نہین ہے۔ اِس محل پر اتنا عرض کردینا بھی ضرور ہے کہ
ایسے حقیقت آگاہ و معرفت دستگاہ نفوس کے کلام پر کسی وجہ سے نکتہ چینی
کی نظر ڈالنا یا اصول عروض کے لحاظ سے جانچنا بالکل خطا اور اسراسر کوتہ بینی ہے
اول تو اس سبب سے کہ اِن بزرگونکی غرض شعر گوئی سے اِس فن کی تکمیل نہین ہوتی
ہے بلکہ واردات قلبی اور کیفیات وجدانی و اسرار حقانی افادۃً و افاضۃً بیان
کردینا مقصود ہوتا ہے۔

خوشتر ان باشد کہ سر دلبران	گفتہ آید در حدیث دیگران

اتفاقاً کہین وزن کا لحاظ نہ کیا گیا ہو تو کچھہ مضایقہ نہین۔ دوسرے یہ کہ علمائے منطق
و حکمت نے عروضیون کے برخلاف وزن کو شعر کی تعریف مین داخل نہین کیا ہے۔
چنانچہ وہ اسطرح تعریف کرتے ہین۔ الشعر ما ینبسط القلب او ینقبض ترجمہ شعر وہ ہے

جو دل مین سرور پیدا کردے یا غم۔ اِس قول کی تائید لائق مصنفون نے یون بھی
کی ہے کہ قرآن مجید کی پُرتاثیر اور حکمت آمیز آیات پر کفار حضرت رسول مقبول محمد
مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو شاعر کہا کرتے تھے حالانکہ کلام الہی نہ منظوم تھا اور
نہ آپنے کبھی ایک مصرع موزون فرمایا غرض اس برہان قاطع سے یہ بات اچھی
طرح پایۂ یقین کو پہونچ گئی کہ کلام موزون کے سوا جو فقرے اور جملے موثر اور اخلاق
و معارف سے بھرے ہون اُن پر بھی شعر کا اطلاق صحیح طور پر ہوسکتا ہے اور کسیطرح
بزرگون کے کلام پر اِس اعتبار سے نکتہ چینی کی جرأت نہین کی جاسکتی۔ آپ کی
اکثر اُردو فارسی غزلین جو مریدون کے پاس رہگئی ہین افسوس کہ دستیاب نہین
ہوسکین۔ آپکے بھائی حضرت آغا محمد قادر صاحب قبلہ کے پاس جو کچھ ذخیرہ تھا وہی
دیوان کی صورت مین مرتب کیا گیا ہے۔ حق سبحانہ تعالےٰ ہمارے دوست عزیز
برادر دینی مولوی محمد عبدالکریم خان بہادر شمشیر ناظم کرورگیری ممالک محروسہ سرکار
عالی کی ہمت اور بلند فرمائے اور اُنکے سینہ کو انوار باطنی سے ہمیشہ معمور اور اُنکے
بلوغ مراد کو مدام سرسبز و شاداب رکھے کہ اِس کلام معرفت انضمام کو شائع کرکے داخل
حسنات ہوئے اور پیر بھائیون و نیز دیگر صاحبان مذاق کی اس روحانی غذا سے
خاطر خواہ دعوت کی۔ پھر خیالات نے پلٹا کھایا طبیعت مین تاریخ گوئی کی اُمنگ پیدا
ہوئی اور اوسی روحانی عالم مین زبان سے بیساختہ نکلا ؎

ز بیچونی برنگ چون برآمد	ز دریا موج گوناگون برآمد

۱۳۳۲ھ

تقریظ انطباع دیوان ہذا نخیتہ طبع گوہر فشان آشنائے بحر عرفان عالی فکر معجز بیان شیرین سخن شیرین زبان عالیجناب حشمت مآب نواب صادق جنگ محمد جمال الدین خان بہادر ایڈی کانگ حضور پرنور اعلیحضرت والاشوکت رستم دوران افلاطون زمان سلطان ابن السلطان آصف جاہ مظفر الملک نظام الدولہ فتح جنگ حضرت بندگانعالی متعالی۔ نواب والا خطاب میر عثمان علیخان بہادر فرمانفرمائے مملکت دکن

صَانَہُ اللّٰہُ عَنِ الشَّرِّ وَالفِتَنِ ط

نسیج بحمدہ کا شور ہے صلوعلی حبیبہ کا غلغلہ۔ اللہ۔ اللہ کے نعرون نے عرش سے فرش تک مستانہ جوش وخروش کا رنگ جما دیا ہے۔ محویت کا نشہ دیکھتے کے دیکھتے وہ سر چڑہا آنکھین دل کی طرف جھک پڑین تصور نے طرفۃ العین مین کہین سے کہین پہونچا دیا۔ ہوش کیسا ہستی کی خبر نہین مزے کی گم گشتہ گی ہے اپنے کو فضا مین پا رہا ہون ؎

بیخیالی خیال ہے میرا		لا اُبالی کمال ہے میرا	

نگاہ اِس عرصہ نامتناہی مین دور تک پہونچی اور عجیب ہنگامہ آرائی دیکھی سیوکشان وحدت کی مجلس گرم ہے۔ سرمستان الست کا جمگھٹا ہو رہا ہے۔ کوئی وجد وحال

سے رقص مین ہے کسی کو عارفانہ قال کی سوجھ رہی ہے۔ ساری محفل سرشار ہے کسی کا انتظار ہے ہر گوشہ سے پکار ہو رہی ہے۔

ع الا یا ایھا الساقی ادر کاسا وناولھا

ادھر بھی دل مین اُمنگ پیدا ہوئی طبیعت مین زور کا ولولہ اٹھا۔ بادہ پیمائی کی ٹھہر گئی اُدھر والون سے چار آنکھین ہو رہی ہین۔ دل کھچا جا رہا ہے کسی نے للکارا۔

ع ھات الصبوح حیوا یا ایھا السکارا

یہ جوش مسرت سے بیخود بنانے والی آواز کانون مین پڑی اور قدم اپنی جگہ سے اُکھڑے آنکھ کھولی تو اُسی ہنگامہ آرا جمگھٹے مین موجود ہون۔ پرتو نور نے ان مستان محبت کے چہرون کی آب وتاب دوبالا کردی ہے۔ چوطرف متجسس اور حیرت کی نگاہون سے دیکھہ رہا ہون یکایک غل ہوا ؎

مابندگان سلسلۂ بوالعلائیم		آئینہ دار صورت حسن خدائیم	

آنکھین ساقی کو ڈھونڈ رہی ہین۔ کون ساقی ابوالعلائی دربار کا لعل شب چراغ۔ عزت اللہی گلشن کا لالۂ بیداغ۔ قاسمی خمکدہ کا سرمد۔ شفیعی باغ کا گل سرسبد۔ حسنی رنگ چمکانے والا۔ آتش شوق بھڑکانے والا۔ دمبدم نگاہون کا اضطراب اور دل کی بیچینی بڑھ رہی جا رہی ہے ادب مجلس کہتا ہے گردن جھکا لو۔ شوق نظارہ کہتا ہے دل کی حسرت نکالو۔ یہ ردوبدل ہو رہی تھی بادہ خوارون مین خوشی کی ہلچل پڑ گئی۔ آغای جان نثارون نے آنکھین فرش راہ کردین۔

ع ذرے لگے چمکنے کیا آفتاب نکلا

میرے ساقی کی شان دیکھنا۔ جبین ماہ حقیقت۔ ابرو ہلال معرفت۔ چشم ساغر بصیرت۔ بینی چراغ طریقت۔ دہن غنچہ ہدایت۔ لب گلبرگ شریعت۔ زبان کلید کمال۔ رخسار بدر جمال حلقہ گوش شعلہ جوالہ طور۔ موئے ریش خط شعاع نور۔ گردن صراحی رحیق خمخانہ لبسطامی۔ ہاتھ دستگیر افتادگان کوئے ناکامی۔ سینہ آئینہ صورت ایمان۔ پاؤن رہ نورد جادۂ عرفان۔ رنگ آیۂ کریمہ صبغۃ اللہ کا مشیر۔ سراپا فتبارک اللہ احسن الخالقین کی تفسیر۔ میرے ساقی کی سادگی دیکھنا۔ سر پر لٹ پٹی دستار جسم مین سادہ انگرکھا۔ دوش پر کھادی کا رومال دامن پر پان کے دھبے ہین خیال نہین۔ لباس میلا ہے پروا نہین۔ بے ریائی۔ خلوص۔ حسن عقیدت۔ چہرۂ خندان سے نمایان ہو رہا ہے۔ یہ گلزار عرفان کا عندلیب اب وہ پر اسرار نغمے سنائیگا سینے و فور جوش سے ابل پڑین گے۔ مجھکو میرے ساقی کا مسکرا کر یہ کہنا اب تک یاد ہے۔ ہم شاعر نہین ہین یون ہی کہہ لیتے ہین۔ مجھکو یہی خیال ہے جب مستی کے عالم مین میرے ساقی کے مُنہ سے پھول جھڑتے تھے تو خدام آنکھون سے اُٹھا کر دامن قرطاس مین بھر لیا کرتے تھے۔ میرے ساقی کی کرامت دیکھنا۔ سارے عشاق گھیرے ہوئے ہین۔ ہالہ مین چاند اپنی طلعت کا جلوہ دکھا رہا ہے۔ مین قربان سو سو کو ایک نظر مین لٹا رہا ہے۔ ساغر نہین ہے۔ مینا نہین ہے۔ مے نہین ہے فقط اشارے مین بیخود اور متوالا بنا رہا ہے۔ اسوقت کا رنگ زبان حال ہی سے

پوچھیے۔ ؎

عجب ہے کیفیت مستی مین پیدا	اِدھر مین مست اُدھر وہ دلربا مست

آن کی آن مین خودی بیخودی سے ہستی نیستی سے باخبری بیخبری سے ہشیاری بیہوشی سے بدل گئی۔ معلوم نہین مین کدھر ہون کہان ہون۔ مدہوشی کا عالم ہے۔ کسی نے کان مین یہ مژدہ پھونک دیا۔ ترانۂ صحو رنگ طبع مین جلوہ گر ہو رہا ہے صحو کون وہی میرا ساقی۔ بادۂ عرفان کا متوالا۔ میخانۂ عشق کا اُجالا۔ میگساران بیخودی میرے پیر میخانہ کا نام اسطرح ادب اور اکرام سے لیتے ہین۔ فلک معرفت کا ماہتاب۔ برج ولایت کا خورشید جہانتاب۔ پیر کامل روشنضمیر صاف دل حضرت آغا محمد داؤد رحمۃ اللہ علیہ۔ یہ معرفت کا چمنستان یہ بیاض رموز عرفان یہ درد خیز مضامین کا دیوان کس نے شایع کیا۔ اسکو رنگ طبع چڑھانے کا شرف کسکے بنک ہاتھون کو حاصل ہے وہ سامنے ہی کھڑے ہین۔ میرے پیارے بھائی۔ میرے ہم مشرب۔ میرے صادق الاخلاص دوست مولوی محمد عبدالکریم خان بہادر۔ شمشیر ناظم کرورگیری ممالک محروسہ سرکار عالی ہین اپنے مرشد کامل کو صدق دلی سے دیوان مطبوعہ نذر گزرانا۔ اللہ اُنکو اس صدق نیتی کے صلہ مین ہمیشہ بادۂ ابو العلائی سے سیراب اور اُنکے چمن مراد کو سرسبز و شاداب رکھے۔ آمین۔ بہرجناب ہاتف نے تقریظ پیش کی۔ حلم۔ تو بھی اپنی تاریخ پیش کر کے برکات سے مشرف ہو۔ ؎

طبع شد وہ چہ بیان دل افروز — کرد جان بخشی حلم صحوی
حلم خوش سال اشاعت گفتم — قلزم فیض کلام قدسی

۱۳ ھ ۳۲

تقریظ دیوان حضرت صحو رحمۃ اللہ علیہ

من مداح قاسم کوثر و سلسبیل جلیل القدر جناب حافظ جلیل حسن صاحب جلیل سلمہ اللہ الوکیل ملازم بارگاہ بادشاہ دکن خلد اللہ ملکہ

پیر و مرشد حضرت آغا داؤد صاحب ابو العلائی رحمۃ اللہ علیہ کے ظاہری و باطنی فیوض سے اس ملک کے تمام خاص و عام واقف ہین اُن کے کمالات علمیہ و عملیہ اور مقامات عالیہ نے اُن کو آفتاب ولایت دکن بنا رکھا تھا۔ یہ دیوان اُنہین کے باطنی جذبات و کمالات کا آئینہ ہے جسکو صوفیان باصفا اپنی محفلون مین سُن سُنکر وجد مین آئینگے۔ درحقیقت اُردو شاعری کی یہ بڑی خوش قسمتی ہے کہ ایسے مقدس اولیا اور باکمال خدارسیدہ بزرگوار اس مین حصہ لیتے رہتے ہین۔ چنانچہ خواجہ میر درد رح۔ شاہ تراب رح۔ حضرت امیر مینائی کے کلام فیض التیام سے ہماری اُردو شاعری مالامال ہے اور اب حضرت آغا داؤد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے دیوان کی اشاعت سے اس مین اور چار چاند لگ گئے ہین۔ معرفت۔ وحدانیت۔ عشق حقیقی۔ رموز الٰہیہ کا

یہ دیوان ایک مجموعہ ہے اور اسکا مطالعہ کرنا سب کے لئے سبق آموز حقیقت اور ترقی مدارج کا باعث ہے خان بہادر مولوی محمد عبد الکریم خان صاحب ناظم کرورگیری قابل مبارکباد ہین جنہون نے اِس مجموعۂ گران بہا کو چھپوا کر شایع کیا۔ جلیل حسن جلیل کان اللہ لہ

تقریظ از جناب مولوی محمد عبد القیوم صاحب وکیل حفظ آغائی ابو العلائی سلمہ اللہ تعالیٰ

فخر برادران دینی عالیجناب خان بہادر مولوی محمد عبد الکریم خان صاحب آغائی ابو العلائی کمشنر کرورگیری دام دولتہ و اقبالہ نے مرشدی و مولائی حضرت شاہ آغا صاحب قبلہ قدس سرہ کا کلام فارسی و اُردو یکجا جمع کرکے طبع کرایا ہے۔ اِس سے غرض یہ ہے کہ کلام موصوف کے مطالعہ سے ہم سب پیر بھائیون کو فائدہ پہونچے۔ خدا اُنکی دولت دنیوی و فتوحات طریقت دینی مین روز افزون ترقی کرے حضرت قبلہ قدس سرہٗ کی غلامی کا شرف مجھے ۲۲۔ شعبان سنہ ۱۳۰۱ھ کو نصیب ہوا اُسوقت سے خود بدولت کی مجالس مختلفہ مین حاضر رہا کرتا تھا۔ خصوصاً حضرت کے وصال شریف سے پہلے تخمیناً ۱۲ برس تک روزانہ صبح و شام میری حضوری چار گھنٹہ رہی ہے اور اکثر ہندوستان کے سفر مین بھی ہمرکاب عالی رہا ہون۔ حضرت کے عادات و خیالات و شعرگوئی و دیگر امورات دینی و طریقت و تصرفات و کرامات اس میری زمانہ حضوری کے

چشم دید ہین خود بدولت سے مینے سُنا ہے کہ حضرت نے سب سے پہلے جناب سید
حسین علی صاحب سے جو حضرت کے بیر بھائی تھے فارسی مین انشا خلیفہ پڑہا اُسکے
بعد سکندر نامہ پھر طغرائے ظہوری - فارسی مین اسیقدر مبلغ استعداد تھا عربی
و دیگر علوم سے کبھی کوئی تعلق بحیثیت علم ظاہر نہین رہا - ۱۳ یا ۱۴ برس کی عمر مین
حضرت آغا محمد حیدر صاحب علیہ الرحمت اپنے پدر بزرگوار کے ساتھ حضرت شاہ
محمد حسن صاحب قبلہ قدس سرہ سے بیعت کی - دو برس کے مجاہدہ مین جذبہ ہو گیا
اس جذبہ مین سالہا سال تک رہے اِس زمانہ جذبہ مین بہ تعمیل حکم یَا دَاوٗدُ اِنَّا
جَعَلْنٰکَ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً حضرت شاہ محمد حسن صاحب قدس سرہ نے
خرقۂ خلافت عطا فرمایا رفتہ رفتہ سلوک پر آئے جب بھی میرے چشم دید زمانہ مین کوئی
وقت حضرت کا سکر و جذبہ سے خالی نتھا لیکن اُسکے ساتھ صحو بھی غالب رہا کرتا تھا
کشف و کرامات کو بیحد پوشیدہ فرماتے تھے - سر سے پاؤن تک عجز کے پتلے تھے
شعر گوئی کی حالت یہ تھی کہ کبھی ارادۃً شعر نہیں کہا - بلکہ کیفیت غالب ہوئی اور اُسی
غلبہ مین جو کچھ کلام موزون فارسی ہو یا اُردو بے اختیار نکل آیا - حاضرین مین سے کسی
نے اُسکو لکھ لیا - باعتبار فن شاعری کوئی تعلق نتھا اکثر ایسا ہوا کہ اُس کیفیت مین اشعار
ناموزون بھی نکلتے تھے - لفظ صحو آیا ہے وہ اپنے لغوی اسلوب پر نہین ہے -
اِس دیوان کے اشعار درحقیقت اُنکا حال ہین یا واردات یا واقعات جسکو تقاضائے
کیفیت وقت نے موزون کرادیا - بسا اوقات ایسا ہوا ہے کہ آنکھ سے آنسو جاری ہین ڈاڑہی

کے بال کھڑے ہوئے ہین - آنکھ بیحد متوالیان ہین اشعار زبان سے بے ساختہ
نکلے چلے جا رہے ہین یہ حالات میرے چشم دید ہین - چونکہ اِن حالات مین اشعار
خود بخود کہے گئے ہین اسلئے طالبین راہ طریقت کے واسطے عجیب و غریب پر تاثیر
و مختلف قسم کے نسخجات امراض روحانی و قلبی ہین - کہین حضرت مولنا روم رحمۃ اللہ
علیہ کے اشعار کی سی کیفیت ہے - کہین حضرت حافظ شیراز کے سے کہین حضرت
امیر خسرو و جامی کی بو آتی ہے - جسقدر اولیاء کے اشعار ہین وہ درحقیقت اُن کے
احوال و واقعات و انکشافات کا مجموعہ ہوا کرتے ہین - یہی وجہ ہے کہ اِن حضرات
کے اشعار مین آورد کا نام و نشان تک نہین ہوتا نہ فنون شاعری کے مطابق خواہ
مخواہ اُسکا ظہور ہوتا ہے - جن حضرات کو راہ طریقت کا ذوق ہے اُن کو ان اشعار
سے حضرت قدس سرہٗ کے مراتب و احوال عالی کا پتہ چلانا کوئی دشوار امر نہین ہے -
لیکن جو محض فن شاعری کے اعتبار سے اِس دیوان کو مطالعہ فرمائین گے اُنکے
سمجھہ مین بعض اشعار قطعاً نہ آئین گے - بلکہ وہ مختلف جہات سے اعتراضات
کرینگے جس سے احتراز خود اُنکے حق مین مفید ہوگا - اِس موقع پر حضرت کے مختصر طور
پر عادات کا تذکرہ خالی از فائدہ نہین ہے - سلوک پر آجانیکے بعد حضرت کی عادت
تھی کہ ساڑہے بارہ بجے شب کے بیدار ہو کر تہجد پڑہتے اور صبح تک مراقب رہتے -
اس درمیان مین کبھی کروٹ تک نہین بدلتے تھے صبح کی نماز کے بعد حلقۂ توجہ ہوتا
اور اُس سے فارغ ہونے کے بعد کبھی مثنوی شریف مولانا روم کا سبق ہوتا اور اُسکے

مضامین جناب حافظ محمد اسمعیل صاحب سے جو ہمارے بھائیون مین باعتبار علم و
عمل واحوال ایک فرد مختص ہین بیان کرتے اور سب سماعت کرتے۔ کبھی مدرسہ
کے طلبا کی یاد ہوتی اور وہ حدیث شریف پڑہتے بعدہٗ رخصت ہوتے۔ چار بجے دن
کے حضرت قبلہ کے اکثر غلامان جمع ہوتے اُسوقت کسی نہ کسی بزرگ کی تالیف شدہ
کتاب پڑہی جاتی تھی۔ بوقت مذکور حضرت پر جذبات کا غلبہ رہتا تھا غلامون کے
اصرار پر خود ہی مضامین بیان کرتے۔ مگر اُسکی تاثیر یہ ہوتی کہ جو لوگ صاحب ذکر یا مقامات
ہوتے تھے اُن پر احوال طاری ہو جاتے تھے یہ صحبت مغرب تک گرم رہتی تھی۔
کشف وکرامات سے اسدرجہ نفرت تھی کہ اکثر یہ اشعار پڑہتے

اشعار

طریق عاشقی از خود رہائی است	نہ قطع منزل وطے مقامات
من وستی وذوق مے پرستی	چکار آید مرا کشف وکرامات

عاجزی کی حالت یہ تھی کہ کبھی اپنے آپکو شیخ نہین سمجھتے تھے اور طالب کو یہ لفظ مرید
یاد نہین کیا اور نہ کبھی اس لفظ کو زبان پر لائے۔ اگر کسی ناواقف شخص نے کسی مرید
کی نسبت کیفیت وتعلق پوچھا تو یہ فرمایا کہ میرے عزیز ہین۔ یا حضرت شاہ محمد حسن
صاحب قبلہ قدس سرہ کا تعلق بتایا آداب آلہی وحضرت رسالت پناہی اسدرجہ تھا
کہ لفظ اسم ذات زبان سے سوائے اوقات نماز کے کبھی نہین نکالتے تھے لفظ اشارہ
(وہ) فرماتے اور حضرت رسالت پناہی کا اسم مبارک زبان سے نہین نکالتے تھے

نماز کی حالت یہ ہوتی تھی کہ اکثر اوقات شدت کیف وجذب کی وجہ سے دو رکعت کی
جگہ پانچ رکعت ایک سجدے کی جگہ متعدد سجدے ادا کر دیتے تھے اور کبھی کبھی جہت قبلہ
بھی متغیر ہو جاتے تھے کبھی شدت کیفیت کی وجہ سے نماز مین وجد ہو جایا کرتا تھا اس
سبب سے بیٹھکر نماز ادا فرماتے تھے باوجودیکہ اخیر زمانہ عمر مین دو زانو نہین بیٹھ سکتے تھے
لیکن جسطرح ممکن ہو انماز کے ادا کرنے مین کوئی کمی نہین ہوئی۔ بیماری مین اگر اُٹھا نگیا تو
لیٹے ہوئے اشارات سے نماز پڑہتے تھے شب خیزی کی وہی حالت رہی اکثر دائم
المرض رہتے اگر ہفتہ عشرہ مزاج اچھا رہا تو فرماتے معلوم ہوتا ہے کہ عتاب ہے اسکے
بعد بیمار ہونا لازمی تھا۔ بیماری مین نہایت خوش رہتے۔ دن بھر غیر اشخاص کے سامنے
سوائے دنیاداری کی باتون کے کوئی اور بات زبان سے نہین نکالتے تھے۔ معارف
وحقائق اور اپنے مکشوفات کے متعلق کبھی زبان سے ایک لفظ نہین فرمایا۔ مریدین
پر جو احوال طاری ہوتا انکو سماعت فرمانے کے بعد ضرورت ہوتی تو اصلاح فرماتے یا
کوئی عمدہ اعلیٰ درجہ کی حالت ہوتی تو حکم دیتے کہ دوگانہ شکریہ ادا کرو لیکن یہ نہ فرماتے کہ یہ
کس مقام کی بات ہے تاکہ طالب مین ریا نہ آجائے عجز وخلوص ومحبت اگر کسی مین ہوتا
تو اس سے ہمیشہ فرماتے خلق محمدی کی تعمیل مین ہمیشہ آمادگی چاہیے۔ مریدین مین ہر
شخص یہ سمجھتا تھا کہ مجھپر بہت سرفرازی ہے اگر مریدین مین کوئی شخص طلب حق مین سرگرم
رہتا تو ہر طرح سے اُسکے خادم بنجاتے۔ مالی دشواریون مین اُسکی تائید فرماتے۔ اگر کسی مرید
کو تلقین ذکر کرنا ہوتا تو یہ فرماتے کہ آیا کرو مین کچھ کہونگا لفظ ذکر زبان سے نہین نکالتے تھے

ایکبار ایسا اتفاق ہوا کہ مینے یہ عرض کیا کہ توجہ طریقہ نقشبندی تو روزدی جاتی ہے
بالعلانی طور کی توجہ سے بھی کبھی سرفرازی ہو تو ارشاد ہوا کہ بھئی مجھے کیا آتا ہے تم
لوگون کے ساتھ برکت لینے کو اور پیرون کی سنت ادا کرنے مین بھی بیٹھ جاتا ہون مینے
عرض کیا کہ وہ بھی تو پیرون کی سنت ہے مسکرا کر خاموش ہو گئے۔ اگر کبھی کسی سے اپنے
خواب کا ذکر کیا اور خود پر غلبہ وکیف طاری رہا تو یہ شعر پڑہتے ؎

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم	چو غلام آفتابم ہمہ زافتاب گویم

مینے اکثر مجاذیب کو دیکھا ہے کہ ہمیشہ اُنکے روبرو مودب رہتے۔ ہر شخص کی مجال نہین
کہ کوئی گفتگو اُن سے جسطرح جی مین آیا کرتا۔ خود بخود رعب طاری رہتا تھا۔ احکام شریعت
کی پابندی کا بڑا خیال ہمیشہ دامنگیر رہتا تھا۔ حالات وارشادات وعادات وکرامات
حضرت کے اسقدر کثیر ہین کہ اگر اُنکا اجتماع کیا جائے تو ایک بہت بڑی کتاب ہو جائے۔
اگر کوئی صاحب قلب ہے تو اسوقت مزار پر آکر روحانیت شریف کیطرف متوجہ ہوئے تو
راقم نے جو کچھ لکھا ہے اوس سے زیادہ وہ حقیقت حال سے بقدر مناسب خود واقف
ہو جائے گا۔ خدا تعالے جناب خانصاحب بہادر کو زندہ رکھے اور جملہ مرادات دینی ودنیوی
مین اُنکو کامیاب کرے کہ اُنہون نے حضرت کے کلام پر فیض کو طبع کرایا اور حضرت کے
سب غلامون کے حق مین تقسیم فیض کے باعث ہوئے۔ این دعا از من و از جملہ جہان آمین باد

خاکپائے سگان آغائی ذلیل عبد القیوم وکیل

تقریظ دیوان صحو

رنجتہ طبع زرین سیادت ونجابت دستگاہی شفیق بحال بندگان الہی۔ واقف
اسرار خفی وجلی جناب میر امیر علی صاحب متولی آستانہ حضرت سلطان الہند غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

الحمد للہ کہ مقبول بارگاہ ودود شاہ آغا محمد داؤد رحمۃ اللہ علیہ کا اُردو فارسی کلام جس کو
محب الفقرا مونس الغربا خان بہادر محمد عبد الکریم خان شمشیر ناظم کرور گیری ممالک محروسہ
سرکار عالی نے بڑی تلاش اور کوشش سے جمع کر کے ترتیب دیا ہے طبع ہو گیا۔ مصنف
قدس سرہٗ کی تمام عمر کسب کمالات باطنی مین گذری ترتیب غزل سے اظہار شاعری ہرگز
مقصود نتھا بلکہ محض بغرض فیضرسانی اظہار حال کے لئے کلام موزون اختیار کیا
گیا تاکہ سماع کی مجلسون مین سالکان طریقت کے لئے ترقیات مدارج کا باعث ہو
ظہور وبطون ہر شے کے لئے لازم ہے۔ لیکن اہل باطن کی نظر ہمیشہ بمصداق
مصرع ما درون را بنگریم وحال را * بطون ہی پر پڑتی ہے۔ اس کلام کے مضامین
ومعانی پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر غزل حقایق کے موتیون کی لڑی
ہے جسکی اہل دل کو جستجو اور اہل سماع کو آرزو رہا کرتی ہے۔ اگرچہ صنایع بدائع
کی طرف مصنف نے التفات نہین فرمایا لیکن مضامین کی نزاکت اور معانی کی نفاست
سے جو اصل الاصول شاعری ہے سارا کلام معمور ہے جسپر اہل دل مرتے ہین

شاہد آن نیست کہ موئے ومیانے دارد	بندۂ طلعت آن باش کہ آنے دارد

حق جل وعلیٰ اس متبرک دیوان کا فیضان جاری رکھے اور مصنف کو اعلیٰ مدارج وعلیہا فریدک پہونچائے۔ اور جامع دیوان کو دین ودنیا مین اپنے شیخ کے دوش بدوش رکھے۔

تقریظ دیوان صحو

من نتائج طبع اقدس جناب کرم انتساب سید نثار احمد صاحب اسلمہ اللہ انواب جانشین متولی صاحب درگاہ معلّی حضرت خواجہ خواجگان رضی اللہ عنہ

غازہ کش روئے الف۔لام میم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ستایش مرستودۂ راسزد کہ فلزم دلہا را از امواج صفات خویش جوش دادہ ودہ ہوشان میخانہ الست را از بادۂ معرفت ہوش۔ وتحفہ درود نامحدود مرنبی را رسد کہ اولین موج بحر وجود است وعلت ایجاد ہمہ ہست وبود صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

تسخیر دوکون رایت او	تفسیر دو حرف آیت او

امّا بعد میگوید عبد ضعیف سید نثار احمد عفی عنہ جانشین متولی درگاہ معلی کہ لاریب دیوان فغفر شاہ آغا محمد داؤد صاحب نقشبندی ابو العلائی المتخلص بصبو گلدستہ ریاض سخن است وشمع دل افروز انجمن زہے کلامیکہ اگر بر متکلم ناز دسزاست وخہے متکلمیکہ اگر بر کلام خویش بوجد آید روا۔ حرف حرفش آئینہ رونمائے دلست ولفظ

لفظش غازۂ چہرۂ جوہر آب وگل۔ نقطہ نقطہ اش سویدائے دلہاست ونکتہ نکتہ اش کلید در اسرار مشکلہا ؎

این نغمہ تر کہ در نو ردا ست	یک نالہ بصد ہزار درد است

آفرینندہ دیوان ہستی این فانوس خیالی را از شمع قبولیت روشن گرداناد ولمعات انوارش تا کاخ ملا اعلےٰ رساناد۔

ع این دعا از من واز جملہ جہان آمین باد

بالنبی وآلہ واصحابہ امجاد۔

از قلم رنگین رقم صاحب الفضل والیقین حضرت مولانا محمد نور الدین صاحب اسلمہ اللہ تعالےٰ

مدرس مدرسہ معینیہ عثمانیہ واقع روضہ منورہ حضرت خواجہ بزرگ رضی اللہ عنہ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ۔ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ سَرَّنِیْ مُطَالَعَۃُ الدِّیْوَانِ لِشَاہٍ اٰغَا مُحَمَّدْ دَاؤُدْ صَحْوُ النَّقْشْبَنْدِیُّ الْاَبُو الْعُلَائِیُّ اَنَارَ اللّٰہُ لَہُ الْبُرْہَانْ۔ وَوَہَبَ اِنْشِرَاحَ صَدْرٍ لِاِنْکِشَافِ اَسْرَارِ الْعِلْمِ الْحَقِیْقِیْ۔ وَہُوَ وَاِنْ کَانَ فِیْ ظَاہِرِ الدِّیْوَانِ لٰکِنْ اِذَا غَمَضْتُ فِیْہِ نَظَرِیْ فَاِذَا ہُوَ مَنَارَۃُ الْبُرْہَانْ فَلِلّٰہِ دَرُّ الْمُصَنِّفْ۔ وَاَرْجُوْا مِنَ اللّٰہِ الْوَہَّابْ اَنْ یَّجْزِیَ لِمُحَمَّدْ عَبْدُ الْکَرِیْمْ خَانْ شَتْشِیْرَ جَزَاءً حَسَنًا بِجَمْعِہٖ اَشْتَاتَ ہٰذَا

الدِّیوَانُ - وَیَنْفَعَ بِمُعَائِنِہٖ وَاَسْرَارِہٖ طَالِبِیْ مَعَارِفِ الرَّحْمٰنِ
اٰمِیْن بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ صَلٰوۃُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
وَاَنَا الْعَبْدُ الْمُذْنِبُ لِلْمُسْلِمِیْنَ مُحَمَّدُ نُوْرُ الدِّیْنِ الْاَجْمِیْرِیْ عَفَا اللّٰہُ عَنْہُ

ترجمہ مجھکو اس دیوان کے دیکھنے سے بہت خوشی ہوئی اور اسرار و نکات تصوف کے دریافت مین بہت بڑی مدد ملی - یہ بظاہر ایک دیوان ہے لیکن جب گہری نظر سے دیکھا جائے تو تاریکی مین چلنے والون کے لئے ایک روشن مشعل ہے - مین خدائیتعالےٰ سے دعا کرتا ہون کہ اس دیوان کے پراگندہ اوراق کے جامع مولوی محمد عبدالکریم خان بہادر مشیر ناظم کرد گیری ممالک محروسہ سرکار عالی نظام خلد اللہ ملکہ کو جزاے خیر عطا فرمائے اور طالبان علم حقیقت کو اسکے بیش بہا مضامین عالیہ سے بہرہ ور فرمائیے - آمین

رنجتہ کلک گوہر سلک مقبول بارگاہ پیران عظام جناب مولوی محمد غوث الاسلام صاحب صابری مدرس مدرسہ معینیہ عثمانیہ درگاہ شریف حضرت خواجہ غریب نواز رضی اللہ عنہ

حامداً و مصلیاً - سبحان اللہ بیشک شاہ صاحب کا کلام معرفت الیتام اسرار وحدت کا خزینہ اور بزم کثرت کا آئینہ ہے - ہر لفظ دل معنی سرشت کیلئے معنی خیز اور ہر حرف مشام حال عشاق کو عطر بیز ہے - ہر مصرعہ سرو قدان طناز کی مژگان دراز کی طرح نشتر ہے و ہر شعر شہیدان ناز کیلئے شمشیر دو پیکر - اگرچہ بظاہر اس نظم تابناک کا چہرہ شاعرانہ صنائع و بدائع کے خال سے سادہ عذاران کے عذار سادہ کیطرح خالی ہے - مگر معنی نقطہ نقطہ مرکز دائرہ ایقان و مردم دیدہ عرفان ہے - ؎

آنرا کہ درے زنکتہ بازاست	ہر حرف جریدۂ درازست

حضرت مصنف رحمہ اللہ تعالےٰ نے اسمین شک نہین کہ اُن اندرونی جذبات کو جو حالت سلوک مین پیدا ہوئے دلکش نظم کے پیرایہ مین اظہار فرمایا ہے - خدائیتعالےٰ اس گوہر نظم دلکشا کو آویزۂ گوش قبولیت فرمائے - آمین - محمد غوث الاسلام صابری عفی عنہ مدرس فارسی مدرسہ معینیہ عثمانیہ واقعہ درگاہ معلے دار الخیر اجمیر -

التماس جامع اوراق

اُذکُر کتاب داؤد دلے دل — ہر دم بہ لحن دلکش جان دہ

گر در شک است نادان تو بگو — فاتوا بسورۃٍ من مثلہ

خدائے بلند و برتر کی کتاب یا سرور کائنات علیہ التحیۃ و الصلوۃ کی حدیث یا اولیا اللہ کی تصنیفات یہ سب ایسے مجموعے ہین جن پر دیباچہ یا تقریظ لکھنا شمشیر حقیر کے امکان سے بالاتر ہے - لہذا میرا مقصود ان چند سطور ذیل سے اسکے سوا اور کچھ نہین کہ اس مبارک دیوان کی ترتیب کے اسباب پر روشنی ڈالی جاے - بدر السالکین شمس العارفین - تاج الاولیا - سراج الاصفیا - کمال طریقت - جمال حقیقت - شیخ الاسلام و المسلمین وارث الانبیا و المرسلین - صاحب اسرار الٰہی سراپا باوصاف صحو صاحی - سرمایہ رحمت رب ودود آغا محمد داؤد قدس سرہ العزیز نے جب سجادۂ ابو العلائی پر جلوہ فرمایا اور اعلاء کلمۃ اللہ کا بیڑا اُٹھایا تو جسنے دست ارادت اوس وارث انبیا کے ہاتھ مین دیا ید اللہ فوق ایدیہم کی تفسیر معنوی کا نظارہ کیا - چونکہ قبلۂ عالم رنسبت چشتیہ کا غلبہ تھا لہذا اکثر اوقات عرفائے متقدمین کے کلام سے مجلس سماع گرم رہا کرتی تھی - بسا اوقات حالت ذوق و شوق مین جس شعر پر کیفیت طاری ہوئی اُسیکے بحر و قوافی مین زبان حق ترجمان نے جذبات قلبی کا ترجمہ کر دیا ؎

شرطست بتان را کہ چو در ناز آیند	وز روے کرشمہ شیوہا بنماید
گہ غمزہ زنند گاہ زلف آرایند	اینہا ہمہ چیست تا دلے برباید

شیخ قدس سرہ العزیز کا کلام جسقدر صورت ظاہری مین صنایع شاعری سے بے نیاز ہے اُسیقدر بلکہ اُس سے بڑھکر بلحاظ مضامین اہل باطن کا مایۂ ناز ہے - کسی نے خوب کہا ہے

ز عشق ناتمام ما جمال یار مستغنیست	باب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روئے زیبا را

غرض یہ کہ یہان جسنے بحر معانی مین غوطہ لگایا گوہر معرفت پایا - اور جو محض نشست الفاظ کی تلاش مین رہا اُسنے کچھ نہ پایا ؎

این بوئے نہ بوئے بوستانست	این بوئے ز کوے دوستانست

غرض مخدوم رحمۃ اللہ علیہ کے کلمات طیبات جمع نہین رہے بلکہ حاضرباشان خانقاہ مین سے جس آستانہ بوس نے جو کچھ پایا اوس سے حظ اُٹھایا - وصال شیخ قدس اللہ سرہ کے بعد جب یہ سلسلہ حال و قال منقطع ہو گیا تو وہ دلدادگان سماع جو کلام شیخ کی شراب معرفت کے عادی ہو چکے تھے تشنگی سے تڑپنے لگے اور ناچار اون سابقہ اشعار کو جو شعر محبوب کی طرح پراگندہ ہو رہے تھے جمع کرنے کی ضرورت پڑی تاکہ اُنکی تکرار موجب تسکین دل بیقرار ہو -

یہان اس امر کا اظہار بیموقع نہوگا کہ کلام کے لئے متکلم کا لخت جگر ہونا مسلم ہے تو اسمین شبہہ نہین کہ شیخ کے ملفوظات نظم ہون یا نثر مریدون کے پیر بھائی ہین جنکی خدمت و اطاعت ہر مرید پر واجب ہے یہی وجہ ہے کہ ملفوظات شیخ کو جمع کرنے کی رسم قدیم

اتیناداود زبورا

الحمد للہ کہ دیوان بحر عرفان عمدۃ الاولیا قدوۃ الاصفیا واقف اسرار الاہوتی
کاشف سرائر ملکوتی مصدر کمال ذات معبود حضرت آغا محمد داود نقشبندی
ابو العلائی قدس اللہ سرہٗ العزیز
الموسوم باسم تاریخی

دفتر رحمت

۱۳۳۲ھ

المعروف

دیوان صحو

حصہ اوّل فارسی

حسب فرمایش عالیجناب بذل و فضل مآب ناہج مناہج تحقیق عارف معارف تدقیق آشنای قلزم معرفت
غواص بحر حقیقت عندلیب گلستان ابو العلائی پروانۂ شمع جمال آغائی صفا حسب السیف والتدبیر خان بہادر
محمد عبد الکریم خان شمشیر زادہ اللہ التوفیق ناظم کروگیری ممالک محروسہ سرکار نظام حیدرآباد دکن خلد اللہ ملکہ وسلطنتہٗ
باہتمام حافظ فیاض الدین منیجر

ابو العلائی اسٹیم پریس آگرہ مین چھاپا گیا

(ہلال نوشت)

مسنون فی الطریقت سمجھی گئی ہے خدا کا شکر ہے جسنے اِس خاک نشین - آستانہ آغائی کو
ان ملفوظات منظومہ کے جمع کرنے کی توفیق عطا فرمائی - اگرچہ اِس جمع و ترتیب مین بہت
محنت اُٹھائی لیکن اسکے صلہ مین نہایت گران بہا چیز ہاتھ آئی یعنی اپنے مخدوم اپنے
ہادی دو جہان کے ملفوظات کا ایک حصہ جمع کرلیا اور پیران طریقت کی سنت ادا ہوگئی
جسکی برکت سے آج مین اپنے برادران معنوی کو اپنے سامنے مجتمع دیکھ رہا ہون لاؤ اب
ان اخوان الطریقت سے رخصت ہولون تاکہ وہ اس فیضرسانی مین مصروف ہوجائین
جسکے لئے جمع کئے گئے ہین -

بھائیو ایک وہ زمانہ تھا جو تمہاری جستجو مین گزرا پھر خدا کے فضل سے وہ دن آئے کہ
مینے تمکو جمع کرکے بترتیب بٹھایا اور تمہاری ملاقات کا لطف اُٹھایا وہ سہانی راتین جو
تمہاری میٹھی میٹھی باتون مین گذرین کبھی نہ بھولین گی - اور وہ نور کے ٹکڑے جب مین
تمہارے نظارہ سے اپنی آنکھون کو منور کرتا تھا ہمیشہ یاد رہین گے - آؤ میرے سینہ
سے لگ جاؤ کہ مین تمکو اِس مبارک کام کے لئے رخصت کرون جسکے لئے تم جمع کئے
گئے ہو - اگر جاؤ ابو العلائی مطبع مین چھپو اور آغائی بندون کی نگاہون
مین بسو - ہزارون برادران طریقت تمہارے مشتاق ہین اُنکی گود بھرو اور اُن کی
آنکھون کو اُس عالم قدس کے جلوون سے منور کرو جہان سے تم آئے ہو - خدا ہر
جگہہ تمہارا حافظ و ناصر ہے - اچھا رخصت فی امان اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱) **ردیف الف** (۵)

کس نمیداند بعالم یار میداند مرا
چاک دامن از جنون هر تار میداند مرا

از صفائی شد بهوید امعنی حبل الورید
کافر اندر گلو زنار میداند مرا

هر که منکر از نبوت در ضلالت تا ابد
انچه آمد در دلِ اغیار میداند مرا

این نه آن و آن نه این و مطلقند اطلاق را
سرِ منصورم بناشد دار میداند مرا

(۲) هست دریا غیر دلبر صحو نزد عاشقان
خویشتن را خویشتن بیمار میداند مرا (۵)

می تپی در پهلوئے من هر زمان ایدل چرا
گشتهٔ از خنجر ناز و ادا بسمل چرا

چون در میخانه واشد تا توانی می بخور
از شراب لطف ساقی این زمان غافل چرا

یک قدم برخود نهادم دیگرے اندر سرا
در حریم دل رسیدم رهبر منزل چرا

چون امانت را ربودی وائے بر دزد کمین
دیده نگران پیش مردن بر رخِ قاتل چرا

(۳) هر زمان از غیب تاکیدے رسد بی کام و لب
من چه گویم صحو شد دل آنطرف مائل چرا (۴)

اے دل تو باش بر درِ سلطان اولیا
یابی بفخر تاج زبرهان اولیا

قاصر بعجز نیست کسی را مجال نیست
در ذوق و شوق جذبهٔ عرفانِ اولیا

اُو رشتهٔ بدست دلم همچو گوهرے
در سلک منسلک بمجان اولیا

(۴) در جستجوئے خویش رسیدم باین مقام
دل هست صحو محو بهر شان اولیا (۵)

دل من شد است شیدا بخدا بیا نگارا
بلبم رسید جانم زخ خود نما خدارا

خبرے زخود ندارم خبرم باُو رسید است
چه عجب اگر تو پرسی زرقیب حال مارا

زتجلیم بحیرت شده آسمان خمیده
غم من اگر بیفتد شود آب سنگ خارا

شده سیر گاهِ مند بدریچهٔ حضورم
بنظاره ات بدوزم همه عمر چشم وارا

(۵) بکنم زدیده پائے اگرم طلب نمائید
بهمه صحو یار ب در پاک بوالعلا را (۶)

قاصدم نامه‌رسان آن مهربان خویش را
من چو انعامے دہم این نقد جانِ خویش را

بر سر نامه چه بنگارم بگوئے نامه بر
شد فراموشی ز خود نام و نشانِ خویش را

این جهان و آنجهان در هم کنم بر هم زنم
کاش گر شمه بگویم داستانِ خویش را

وائے بر من کار کردم هیچ بر ز انجام آن
منفعل هستم چه گویم داستانِ خویش را

تا بکے خنجر نمائی اینچنین اے جان من
مرهم وصلت بده تو کشتگانِ خویش را

(۶) در رضایت جان و دین را هم فنا بنمود صحو محرم رازے بفرما عاشقان خویش را (۵)

بیا جان جانان ببین جان ما را
ملیب آمده جان کرم کن خدا را

ز دیر و حرم یک همین مقصد من
که بے پرده بینم بهر جا شما را

منم مستحق و طلبگار نعمت
شهنشاه جانم عطا کن گدا را

تو هر دم کنی لطف بر جان عاشق
چه داند اجل کارهائے قضا را

(۷) ز سر تا بپا صحو من محرم تست سپرده بتو نام و ننگ و حیا را (۷)

اگر آن ترک بغدادی برد از دست ایمان را
فدایش من کنم اینک خداوندا دل و جان را

بیادت محو اهل کعبه و بیت الصنم هردو
مطیع خویشتن کردی تو هندو و مسلمان را

تو دائم میروی بر آسمان پاک اے سرور
خدارا تو بگو احوالِ من سلطان خوبان را

جمالِ آفتاب تو درون سنگ اگر افتد
کند پر نور مانند قمر لعل بدخشان را

تو ابر رحمتی دائم بکن رحمت بکشتِ دل
بجائے دانه دروه گوهر مقصود دهقان را

رقیبان شور کردند و ندا بر آسمان رفته
بخانه یار ما آمد مبارک باد دایان را

(۸) مرا اے صحو گو چیزے چه باشد در پرده که هستم محو حیرت تا شرف داده چه انسان را (۴)

جز جمال دلربائے خوش نمے آید مرا
بادشاهم بینوائے خوش نمے آید مرا

گنج پنهانست در دل جستجوے سود نیست
در بدر طرز گدائے خوش نمے آید مرا

میکنم من حکمرانی بے تصرف در جهان
این سریر و تاج شاهی خوش نمے آید مرا

(۹) صحو نامم موج آب هستی من جمله آب ازنم دریا جدائی خوش نمے آید مرا (۵)

واله حسن و جمال عاشقانِ بوالعلا
تا ابد محو فنا از رفتگانِ بوالعلا

در میانِ هر دو عالم غلغله پیدا شود
متر شان گویم اگر از داستانِ بوالعلا

ننگ آید گر بگویم از غلامان ویم
هست دائم شور افزا خاندانِ بوالعلا

لاتعین در تعین شد نهان گوید سخن
بے صدا بے حرف آمد از زبانِ بوالعلا

(۱۰) صحو مضطر روز و شب این ورد دارد زیر لب همچو دریا کے شود بر آستانِ بوالعلا (۵)

عجب رنج و تعب دارم مرا افتاد مشکلها
شکسته پائے در راهے چگویم سیر منزلها

شراب صاف می بینم درون شیشه هر دل
دلے غافل ز حال خود بجوید سیر کاملها

مثال شمع و پروانه فداسازم دل جان را
قضا خود بازماند بنگرد چون ذوق بیدلها

بجان و دل اگر شنود هر انچه پیر فرماید
بیک ایمای چشم او کند طی راه منزلها

(١٠) ببین اے صحو گلزارم درون سینه انوارم
که آتش در دلم برعرش چون روشن قنادلها (٧)

کنده شد اندر نگین قلب نام بوالعلا
زان سبب مشهور گشتم من غلام بوالعلا

چون ز ارشاد علا شاه حسن بالا بگفت
جان و دل ازما ربوده آن کلام بوالعلا

از زمین تا آسمان محکوم فرمان تواند
تا بگوش آکار من کن اے کلام بوالعلا

میرم و زنده شوم صد مرتبه در ذوق عشق
جان تازه میدهد قربان نام بوالعلا

هر یکے گل شد مگر من خار گشتم درمیان
خار را تو گل بکن اے فیض عام بوالعلا

بر تو قربان میشوم للله رسان این تحفه
اے صبا سر خم کنم بهر سلام بوالعلا

بهر ما هستی توئی پیران پیر و دستگیر
دست مایان را بگیر اے فیض عام بوالعلا

(١١) تیغ نظر جست گلوے مرا
تاب کجا پیش تو روئے مرا (٤)

تشنهٔ خونم شدی اے جان من
تیغ تو بوسید گلوئے مرا

از کرم قلزم زخار خویش
پر بکن از آب تو جوئے مرا

(١٢) مژده که از پرتو او دل بسوخت
صحو ببین گرمی روئے مرا (٧)

صبا تو آمدی لیکن بگو که یار کجا
کجا گذاشتی آن سرو گلعذار کجا

دلم چو بلبل نالان شدست نغمه سرا
بجان فدائے تو ام موسم بهار کجا

گذشت ما و من و نیستم تو توئی هستی
خودی برفت و شدم هیچ و دو نگار کجا

بسوز هجر شکسته پرم چو پروانه
مرا به بزم تو اے شاه دخل و بار کجا

بیا و غیرت لیلیٰ مدام مے بخورم
سرور هست همیشه دلا خمار کجا

هوس بعشق تو دارند عیسی و موسیٰ
جنید و شبلی و عطار در شمار کجا

(١٣) بگو دگے و جوانی دوید صحو حزیں
گذشت عمر و ولے هست آن دیار کجا (٥)

برده دلم ز پهلو شوخی بکن خدارا
اے بادشاه خوبان ممتاز کن گدارا

یارب امید دارم تا آرزو برآید
بوسم بچشم جانم آن یار آشنا را

بارے کرم تو فرما بینم چو روئے زیبا
از کج کلاهی خود ظاهر بکن ادا را

وعده قریب آمد مدت تمام گردید
اے شاه با نوا کن درویش بینوا را

(١٤) اے صحو حال خود را جز خود کرا بگویم
سوز و شرارهٔ دل کام و لب و صدا را (٥)

فیض اقدس شد هویدا از خیال بوالعلا
شیفته فیض مقدس بر کمال بوالعلا

فیض فیاض ازل را هر زمان شان دگر
مظهر شان شیون است این جمال بوالعلا

روئے آل مصطفیٰ شد جلوه گاه ذات و صفات
طالب و مطلوب بینم از وصال بوالعلا

ذات مطلق شد مقید اندرونِ کائنات | لامثال آمد بعالم هر مثال بوالعلا

(۱۵)

نطق ناطق گم شود اے صحو من پیشِ حسن
از کفم دل مے رباید قیل وقال بوالعلا

(۷)

چون به بینم یک نظر من سوئے راه بوالعلا | مردم چشمم رود تا خوابگاه بوالعلا
سید عالی نسب هم تاج گیر و تاج بخش | رونق عز و شرافت عز و جاه بوالعلا
عارفان از راه دل تا دلبر زیبا رسند | هست بر عرش معلا بارگاهِ بوالعلا
هر که آمد شیفته دیوانه شد آواره شد | میرباید جان و دل آن کج کلاهِ بوالعلا
نیم بسمل ساخته چون یک نظر انداخته | از خودی پرداخته چشمِ سیاه بوالعلا
گر کمک برسد زتن آن نقد اعمالت کجا | من بگویم مفلسم اندر پناه بوالعلا

(۱۶)

میزند بانگے موذن صحو تو خاموش باش
کشتهٔ تسلیم شود در عیدگاه بوالعلا

(۳)

آذربت تراشِ من نام تو چیست گو مرا | هست مرا تلاشِ من نام تو چیست گو مرا
ضبط نشد چو حالتے نعره زنم بهر دمے | اے بت دل خراش من نام تو چیست گو مرا

(۱۷)

خانه تهی ز غیر شد صحو بیا بیا بیا
تو چه کنی تلاشِ من نام تو چیست گو مرا

۵

حادث تو گو مشو سر بزم قدم را | سلطان عرب را و شهنشاه عجم را
هر روز فزون وحشت و صد پاره گریبان | کوته بکن اے زور جنون دست ستم را

آواره بود دیر و حرم شیخ و برهمن | ما سجده کنان طوف زنان کوئے صنم را
گر سر رود از گردن و جان از تنِ خاکی | بیرون نکنم از در دل اهل حرم را

(۱۸)

اے صحو کسے پے نبرد در همه عالم
مطلوب طلب تا نچشی درد دالم را

(۵)

نازم ز بے نیازی ناز و نیاز پیدا | در عالم معانی بنده نواز پیدا
گلزار آتشے شد بر حضرت خلیلے | اندر دل حسودان سوز و گداز پیدا
پر کرده جام ساقی گم کرده باده خواری | آلوده دامنی را رانکته نواز پیدا
هر کس دهن دریده گوید رموز لبر | در میکده شنیدم پوشیده راز پیدا

(۱۹)

مارا ز ما خبر کن آن هیچ چه داند
گم صحو شد بعالم آن حیله ساز پیدا

(۵)

بیا بکام دل ناتوان کرم فرما | بعجز و زاری من مهربان کرم فرما
ز حد گذشته نیازم بوعدهٔ فردا | شبے رفیق شو اے مهربان کرم فرما
برائے دیدن تو فرش راه دیده کنم | بیا خرام تو سر در روان کرم فرما
شهید خنجر نازت بخاک غلطانست | بیا بکوچهٔ دل دادگان کرم فرما

(۲۰)

فتاده است بشهر تو صحو بنده نواز
بخانه اش تو بیا میهمان کرم فرما

جلوه نیرنگ دارد یار ما | شد هویدا رنگها در کار ما

بسنگ دلیلی اگر مجنون شود — هست جادو گر رخ دلدار ما
بُت پرستی میکنم هر روز و شب — رشتهٔ الفت شده زنار ما
شوق باغ جنّتم رضوان نماند — داغهای سینه شد گلزار ما

(۲۱) صحو آمد یوسف ثانی نقاب — (۵)
هست غوغائے سر بازار ما

چرا بیهوده میجوئی بهر جائے بیا اینجا — بیا در کار خود بنشین که یابی مدعا اینجا
نشین بر آستان دل که آید لطف برحالت — مکین اینجا مکان اینجا چه گویم آشنا اینجا
تو بیرنگی بهر رنگی که عاشق خوب میداند — تو خود گفتی که لاخوفٌ برائے ما ندا اینجا
بیا طالب بنوش این دم که در جنت نخواهی یافت — شراب اینجا کباب اینجا که جام بوالعلا اینجا

(۲۲) ز رنگار آئینه قلب است صحو اینک صفائے کن — (۵)
بجیب خود تامّل کن حقیقت رونما اینجا

رفتم اندر کوئے قاتل یافتم در میکده — دیدم او را در نمازے باز گردیدم ز جا
داشت بر سر کجکلاهے چشم ما زاغ البصر — مار میت اذ رمیت فتنه در عالم بپا
درد ما را نیست درمان در کتاب تو طبیب — روئے یارم گر به بینم بازمے یابم شفا
من نه بینم جز جمال دوست بس اندر جهان — دیدهٔ تحقیق باید بهر دیدار ما

(۲۳) چون لباس ما و من در بر کشیده آمده — (۷)
صورت دیگر نماید صحو در ما و شما

اگر من حسن تو بینم فدا سازم دل و جان را — مثال شمع و پروانه گدازم دین و ایمان را
بسان گوسفندا کنون تنم از تیغ ابرویت — کشم اندر تپیدنها نشاط عید قربان را
چو عکس حُسن تو ایجان من افتد درون دل — ضیائے نور می بخشد بآدم چشم گریان را
کرامًا کاتبین را نیست آگاهی درین عالم — کرا گویم بگو جز تو دلا این راز پنهان را
دلا هرگز مشو غافل ببین در صنعت صانع — بزیر خاک پنهان کرد صدها گلعذاران را
تو از بس رنج و غم دادی جفا کردی وفا کن — چرا تو نشنوی اے یار حال دردمندان را

(۲۴) نمی در چشم در دل سوز باشد ذوق و شوق اینست — (۵)
اجابت کن ز صحو ایجان دعائے دردمندان را

شورش عشقت نیارو جز بر قصیدن مرا — آتش افگندن بجز من باز پرسیدن مرا
تهمتے بر من نهاده هست این کبد عظیم — روز محشر پیش قاضی وائے طلبیدن مرا
عاریت چون رفت عار آید ترا ایجان من — امتحانا ملک دل را چند بخشیدن مرا
جان و تن را سوختم چون در رضائے دلبری — شک ندارد عاشق جانباز فهمیدن مرا

(۲۵) آن سپهدار دو عالم صحو می بینی چه گفت — (۵)
از پئے خون ریختن بر خاک غلطیدن مرا

گویم بهر زبان کلام کمال ما — بحرف و صوت هست عیان قیل و قال ما
حیران چو عاشقان نشود هر زبان زبان — آیم بهر لباس نمایم جمال ما
زاهد مپرس فاش کنم فضل عام را — محو لقائے یار بهر دم خیال ما

باغ وجود خویش چو سرسبز دائم است | پُر ثمره در جهان بود نونهال ما

(۲۶)

کافر همون کس است که انکار ما کند
حاشا نخند صبحو تو بر وجد و حال ما
(۵)

اے دل چه وفا دید ز خوبان جهان را | آزرده کند خاطر بیداد گران را
حیف است درین میکده می نوش نمیرفت | روئے چه نماید بخدا پیر مغان را
در باده خوری پست ز همت نشود کس | کردند منادی بسحر باده کشان را
از فیضِ ازل بر دلِ یارانِ عنایت | چون جذب کند اهل کرم آه و فغان را

(۲۷)

اے صحو درین کارِ مشیت چه توان کرد
افسرده کند خاطرِ افسرده دلان را
(۵)

من نیستم در کارِ دیگر یار بینم خویش را | چشم در خوابست و من بیدار بینم خویش را
محتسب را فرض باید دست بیعت از سبو | سود نبخشد در صلاح کار بینم خویش را
بت پرست و بت گرم خود بت شدم ای برهمن | کافر اندر بت کده زنار بینم خویش را
آتشے افگنده ظالم رخت هستی را بسوخت | طرفه حالت گرمی بازار بینم خویش را

(۲۸)

مرغ دل کز بهر دانه شد مقید حیف صحو | در کمند عشق تو ناچار بینم خویش را
(۵)

این دستِ طلب شد دست دعا یا مولنا یا مرشدنا
من خاک شدم فرشِ راهت دارم منگن دارم منگن
دارم ز کدورت صاف جهان این هر دو جهان شد آئینه

تا چند بانم حلقه بدر مجبور شدم مختار توئی | اغیار نیم در بسته کشا یا مولنا یا مرشدنا

(۲۹)

در گردن صحو آن بار گران نے تاب نے طاقت نے زور
پرورده شدم در مهد جفا یا مولنا یا مرشدنا
(۵)

مست از جام الست شاهد می آیم ما | همچو شید اندر تلاش یار مے آیم ما
ذاتِ مطلق شد مقید جمله اطلاق رفت | در لباس آب و گل ناچار مے آیم ما
هر زمان گویم انا الحق علم منصورم ببین | می کنیم اظهار سر بردار مے آیم ما
ظاهر و پنهان گرم گویند کافر گفته به | پیش ایشان در گلو زنار مے آیم ما

(۳۰)

صحو شکر است از بهار و از خزان بیرون شدم
از جمال خویش برخوردار می آیم ما
(۵)

اے که در غمزه و عشوه سحر پردازی چرا | آئینه رو مے نماید باز غمازی چرا
جز بعارف کم شناسد روے پوشیده ترا | در میان طفل نادان لعبت بازی چرا
عالمے تسخیر کردی چون تو در چشمے زدن | در قلوب خوبرویان دست اندازی چرا
صورت وهمی نماید صورتِ زیبا مرا | مے فریبی عاشقان را شعبده بازی چرا

(۳۱)

نیست کارت با دمن اے صحو مسکین راست گو
فتنه اندر جان نمائی رخنه اندازی چرا
(۷)

یار من در خانه آمد صاحب خانه کجا | طاعت مهمان ندارد دور پیمانه کجا
بسته دیدم رخت هستی در یکی چشمے زدن | حالت من شد تغیر شور دیوانه کجا

شوق رہبر رہ نماید بد رقہ درکار چیست
ہم سفر باشد نباشد عقل فرزانہ کجا

نے مرا ہوش و حواس عاقبت تدبیر چیست
ساقیا مخمور گشتم راہ میخانہ کجا

دشمن آسا جور کردی باز پرسی خیر چیست
آشنا را حال این است حال بیگانہ کجا

جرعۂ از لب چشیدہ از خودی خود گذر
مطرب و چنگ و رباب و شمع و پروانہ کجا

(۳۲)

ہر کسی فرمان پذیری بخیط ما یم صحو من
بے نیازم از نیازے لطف جانانہ کجا

(۵)

دل بعشقت مست گشتہ بیخبر از ماسوا
مہر خاموشی بلب از عالم چون و چرا

چاپلوسی ہر طرف شد از وکیل تند خو
عشق آمد قول فیصل قصۂ ما و شما

ناظر و منظور گشتہ بر جمال خویشتن
روئے جانان شد چو خود بین آئینہ شد خود نما

چشم زاہد چشم بشیر روئے روشن مثل شمس
دیدہ باید از برائے دیدن روئے شما

(۳۳)

صحو تو اندر طریقت تا توانی پا منہ
ہمچو من دیوانہ باید گر ہوس داری بیا

(۵)

ہان مزاج من چہ پرسی لاابالی بین مرا
از تقاضائے عناصر در مجالے بین مرا

ساکن بتخانہ باشم یا درون میکدہ
حالت من از دو ملت نیست خالے بین مرا

شد ظہور ہر دو عالم بہر اثبات وجود
صورت جن و بشر صورت خیالے بین مرا

این ہمان خوف از محک دارند این حرفان عشق
ضرب اول بر درد دل سکہ حالے بین مرا

خاتمہ بالخیر باشد سوئے ما بنگر تو صحو

(۳۴)

حسن در عالم ہویدا از دو کمالے بین مرا

(۵)

آرزوئے ما غریبان اندرین کوئے شما
جان و دل رامے فریبند گفت موئے شما

ہر کسے دارد تمنا دولت دیدار را
دیدۂ تحقیق باشد دین روئے شما

دارم امید شفاعت از شفیع المذنبین
فرع سوئے اصل گردد باز دما سوئے شما

از فشردن دامن تو ہر یکے غلطیدہ اند
عالم حیرت دکان چشم جادوئے شما

(۳۵)

کعبہ من در درد عالم نیست جز روئے دگر
سجدۂ من صحو شد در طاق ابروئے شما

(۴)

ہر زمانست عجب با تو تکلم مارا
راز پوشیدہ عیان کرد تبسم مارا

کف زدہ رقص مرا دید ملک شاد ان شاد
مطرب ہوش ربا محو ترنم مارا

موج بر موج روان عرصۂ ساحل دور است
کاندرین بحر جہان ہست تلاطم مارا

(۳۶)

صحو دی نیم شبے بر در ما بانگ نبرد
بر ملا گفت کسے باز کہ قسم قسم مارا

(۷)

خود بخود کردہ مرا تسخیر چون تدبیر ما
دم زنم از عشق تو گردون زند تقدیر ما

پائے بندی میکند بر آب بحر موج را
ہر دل دیوانہ را زلف صنم زنجیر ما

دود آہ من شدہ بر آسمان سقف سیاہ
میکنم شام و پگاہ چون نالۂ شبگیر ما

دانۂ گندم بخوردہ جد امجد آن زمان
از ارم کردہ برون فی الفور این تقصیر ما

گرچہ در بازار محشر قدر داند مشتری
جوہر گلگون نماید چون سر شمشیر ما

جملہ شاہان جہان شد غاشیہ بردار او
بر سرش دارد عجائب کج کلاہی میرما

(۳۷) (۷)

صحو سجدہ ذات آدم را ملائک کردہ اند
در عیان جملہ عالم گرچہ شد توقیر ما

خیالت مارو ش پیچد بگرد خاطرم پیدا
چہ تدبیرے کنم اکنون من آخر لاجرم پیدا

بہ سرو قامت خوبی انا افصح علم بر زد
جوان یک پری پیکر ز عالم بہترم پیدا

شناور قعر این دریا چہ دیدہ انچہ نادیدہ
زہے موج و حباب اندر بدر یائے بہم پیدا

چہ پرسی حاصل مارا کہ بعد از ہستے روزے
ز آغوشم برآمد شد صنم خانہ صنم پیدا

چہ میگوئی مرا زاہد غنیمت خود شناسی دان
عدم موجود این جا شد بکار دیگرم پیدا

ہوائے سرو و گلشن تا بکے اندر سرت داری
درین حیرت فزا عالم چہ دیدی در دو غم پیدا

(۳۸) (۵)

ز عصیان دامن آلودہ و عذر خوف اندر دل
برائے مغفرت اے صحو شد شانِ کرم پیدا

روئے من است آئینہ روئے یار ما
مارا ندید دید کسے خوش نگار ما

کس را مجال نیست شود بار یاب تو
حاضر بخدمت تو بود جان نثار ما

شام و سحر بیاد تو افروختہ شود
آید بگریہ طفل دلِ بیقرار ما

بلبل ہزار جان فدا بر قدوم او
در بر کشیدہ سبز قبا شہسوار ما

(۳۹) (۵)

ہر روز بر عروج منجم چو طالع است
اے صحو من بیا کہ تو ئی یار غار ما

من نمی خواہم خدا را چون خدا خواہد مرا
در حریم لی مع اللہ کے جدا خواہد مرا

گرد خانہ یار گردد ہر شبے در نصف شب
یک زمان بے من نماند تا کجا خواہد مرا

اے صبا للہ کرم کن بر ضعیف و ناتوان
زلف چون پیچد برویت در بلا خواہد مرا

میزند خانہ بخانہ خود منادی بر ملا
جستجوئے واگذارد چون رضا خواہد مرا

کم نہ گردد صحو از حال تو لطف خاص او
انچہ در ذہنش نگنجد دلربا خواہد مرا

(۴۰) ردیف بائے موحدہ (۵)

اے کہ در پردہ نہانست کمال تو عجب
ما کہ در پردہ نہانیم خیالِ تو عجب

ہست در ارض و سما نام تو محبوب قلوب
خط و خال تو عجب حسن و جمالِ تو عجب

گلشنِ ہستی ز اقدام تو سرسبز شدہ
قد محبوب چنین سرو و نہالِ تو عجب

آفرین باد بریں رہبر یکتائے زمان
للہ الحمد کہ ہستم ز وصالِ تو عجب

(۴۱) (۷)

پیش خورشید عرب ذرۂ خاکم اے صحو
مفلسان را چہ خطر بحر سوالِ تو عجب

از خون رگہائے دلم سر بر زدہ فوارہ

آن یار من گلگون قبا پوشیدہ اکنون آمدہ — بعد از خرابی چمن اندر چمن چون آمدہ
خون غریبان ریختن شغل دوامی روز و شب — برہم زدہ بزم جہان با تیغ پر خون آمدہ
سلطان عالم در جہان پوشید رخت آب و گل — لشکر کشیدہ از کجا اینجا بہ شبخون آمدہ
شوق دلش افزون شد تا بنگرد لیلائے خود — در عرصۂ کون و مکان رقصیدۂ مجنون آمدہ

(۲۸۱) من عین آن او عین من اصلا بنا شد ہیچ فرق
صورت گرفتہ صحو من ہیچیدہ مضمون آمدہ

در جہان عالم کجا جاوید ماندہ — فانی از خویش شد بقا ماندہ
گر کسے اتباع اسما کرد — رفت آرام در بلا ماندہ
خون دل رنجیم بحسرت و یاس — در کف پائے تو حنا ماندہ
ما شہیدان تیغ تسلیمیم — از ازل تا ابد بقا ماندہ
بخدا اندہے نمید ارد — ہر کہ در عشق مبتلا ماندہ
وائے در زیر خاک مدفون شد — مجمع گلرخان کجا ماندہ
بیش او من چسان روم یارب — عمر من رفت در ہوا ماندہ

(۲۸۲) صحو بیمار را دوا باید (۵)
در لب لعل تو دوا ماندہ

اسم سامی با مسمی چون نمودار آمدہ — خود بشان عزت اللہ شہ بدیدار آمدہ
مختلف ایوان عالم ہست در معنی یکے — گاہ آدم گاہ حوا بہر اظہار آمدہ
میفریبد عاشقان را بہ جمال مہوشان — کسوتے پوشیدۂ خاکی گرچہ مکار آمدہ
خود زدہ بانگ انا الحق پیش و پس دارد گواہ — در عدالت گاہ محشر بہر انکار آمدہ

(۲۸۳) گر شنیدی این نوید اے صحو خود را خاک کن (۳)
خوش خرامان یار دلبر سوئے بازار آمدہ

بحر قائم شد مقید اندرون کوزۂ — این سخن باور ندارد دیدۂ دل دوزۂ
فیض ذات بیچگونم بس محیط اعظم ست — ہفت دریا دست بستہ بر درت دریوزہ

(۲۸۴) سینہ شد گنجینہ اے صحو از عنایات حسنؒ (۵)
حصۂ یعقوب دارد بر بھا فیروزہ

ندیدہ دیدۂ عالم چنین دربار شاہانہ — ظہور کل بکل بینم زہے ناز عروسانہ
بمیثاقے بہ بستم عہد دل دادہ نگیرم باز — پے نظارہائے حسن منظر ساخت جانانہ
خبردار ندا این دوران ز زندیکان دل کوران — کہ میسازند ہر دم خویش را بر خویش دیوانہ
بمستی رقصم ار بینند شود زہرہ خجل روئے — بدہ ساقی مرا امشب ز دست خاص پیمانہ

(۲۸۵) شدہ بر صحو غالب سکر خود را خود نمی بیند (۷)
بشمع حسن ہمرنگی دل او گشت پروانہ

در قبائے عزت اللہ آفتابے یافتہ — کاز حرارت قلب عالم را کبابے ساختہ

درشنا آن آشنائے درد مطلب یافتہ		آنکہ اندر بحرِ وحدت خویش را انداختہ
شورِ غوغا زان سبب اندر جہان پیدا شدہ		در دلِ بینا شرابِ اَنیما انداختہ
بے توجہ از تو جہ مبتدی شد منتہی		سوز و ساز عاشقان را ساختہ پرداختہ
نیست امکان بشر اندر کمالش دم زدن		بر سرِ عرشِ معلّی چون لوا افراختہ
سرمۂ چشمِ مہ و مہر است خاکِ پایِ تو		دست بستہ قدسیان پشتِ سپر انداختہ

(۲۸۶) صحو اندر باغِ عشقش رنگ بیرنگی نما (۴)
طوقِ الفت در گلو انداز ہمچون فاختہ

تیغ عشقت یار من برگردن غمخوار بہ
تا سرِ دشمن سلامت مصلحت را کار بہ
عاشقِ روئے صنم را زہد و تقوی کار نیست
بر جبینِ قشقہ کشیدہ در گلو زنار بہ
نیست لائق میگذاری روز و شب دے خواب خوار
عاشقان را ہر زمان چون چشمِ دل ہشیار بہ

(۲۸۷) ہیچ میدانی رموزِ عارفان اے صحو زار (۵)
در حریمِ بادشاہان محرمِ اسرار بہ

منم غلامِ غلامِ تو یا رسول اللہ
دلم فدائے کلامِ تو یا رسول اللہ
بدہ جواب سلامم تو شافعِ محشر
خمیدہ بہرِ سلامِ تو یا رسول اللہ
بر آن زمین کہ فتد نقشِ پائے انورِ تو
سرِ خواص و عوام تو یا رسول اللہ
نوید داد ملایک مبارکی اورا
شنیدہ ہر کہ پیامِ تو یا رسول اللہ

بہر چہ سرزدہ از من معاف کن للہ

(۲۸۸) کہ ہست صحو غلامِ تو یا رسول اللہ (۵)

چون کمان انداز من تیر از کمان انداختہ
در تنِ مامرغِ جان را نیم بسمل ساختہ
ناوکِ مژگانِ جانان در تلاشش روزگار
سینۂ بے کینہ خواہد چون سپر انداختہ
باعثِ این مغفرت رندانِ تو خواہد شود
خدمتِ پیرِ مغان از جان و دل انداختہ
جائے انصاف است یاران شورِ غوغا دم مزن
دل بدستِ دیگران و عظ کسے بگذاشتہ

خود بخود در خانۂ خمار آمد صحو دوش
نقدِ دل در کوئے جانان از ازل درباختہ

ردیف یائے تحتانی

(۲۸۹) (۵)

بیا مطرب غزل برخوان بجوش الحان داؤدے
حجابے مرتفع گردد نمایدشان معبودے
چنین گوہر بدست آید کہ عمرِ بے بہا داری
وجودِ عالمِ امکان میانِ بود و نابودے
برائے ما گنہگاران رسول ہاشمی آید
پیادہ سر برہنہ بالوائے پاک محمودے
چو دیدہ زلفِ یارم را دلم با پیچ و تابِ فتاد
ز چشمِ روئے پوشیدہ کجائی بخت بہبودے

(۲۹۰) بکف گیری چراغے گر نمی یابی کسے دیگر (۵)
ببین اے صحو در عالم وجود تست موجودی

پریشان حالِ عریان تن بکویت آرزومندے
رخِ زرد و لبِ خشک و برائے وصل دلبندے
عجب رمزیست پیچیدہ میانِ عاشق و معشوق
کسے خواہد کسے جوید کسے را کس خداوندے

همه روزی بفکرِ تو نه شب خوابی بر و دیده
نمی گذرد دمی و ساعت بجز آه و فغان یارانِ

بیا و جان مشتاقان درین کاشانه خرسندی
ربوده جان و دل یغما چو خوبان سمرقندی

(۲۹۱)

ز بستر صبحدم بینی اگر بیچیده میداری
تماشای جهان بیند بچشم آن نظر بندی

(۳)

پریشان حال من جانان کسے داند که تو دانی
نه تن داند بجان داند کسے داند که تو دانی

کلامِ مخصلِ رندان کسے داند که تو دانی
نهفته راز ازین پنهان کسے داند که تو دانی

(۲۹۲)

منم منصور وقت من بیا اے مدعی نادان
درون تن دل سوزان کسے داند که تو دانی

(۵)

نظر بر خویشتن اصلا نداری
خیالِ ماسوی زاهد مبارک
دلا تا کے بدنیا مبتلائی
کجا با خویشتن خود عشقبازی

بجز ما و شما سودا نداری
درون کعبه دل بتخانه داری
که عزمِ عالم بالا نداری
کسے محرم دگر شیدا نداری

(۲۹۳)

کم از مرغے بنا شد آدمی صحو
بکن پرواز چون بالا نداری

(۵)

هر شب شب ماه نو پیدایم و پنهانی
در دیر و حرم تا کے بے سودِ تلاشِ تو
این طرفه تماشائے از دیده من بنگر

چون روز هویدایم در عالم امکانی
رو پوش بود یارم در جامه انسانی
آن خانه خرابی شد در خانه مهمانی

بے نام و نشان باشم حاضر زدرِ دولت

ما را چه هوس دیگر در حضرتِ سلطانی

(۲۹۴)

بسیار سفر کردی اے صحو بیا اینجا
هر یک بطریق تو چون خواجه کرمانی

(۵)

شخص بصورت نباشد هست این صورت کسی
عکس رابی شخص امکان نیست اصلا این زمان
بحر بے پایان شه فرهادِ ما این است بین
در سرِ دارد جنون پس بیند ناصح را چه سود

این همه اشکال دید صانع صنعت کسی
آسمان را ایستادن بے ستون قدرت کسی
جلوه دارد هویدا غرقِ در رحمت کسی
عاشق حیران نداند مانع الفت کسی

(۲۹۵)

دم مزن اے صحو من اندر طریق عاشقان
راهی کوئے بتان شد دل پے لذت کسی

(۵)

هر دم دم وصال است چون همدم تو باشی
خواهی وصال جانان یکدم مشو تو غافل
آن کیست آفریده ظالم نبود هرگز
آب حیات باید برکن بکوه هستی

در تو نهفته گنجے زان محرمے تو باشی
زین گفتگو چه حاصل بس محرمے تو باشی
پندے شنگرف بشنو چون مرهمے تو باشی
بهر شفائے عالم چون قلزمے تو باشی

(۲۹۶)

فرصت غنیمتے دان هشیار باش اے صحو
مے نوش کار خوبست تا خرمے تو باشی

(۴)

با تو مرا چه کار که انسان شوی شوی
این بخیگانه دعوی لاف است مدعی

کافر شوی شوی و مسلمان شوی شوی
بر آستان دوست که دربان شوی شوی

جانان نیم بروئے تو بینم کسے دگر
در عالمیکہ مجمع خوبان شوی شوی

(۲۹۷)
بشناس صحو حفظ مراتب وجود را
چون بندہ باش خویش کہ سلطان شوی شوی
(۶)

بوالعجب خال کہ بر عارض زیبا داری
خود تو رومی ز حبشش گو چہ تمنا داری

توبمانی کہ ترا صورت و معنی ز تو شد
حُسن یوسف بخدا عشق زلیخا داری

ایکہ سعیت ہمہ دل بردن و عاشق کشتی است
سوزش شمع بہ پروانہ چہ پروا داری

مصحفِ رویتو والشمس دو زلفت واللیل
زیب لیسین بکمر تاج زطہٰ داری

قاب قوسین عیان کردہ بخط اوسط
دہن تنگ چہ داری تو معمّا داری

(۲۹۸)
باخبر گشتہ ز حالم بت کافر اے صحو
در دلم آمدہ پرسد چہ تمنا داری
(۶)

شراب ما عرفنا طرفہ نامے
برنگے ز خود رفتم بجامے

نہ از جان و تنم ہوشے بدارم
چُنان مستم بگویم صبح و شامے

شب و روزم بیادِ تست زندہ
ندارم در جہان غیر تو کامے

نوازشہا آنچنان خود عبد گفتی
کہ سلطان را چنان زید غلامے

دو عالم صید تو صیاد پنہان
کہ زلف عنبرینت ہست دامے

نظارہ صحو را حاصل شب و روز
توئی ہر جا ترا ہر جا مقامے

نماز باطنی اے صحو خوب است

(۲۹۹)
نسجدہ نے سلامے نے قیامے
(۵)

خویشتن را چون تو مطلق ساختی
از تعلق بے تعلق ساختی

موجد کون و مکان در ہر مکان
آسمان را خود معلق ساختی

نیست منصورے میان این ندا
تہمت ناحق انا الحق ساختی

من چہ گویم نعتِ پیغمبر بگو
شافع محشر مصدق ساختی

(۳۰۰)
شکرِ حق صحو غلام بو العلاؑ
منسلک در سلک مشفق ساختی
(۸)

بہم چشمان نخستین سرفرازی
شہیدِ تیغ نازم بے نیازی

ملایک سجدہ کردند آشکارا
چہ شد اکنون بگو نکتہ نوازی

فدا سازم ہزاران جان بلطفش
کشیدہ در کنارم پاکبازی

ببین محمود را در عشقبازی
بصد جان گشتہ مملوک ایازی

چرا کردی ز بزم خویشتن دور
بود نار فراقت جان گدازی

خلیلِ ما کجائی در فراقت
دلِ بریان طپد با سوز و سازی

ز شادی بر فلک زہرہ برقصد
شنیدہ حال من بندہ نوازی

(۳۰۱)
درون کعبہ ہم بتخانہ جستند
کجا اے صحو رفت آن حیلہ سازی
(۵)

مشت خاکم چون غبارے در ہوا انداختی
از حضیض ارض بر اوج سما انداختی

بوالعجب صورت بداری تا نه بیند چشم غیر
بر رخ خود پرده ها چند از حیا انداختی

عاشقان را سر تراشد خنجر شوالست
از جواب آن زمان اندر بلا انداختی

زاهد مسجد نشین این شیوهٔ تسلیم نیست
زلزله در خویش از دست دعا انداختی

(۳۰۲)

نیست واجب شکل ممکن صحو می بیند عیان
خود ز دست خود حجاب خود نما انداختی

(۵)

مار اتلاشِ دوست دیار کسی شوی
مستم ز باده خویش خمار کسی شوی

بر مرکب وجود سوار کسی شوی
یار کسے شوی و نگار کسے شوی

چون چوب خشک خار وجود است خار خار
گل در چمن کسی و بهار کسی شوی

هر گل خیال خام و بیهوده پخته است
عاشق کسی شوی و عذار کسی شوی

(۳۰۳)

اے صحو بین که در همه اعداد او احد است
اعداد صد هزار شمار کسی شوی

(۶)

بیا بنشین یکساعت ندیدم چون تو عیاری
پیِ روئے سیه موئے جفا جوئے دل آزاری

تو اندر حسن یکتائی من اندر عشق یکتایم
نه چون تو ناز فرمائی نه چون من ناز برداری

بمن تهمت عبث کردی ترا صد آفرین العشق
جفا کم کن نمیگویم بحال من ستمگاری

ربود از دل شکیبائی ربود از تن توانائی
بت عابد فریبے کجکلاهے شوخ و مکارے

درین امرے پریشانم چه تدبیرے بجا آرم
که منزل پیش میدارم نه مجبورم نه مختارے

چنین تقدیر من شاید که فرد اسر خرو باشد

(۳۰۴)

بسر اے صحو مے آیم مرا کش بر سر داری

(۵)

بیا در کوچهٔ خواجه حیاتِ جاودان یابی
شود زنده دل مرده بنجاتِ دو جهان یابی

تلاشِ روز و شب والله که در دیر و حرم کردی
نشانِ بے نشان اے دل درین بزمے عیان یابی

اگر تو بشکنی از دست همت کوه هستی را
رفیقِ عالم بالا شفیق لامکان یابی

ز تبدیل صفاتِ خود صفات الله شود حاصل
همه خواهان وصلت از زمین تا آسمان یابی

(۳۰۵)

چرا اے صحو غمگینی کجا رفتند آن یاران
که هر یک سرو قد اندر حریم گلستان یابی

(۵)

در دو عالم آشکارا خود نمود است و لے
خلق حیران در تلاشی هست هشیار است و لے

ماند اگر ثابت قدم اے دل کسے منصور وار
دم نمی زد جز انا الحق گرچه بردار است و لے

می شناسد یار ما را کس درین عالم بگو
هر زمان در هر مکان خود گشته اظهار است و لے

حفظ باید در مراتب تا بقرب شه شوی
هر چه آید در نظر او عین دلدار است و لے

(۳۰۶)

ما نمی گوئیم دگر گوئیم صحو انکار ما
کفر آید در شریعت هست اقرار است و لے

(۴)

بیا مطرب سر اشعرے بخوش الحان داودی
بعالم شورش افزاید کجا شد راه نابودی

منم مجبور و مختارم علاجم چیست اے واعظ
شدم چون بسمل غلطان چو دیدم شان بهبودی

بجهل او چون ابوجهل است اگر زلف صنم بیند
رخت چون آئینه والله ندیده چشم سر دوری

طواف میکده اے صحو کردم با دل صافی

(۳۰۷) پئے بیت سماع اینجا کنم تعبیر مسعودی (۵)

دیروز نبودی تو امروز ہویدائی ✣ غافل زمقامِ خود واللہ چہ بودائی
ہر دم دمِ واپس بین ہستی اگر انسانی بر خال و خطِ خوبان بیوجہ تو شیدائی
از ذاتِ محیطِ تو حیران و پریشانم اینجائی و آنجائی حقّا کہ تو ہرجائی
دل صاف کنم ہر دم حقا کہ ترا بینم اے آنکہ جمالِ خود بی پردہ تو ننمائی

(۳۰۸) شد صحو کمینہ را دیدار کجا حاصل (۵)
یکتاست جمالِ تو در عالم یکتائی

اگر من نبودم خلد ہم نبودے ظہورے ز حوّا و آدم نبودے
شبِ ہجر بگریستم خونِ خالص دلا گر بچشمان من نم نبودے
کجا روحِ اعظم کجا فیضِ اقدس درانجا بجز خویش آدم نبودے
کسے پائے بندِ سلاسل نگشتی بزلفِ سیاہش اگر خم نبودے

(۳۰۹) وجودیست موجود لاشک فیہا (۵)
چہ میگفت صحو او چو ہمدم نبودے

سریرِ مملکتِ دل را بمن تسلیم میکردی نوازش خلعتِ بیحد عجب تکریم میکردی
چہ میگویم ملائک تا زیانہ خورد لا بالعلم بعلمِ اولین و آخرین تعلیم میکردی
کسی کامل کسی جاہل کسی محرم کسی مجرم باستعدادِ دل اعیان اگر تقسیم میکردی
بسر بار گرانِ مایہ بر اہم پائے می نغزد تماشا دیدنِ جانان مرا تقدیم میکردی

(۳۱۰) تو تا کے لاف میگوئی کہ میگویم ترا جاہل (۶)
شناس اے صحو قدرِ خود ز حد تعظیم میکردی

فصلِ گل آمد اے شوقِ بیابان مددے دشت و حشت مددے چاکِ گریبان مددے
نشمیدیم مگر بوئے وجودت ہرگز عین اعیان مددے واجبُ امکان مددے
میزنم مثلِ جرس بانگ انا الحق ایدل چوبِ دارے مددے نخلِ بیابان مددے
حسن یوسف توئی و خضر رہ عشق توئی دربرت سبز قبا رشکِ گلستان مددے
نعرہ گر بزنم از دو جہان ہوش برم حضرتِ عشق بکن در رہ پنہان مددے

(۳۱۱) میروی صحو درین راہ تو افتان خیزان (۵)
بینوا ایم بجز احضرت برہان مددے

وائے بروئے ذاتم اسما نقاب تا کے من ناظرِ حقیقت از من حجاب تا کے
دریا شدم بدریا در یا حجاب تا کے واشد یقین بچشمم موج و حباب تا کے
معشوق سرفرازم من عین آن نگارم این دولتست یکجا مثل شراب تا کے

(۳۱۲) پختہ نشد دل من خامی ہنوز باقی (۵)
از سوزشِ حرارت بوئے کباب تا کے

دردہا دارم کہ درمانم توئی راحت جانم توئی جانم توئی
مرشدم یا بوالعلاؒ یا بوالعلا عاشقان را دین و ایمانم توئی
کس نمیداند کہ بیا کون ہے محفل آرا گرچہ مہمانم توئی ✣

راست گویم زاهد کج فهم را | محفل آرا گرچه مهمانم توئی

(۳۱۳) | راز پنهان میکنم تا چند صحو | (۴)
اشک ریزان چشم گریانم توئی

بکار غیر گردانم نمیدانی بنادانی | که فردا رخ نه بخراشم ز روز رستخیز چنانی
نه از نام و نشان او مرا علمست و آگاهی | زلیخا وار حیرانم بعشق یوسف ثانی
دوئی برخاست گر جمعیت خاطر شده حاصل | عزیز خویش خود گشته پریشان شبه پریشانی

اگر داند بصدق دل یقین شد صحو را حاصل
بگوید زان زمان یارم رموز اعظم شانی

خمسه

عرب باشد عجم هم در غلامی | همه در عشق تو پویان تمامی
بعالم شد طفیلش انتظامی | بشوقت جان بلب آمد تمامی
که قم قم یا حبیبی کم تنامی

ربوده فرقتت از جان من هوش | فگنده زلف مشکین تو گلپوش
فدائے سرمگین چشم من کوش | عمامه بر سر و جامه بتن پوش
بقد سرو و برخ ماه تمامی

گدایم اے شه عالی امارت | توئی بر صفحه دوسرا عبارت

اگر افتد قدم گه بر حصارت | بساط دیده فرش انتظارت
قدم نه بر سرم وقت خرامی

شبے بر عاصیان ملجائے پاکت | مقام شرب و لبطحائے پاکت
هزاران برخ زیبائے پاکت | فدا جان و دلم بر پائے پاکت
بمرگ ما شود جانت گرامی

شده حیرت فزون در راه کویت | رسول و انبیا در شوق رویت
بقید جاه الفت مو بمویت | همه پیغمبران در جستجویت
نه دیدار انه عضوی را تمامی

همه اشعار من تمهید دارد | محبت یار تو جاوید دارد
نه جز تو صحو جائے دید دارد | همه عالم ز تو امید دارد
بگو اے ماه من محو کدامے

نظم مختلف

جانم بلب آمد از جدائی | اے عیسی من بیا بجائی
ابد دست چرا تو بیوفائی | از بهر که در برم نیائی
آخر تو بگو نه یار مائی

زاهدے پوشیده در شب بر در میخانه رفت | جامه هستی دریده چون بلب پیمانه رفت

پند را سودے ندید دمے پرستان را مگر
در کفے بادے نگنجد محتسب دیوانہ رفت

دیگر

گرچہ ہر لحظہ دلم بانگ انا الحق میزند
ہمچو منصور این زمان در سر مطلق میزند

پیش مے آرند شرع گرچہ بہ شرع بہ گفت
سر بسر عالم سر عاشق بناحق میزند

صد ہزاران خون عاشق روز و شب زیر فلک
کے بود آگہ کسی تیغ معلق میزند

دیگر

بیقرار از خود شدم اندر فراق خویشتن
گشت رسوا در دو عالم از نداق خویشتن

شمع میلرزد دود آہ من تا صبحدم
کاندرین فانوس روشن الحراق خویشتن

دیگر

منزل عشق دلارام تمام است امشب
تہنیت باد و لا وصف تمام است امشب

ذوق آن بادہ دو آتشہ با قیست خمار
محتسب بادہ خورد سجدہ حرام است امشب

دیگر

یکشبے من با حسینؑ اندر ملا
گفتم اے شاہ شہید کربلا

سیدان واقفی نسل تواند
گفتہ لا و اللہ لا و اللہ لا

دیگر

بحر وحدت گم شد اندر جان من
اندرین یک قطرہ دریا دیدہ ام

عاشق شیدائے تو شد بیقرار
بر سر بازار رسوا دیدہ ام

دیگر

از جناب پیر مغان جایگیر عطا میخانہ شد
چشم حریصان پیش من ہیچ کہ چون پیمانہ شد

گر صد زبان باشد مرا شکرش ادا نبود زمن
با این ہمہ جور و جفا لطفے نما جانانہ شد

من راہی ملک عدم آرام و خوابم از کجا
خانہ بدوشم ہر شبے بس منزلم ویرانہ شد

از سوز آہ و نالہ ام حیران ملائک گشتہ اند
وقت سحر کردم دعا در عالم افسانہ شد

تمت بالخیر

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ط

الحمد للہ کہ دیوان بحر عرفان عمدۃ الاولیا قدوۃ الاصفیا واقف اسرار الاہوتی کاشف سرائر ملکوتی مظہر جمال محمود مصدر کمال ذات معبود حضرت آغا محمد داؤد نقشبندی ابوالعلائی قدس سرہ العزیز

الموسوم باسم تاریخی

دفتر رحمت

سنہ ۱۳۵۳۲

المعروف بہ

دیوان صحو

اردو

حصہ دوم

حسب فرمایش عالیجناب بذل و فضل مآب ناہج مناہج تحقیق عارف معارف تدقیق آغای قلزم معرفت غواص بحر حقیقت عند لیب جنستان ابوالعلائی یگانہ عصر جمال آغائی صفا السیف والتدبیر خان بہادر محمد عبدالکریم خان شمشیر زادہ اللہ التوفیق و التمکین کرور گیری ممالک محروسہ سرکار نظام حیدرآباد دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

باہتمام حافظ فیاض الدین بزنٹ

ابوالعلائی اسٹیم پریس آگرہ میں چھاپا گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ردیف الف

(١) قال قدس اللہ سرہ العزیز فی توحید باریتعالے (٦)

تیرا ہمشکل نہین یار جہان مین دیکھا
مثل خورشید تجھے کون و مکان مین دیکھا

ہوکے بے نام و نشان پیشِ اجل اے پیارے
رنگ بیرنگ ترا کون و مکان مین دیکھا

جسکو تو ڈھونڈ رہا ہے وہ ترے پاس ہی ہے
کو بہ کو بر سرِ بازار دکان مین دیکھا

یون تو ہر اک نے کیا وصف سراپا تیرا
نمک آمیز بیان تیری زبان مین دیکھا

بعد مرنے کے بھی آرام کہان اوسکو نصیب
زار عاشق کو ترے خلد و جنان مین دیکھا

(٢) آپ کو آپ نہین دیکھ لیا جبتک صحو (٥)
بے مزا زندگی کو لاکھ جہان مین دیکھا

ہوا جو عاشق تمہارا صاحب خواب مطلق حرام سمجھا
یہی ہین آثار معرفت کے کلام حق لا کلام سمجھا

سنبھال اپنے کو پڑھ تو قرآن بگڑ رہا ہی عبث تو زاہد
نہین ہے آیین خلاف قبلہ جو مینے دلکو امام سمجھا

نماز مقبول کیون نہین ہو جو ہو ع دلسے ادا کرے جب
جھکایا گردن کو جس گھڑی مین رکوع و سجدہ قیام سمجھا

ہوس شاہی کی میرے دلمین نہ پارسائی ہی مجھکو مطلب
نہین ہے اصلا کسی کی پیرو امین جام جم کو غلام سمجھا

(٣) جہان مین ہر جا چکور آسا جگر حسود نکا جل رہا ہے
ہے صحو صاحب تمہارے مُنہ کو جو رشکِ ماہِ تمام سمجھا (٦)

دور دل سے جب خیالِ ماسوا ہونے لگا
سامنے پردہ اُٹھا کر دلربا ہونے لگا

محفل آرا جب مذاقِ بوالعلا ہونے لگا
خاکساری مین غرورِ کبریا ہونے لگا

گوش زد یہ کب ہوا عالم مین اے پیر مغان
مین سے تو اور تو سے مین یہ تذکرا ہونے لگا

مُنہ دکھانے دونون عالم آئینہ پیدا کیا
شخصِ ظاہر دوسرا مین دوسرا ہونے لگا

یار کے دورہ مین میرے شہر کا ہر بادہ کش
پھوڑ کر جام و صراحی پارسا ہونے لگا

(٤) وہ جو تھا نا آشنا اے صحو تیرا کیا کہون
بعد مدت رفتہ رفتہ آشنا ہونے لگا (٧)

کیا کرتے ہین گھر بیٹھے ہی درشن اونکے جوبن کا
ملا ہے آئینہ ہمکو سکندر قلبِ روشن کا

نہ مین کافر نہ مین مومن وہ جانے اور مین جانون
سر بازار کہدون ڈر نہین شیخ و برہمن کا

وہی دل مین سمایا ہے مین بہر تا ہون اوسیکو م
نہ وہ کافر نہ مومن دوستو میرے لڑکپن کا

کہان سے وہ کہان آیا عجب کچھ رنگ دکھلایا
تماشہ دیکھنے آیا جہان مین اپنے گلشن کا

سراغ اوسکا نہین ملتا کہان ہے یار ہرجائی
دھوان چھایا ہوا ہے ہر گلی مین آہ وشیون کا

کوئی سمجھے تو کیا سمجھے کوئی دیکھے تو کیا دیکھے
کہ یہ سینہ مرا گنجینہ ہے اوس شوخ پرفن کا

(۵)

پسِ دیوارِ جانان دفن کرنا صحوِ مضطر کو
کہ پہلو مین دلِ مضطر ہے کشتہ اونکی چیتون کا

(۵)

جان تو رام ہوی تن ہوا لچھمن اون کا
ہم کیا کرتے ہین دونون ہی مین درشن اونکا

تنِ تنہا ہون اکیلا ہون قیامت ہے قریب
نام لیوا نرہا شیخ و برہمن اون کا

جو صدا اِنّی اَنَا اللہ کی شجر سے نکلی
آگ لگجائے اوسے دیکھے جو جوبن اونکا

خود ہی کہتے ہین کہ شہر گ سے قریب آپکے ہین
لامکان مین ہے وہ کسواسطے مسکن اونکا

(۶)

ڈھونڈتا ہے جو تجھے ڈھونڈ لے اپنے سے وہ آپ
خاکساری مین ملا صحو کو مخزن اونکا

(۵)

خورشیدِ سماوات ہے ہر ذرہ یہان کا
شبلی ہے کوئی اور کوئی منصور جہان کا

بے نام و نشان کہتے ہین اور سب سے منزہ
موجود ہوا کون ہے بے نام و نشان کا

کچھہ لطف نہین جینے کا بے معرفتِ یار
جو طالبِ دنیا ہے یہان کا نہ وہان کا

کیا جانے کوئی مرتبہ عشاق کا یارو
ہے محرمِ اسرار وہی کون و مکان کا

(۷)

بلبل کو سناتا تھا خبر باغ مین صیاد
گلچین بھی ہے اے صحو کوئی باغ جہان کا

(۴)

کس طرح چھوٹے گا پیچھا دوستو جلاد کا
جان پر اپنے بنی ہے وقت ہے امداد کا

آرزو مین اِک ہما کی سینکڑون ہی مر گئے
کھیل تم لڑکون کا سمجھے صید ہے صیاد کا

کیا کرے دنیا و دین مین جستجو بیچارہ دل
ہے نہایت تنگ عرصہ عالم ایجاد کا

(۸)

صحو مرغِ دل پہ آب و دانہ ہے مطلق حرام
تھا لکھا قسمت مین میری کیا گلہ صیاد کا

(۵)

قیامت سا گزرتا ہے مرا ہر دم جدائی کا
گلہ کس سے کرون جانان مین تیری بیوفائی کا

نہین چھوڑا ابھی تک درختِ رز کو گھر مین کھا ہے
ہوا زاہد کا بھی شہرہ جہان مین پارسائی کا

رقیبون کے سکھانے سے نہین نقصان کچھہ ہوگا
ازل سے ہے ہمارا اونکا رشتہ آشنائی کا

کروگے کب تک اب پردہ ہمین تم یہ تو بتلاؤ
زمانہ آچکا جانان تمہاری رونمائی کا

(۹)

ہے یہ مکار کیسا صحو دیکھو گفتگو اوسکی
جہان مین گرم ہے بازار اوسکی خودنمائی کا

(۸)

نظر آیا رخِ روشن کسی کا
ہوا ہے خوب ہی درشن کسی کا

نہین ہین بے سبب نیچی نگاہین
چُرا لائی ہے دل چیتون کسی کا

نہین رہنے کے وہ خلوت کے اندر
کہ بازیگاہ ہے آنگن کسی کا

ذرا ٹھکرا کے جانا جاتے جاتے
ترے کوچہ مین ہے مدفن کسی کا

کوئی اِس جائے شاید آرہا ہے
پتہ دیتا ہے یہ مسکن کسی کا

نکلتے ہین جو گل بوٹے مہک کر
ملا ہے خاک مین جوبن کسی کا

جو پہنا کان مین بالا یہ بولا
تجھے ہے یاد بالا پن کسی کا

(١٠)

جسے دیکھا اوسی کا دوست پایا
نہین اے صحو وہ دشمن کسی کا (٥)

کیا تحقیق عالم مین نہ کوئی دوسرا نکلا
جسے دیکھا جہان مین مینے اپنا آشنا نکلا

پھرا دیر و حرم مین مین نہ پایا کچھہ پتہ اوسکا
کھلا جب غنچۂ بستہ تو میرا مدعا نکلا

غلط فہمی کو کیا بولون ہوا معلوم مدت مین
جسے عاشق سمجھتے تھے وہی اب دلربا نکلا

مجھے دیکھو نہ تم چشمِ حقارت سے مرے صاحب
بروزِ حشر بولین گے غلامِ بوالعلا نکلا

(١١)

کیا صحو اوسنے یہ اچھا نہ رکھا آپ کو باقی
صنم نامِ خدا دلبر تمہارا بامزا نکلا (٥)

شہر مین شہرہ ہوا اپنا پرایا نکلا
چاہ سے یوسفِ گم گشتہ زلیخا نکلا

کہدو مجنون سے کوئی میری زبانی اتنا
آج کس دھوم سے ہے ناقۂ لیلیٰ نکلا

کس قیامت کا بپا نوح ساطوفان ہوا
جوش پر جوش ہوا سینہ سے دریا نکلا

قلب سے کام طمع کا اُڑا جاتا ہے
رنگ تبدیل ہوا داغ سویدا نکلا

(١٢)

دونون عالم مین نہین صحو کوئی اوسکا نظیر
سب حسینون مین حسین شاہدِ یکتا نکلا (٥)

کیا نہین اوسکے لئے تختِ سلیمان ہوگا
آپکے در کا گدا دین کا سلطان ہوگا

صدقِ دل سے جو ترا غاشیہ بردوش ہوا
وہی ناجی بخدا صاحبِ ایمان ہوگا

آیا کس شان سے جامہ کو پہنکر پیارا
سات پردے مین چھپا حضرتِ انسان ہوگا

بات کہنا تو ہے سہل اور سمجھنا مشکل
معرفت جسکو ہو وہ صاحبِ عرفان ہوگا

(١٣)

ایسے جینے سے مرے صحو ہے مرا منظور
جو کہ دشمن ہے مرا آپ کا دربان ہوگا (٥)

یار سے ملنا مراد یکہئے کیونکر ہوگا
کون سی بات سے راضی وہ ستمگر ہوگا

بحرِ وحدت کے شناور کا خدا حافظ ہے
کیا کنارے پہ نہین کشتی کا لنگر ہوگا

طعنِ زاہد سے نہین ڈرتے گنہگار ترے
جنکے پلّہ پہ وہان شافعِ محشر ہوگا

بول اُٹھے گا ہر اک دیکھنا ذرّہ ذرّہ
اوج پر جب وہ مرا شمسِ منور ہوگا

(١٤)

بیخبر گھر سے نہو کچھہ تو خبر لیجے صحو
کون بیٹھا ہوا اس پردے کے اندر ہوگا (٥)

مقام لی مع اللہ ہے امامِ شاہ قاسم کا
مسیحِ وقت ہے خادم غلامِ شاہ قاسم کا

بشر کو کب یہ قدرت ہے پر جبریل جلتے ہین
اشارہ کوی سمجھے کیا کلامِ شاہ قاسم کا

عجب جادو بیانی ہے عزیزو کیا کہون اونکی
عجب ہے دلربا چہرہ پیامِ شاہ قاسم کا

سلامی کو بڑے باندھے ہے کھڑے جن و بشر سب ہین
ادب سے ہین بجالاتے سلامِ شاہ قاسم کا

کوئی خالی مکان دیکھا مکین سے۔ تو نہین پایا
کہ ہر گھر صحو ہے مسکن قیامِ شاہ قاسم کا

(١٥) در منقبت امیر المومنین علیؑ ابن ابیطالب می سراید (٥)

کیا رتبہ ہو بیان جنابِ امیرؑ کا
خادم ہے جبرئیل مرے دستگیر کا

گرتے سنبھل ہی جاتے ہین ادنی سی بات ہے
نام آپ کا عصا ہے صغیر و کبیر کا

مجھکو بھی تھوڑی جائے نجف ہین ملے حضور
ہوتا نہین دکن مین گذارا فقیر کا

ہم مال و زر کو خاک سمجھتے ہین مومنو
رکھتے فقیر دوست ہین بستر فقیر کا

(۱۶) کس کے فراق مین یہ فلک نیلگون ہوا
جو صحو رنگ زرد ہے مہر منیر کا (۵)

ولہٗ قدس سرہٗ فی منقبت برہان الاصفیا امیر سیّدنا ابو العلاؒ

دل ہوگیا ہے جب سے شیدا ابو العلا کا
کعبہ سمجھ لیا ہے روضہ ابو العلا کا

لازم ہے جانیوالو احرام باندھ جاؤ
تا ہو نمود تم پر جلوہ ابو العلا کا

جائے صفا و مروہ صدر راہ عام پر ہے
قدرت کا آستانہ کوچہ ابو العلا کا

بیدام و بیدرم مین خادم حضور کا ہون
بندہ بنا چکا ہے بندہ ابو العلا کا

(۱۷) کھوٹا کھرا پرکھ لے ہے ضرب صحو دلپر
چلتا ہے دو جہان مین سکہ ابو العلا کا (۵)

در ثنائے سلطان الہند حبیب اللہ دمی سراید

رخ روشن ہے وجہ اللہ معین الدین چشتی کا
ہر اک قالب مین ہے نقشہ معین الدین چشتی کا

کلام کنت کنزاً کا دو عالم ہوگیا شیدا
سمجھ مین آئے کب رتبہ معین الدین چشتی کا

پلایا خم پہ خم ساقی شرابی مجھکو کہتے ہین
بنا پھرتا ہون متوالا معین الدین چشتی کا

مبارک شیخ کو تسبیح مجھے زنار کافی ہے
گلے مین پڑگیا مالا معین الدین چشتی کا

(۱۸) جو جی چاہے ترا شاہا عنایت کی نظر کیجے
مسافر بنکے صحو آیا معین الدین چشتی کا (۵)

مکان ہے لامکان سب خاندان بو العلائی کا
نہ بالا کیون ہو رتبہ عاشقان بو العلائی کا

رہے آباد میخانہ ترا ساقی قیامت تک
ہے دیدہ محو حیرت میکشان بو العلائی کا

تعجب کیا ملائک گر کرین سجدہ خوشامد سے
یہ ہے رتبہ عزیز و جانفشان بو العلائی کا

تن مردہ کرین زندہ مسیح وقت ہین ہر اک
تصرف ہے جہان مین بندگان بو العلائی کا

کرے کیا لیکے وہ جنت جو عاشق اونکا کہلائے
صحو ہے نام لیوا خادمان بو العلائی کا

(۱۹) ولہٗ فی العشق والشوق (۷)

وصال یار کی قاصد کوئی تدبیر ہوتا تھا
دل عاشق کی تسکین کے لئے تحریر ہوتا تھا

جنون کا سر مین ہے سودا کہ یہ تدبیر بہتر ہے
منانے سے نہین منتا اوسے زنجیر ہوتا تھا

وصال یار تھا دم مین رہے برسون برس غافل
ادب سے کہ نہین سکتا بدل تقدیر ہوتا تھا

سوائے آہو دل کے شکار ایسا کہان بہتر
پسند خاطر نازک اوسے نخچیر ہوتا تھا

گلا جلاد گر کاٹے قیامت تک نہین کٹتا
ہمارے قتل کو پیارے تری شمشیر ہوتا تھا

ہوس سے کہو کوئی پریشان حال پھرتا ہے
گداز دل سے اب آخر مجھے اکسیر ہوتا تھا

(۲۰) فلک گردش پہ گردش سو برس اے صحو اگر مارے (۵)
کوئی ایسا ہوا ہے یہ جہان مین پیر ہونا تھا

آزار محبت کا الم کم نہین ہوتا — جبتک کہ مسیحا مرا ہمدم نہین ہوتا
اوس بت کی محبت کا پرستار بنا دل — اب مجھکو کوئی لاکھ کہے غم نہین ہوتا
اوس بار امانت کا اُٹھانا ہوا مشکل — معلوم رہے آپکو آدم نہین ہوتا
اغیار جمع رہتے ہین محفل مین تو کیا ڈر — غمزہ کا تمہارے کوئی محرم نہین ہوتا

(۲۱) چاہت مین تمہارے ہوا بدنام جہان صحو (۵)
اب غیر کے فقرون سے وہ برہم نہین ہوتا

جس نے دیکھا آپ کو صاحب سیانا ہو گیا — یُومِنُون بِالغَیبِ پر شیدا زمانہ ہو گیا
ناوکِ مژگانِ جانان کا ستم مین کیا کہون — مفت مین بیٹھے بٹھائے دل نشانہ ہو گیا
جب سے دیکھا یار کو قابو سے دل جاتا رہا — دوست سب دشمن ہوئے اپنا بگانہ ہو گیا
یوسف مصری کی عاشق اک زلیخا ہی فقط — میرے یوسف کا تو خوباں سب زمانہ ہو گیا

(۲۲) چار دن کے واسطے کیا صحو آیا سیر کو (۵)
عالم ایجاد مجھکو قید خانہ ہو گیا

مزے جو عشق مین دیکھے دکھاؤن مین تمہین کیا کیا — زبان یاں گنگ ہے پیارے سناؤن مین تمہین کیا کیا
جفا پر ہین کمر باندھے نہین لیتے خبر اونکی — ستاتے عاشقونکو ہو جتاؤن مین تمہین کیا کیا
نہ آئے جیتے جی ہرگز کبھی وہ گور پر میری — جو آئے تو تماشے کو دکھاؤن مین تمہین کیا کیا

کہین گل ہین کہین بلبل کہین خود باغبان ٹھیرے — عجب ہین رنگ کہلاتے بتاؤن مین تمہین کیا کیا

(۲۳) سخی ہے صحو کا ساقی رہے آباد میخانہ (۵)
شرابِ وصل گوناگون پلاؤن مین تمہین کیا کیا

فراق کہتا ہے برملا یہ پری سے ملنا محال ٹھیرا — مین دل سے پوچھا تو ہنس کے بولا خودی مٹا وصال ٹھیرا
سراپا مملو ہے نور اوسکا دو عالم عکسِ جمال ٹھیرا — ملائے ہین ہمکو خاک مین وہ غضب نہین ہے جلال ٹھیرا
لگے تقیدُ مین کیسے کیسے اُٹھا کے بارِ محبت آئے — ثبوت علمی قرار پکڑا اجلی سے جان پر بال ٹھیرا
مٹے جہان کے طلسم سارے نہ غیر آوے نظر مین کوئی — جو کچھ کہ دیکھا تھا ہمنے پیارے وہ خواب تھا یا خیال ٹھیرا

(۲۴) ذرا بھی سمین نہین ہے کچھ شک مین صاف کہتا ہون بروئے مین (۵)
اُٹھا کے گھونگٹ پری کو دیکھا یہ صحو اپنا کمال ٹھیرا

تڑپتا دل ہے میان پہلو مرا وہ رشکِ قمر نہ آیا — ستم یہ کیسا فلک دکھایا کہ لڑ جھگڑ کر ادھر نہ آیا
خوشی سے اے دوستو رہو تم یہ داغِ حسرت کا لیجیے ہم — حسین دیکھے جمیل دیکھے کوئی بھی تجھسا نظر نہ آیا
ہوا نہ تحقیق اونکو ہرگز ہزارون پھرتے ہین جستجو مین — جہان مین الٹا حساب دیکھا یقین فرد بشر نہ آیا
ہے ایسے جینے سے موت بہتر یقین ہوتا نہین مرے جاتے — دلاسا عاشق کو یون ہی دینے کبھی وہ شام و سحر نہ آیا

(۲۵) خبر لے تو صحو جلد اپنی فضیحت عالم مین ہو رہا ہے (۷)
تو سو رہا ہے کہ جاگتا ہے گنہ سے اب تک حذر نہ آیا

خاک مین مجھکو ملایا بتِ کافر کیسا — مجھ پہ افسوس کیا ہائے ستمگر کیسا
نیمجان کوئی ہوے کوئی ہوئے ہین بسمل — کوئی کہتے ہین کھڑے ابرو کا خنجر کیسا

کہدو یارون سے کہ خاموش رہو سوتا ہون
بعد مرنے کے مری گور پہ محشر کیسا

مین اوسے جانتا ہون جسنے ستایا ہی مجھے
رنگ بیرنگ ہے ہر رنگ مین دلبر کیسا

زخمِ دل لاکہہ چھپائے سے کہین چھپتا ہے
تیری ہر بات مین پوشیدہ ہے نشتر کیسا

یار ہر گہر مین ہے جون آئینہ تصویرنما
اوس مصوّر کا تصور ہے مصوّر کیسا

(۲۶)
آپ پردہ مین چھپا مجھکو کیا ہے ظاہر
صحو بدنام کیا شوخِ دلاور کیسا
(۷)

شکوہ کرتا ہے باغبان اپنا
چھوڑ بلبل تو آشیان اپنا

فرضِ منصب ادا نہین ہوتا
عذر کب تک یہ دوستان اپنا

آج تشریف یار لایا ہے
رشکِ فردوس ہے مکان اپنا

رات سے منتظر ہون در پہ ترے
بھولا بیٹھا ہے مہربان اپنا

اب تو آجا جلد لے خبر میری
حال ابتر ہے جان جان اپنا

رونمائی قرار پائی ہے
کل مقرر ہے امتحان اپنا

(۲۷)
شکل موہوم پر ہوے نازان
صحو اچھا نہین گمان اپنا
(۵)

کیا پوچھتے ہو زاہد اسلوب ہمارا
ہم ساتھ لئے پھرتے ہین مطلوب ہمارا

یوسف کو خبر کیجئے اِس حال سے للہ
بے پردہ یہ ہونے کو ہے یعقوب ہمارا

بے کیف و کیف ہون تعجب ہے تمہین کیا
منصور سے ہے سلسلہ منسوب ہمارا

دنیا کی نہ خواہش ہے نہ عقبیٰ کی تمنا
ہے بختِ رسا ان دنون کیا خوب ہمارا

(۲۸)
کچھہ چل نہ سکا زور نکیرین کا اے صحو
غالب ہی رہا جذبۂ مغلوب ہمارا
(۵)

کیا پیچھے پڑا میرے یہ اجسام کا جھگڑا
ہے روز نیا دیکھئے اقسام کا جھگڑا

زلف و رخِ جانان کا تصور ہوا جب سے
دیکھا نہین جاتا سحر و شام کا جھگڑا

قصہ ہے بڑا طول مگر عمر ہے کوتہ
کچھہ کہہ نہین سکتا مین دل آرام کا جھگڑا

جادو کا اثر رکھتا ہے مرجاؤ گے سُنکر
ہرگز نہ سنو عاشق بدنام کا جھگڑا

(۲۹)
بے نام و نشان ہو تو ابھی فیصلہ ہو جائے
اے صحو لگا رکھا ہے کیون نام کا جھگڑا
(۷)

کس بلانوش نے یہ رشتۂ الفت جوڑا
میرا آرام گیا وہ نہ ستانا چھوڑا

دل کو بیچین کیا آنکھین دکھا کر پہلے
یار کیا مجھسے ملا صبر کا کوزہ پھوڑا

دے مئے وصل جو کچھہ بھی تجھے دینا ہوئے
گہ بگہ دیتا جا تلچھٹ مجھے تھوڑا تھوڑا

کیا خطا مجھسے ہوی کچھہ نہین معلوم ہوا
گھر مرا دیکھہ کے وہ دور سے باگین موڑا

کچھہ مسیحا کا یہان پر نہین چلتا چارہ
ہرگز اِس عشق نے جیتا نہ کسیکو چھوڑا

شور و غل کرنے لگے سُنکے بلی کو میرے
جب ملایک کو لگا غیب سے آکر کوڑا

(۳۰)
عہد و پیمان لیا یار نے دیکھو اے صحو
پڑ گیا پیر مین اپنے یہ ازل سے کوڑا
(۵)

لبریز جامِ محفلِ مستان مین رہ گیا
نقشہ عدم کا دیدۂ حیران مین رہ گیا

یان جستجو مین اوسکی ہی رہتے ہین صبح و شام
مخزن کسی کا خانۂ انسان مین رہ گیا

پہچانتے نہین ہین ابہی تک وہ آپ کو
جہگڑا ہی تو گبر و مسلمان مین رہ گیا

وحشت کو میری دیکہہ کے گہبرا گیا ہے وہ
دستِ جنون ہی چاک گریبان مین رہ گیا

(۳۱)

ہرگز یقین نہ آے گا عاشق کی بات کا
کیا صحو کو ہوا کہ نہین ہان مین رہ گیا

(۵)

جیتا رہا جب تک کہ مین سہتا رہا جور و جفا
کس سے کرون فریاد مین حاکم تو میرا تو ہوا

جب سے کہ آیا دہر مین ڈہونڈا کیا مین جا بجا
کب تک مین حیران یان رہون ملتا نہین تیرا پتا

ہوش و خرد سب گم ہوے باقی رہی اک جان ہے
ہمت ابہی ہینے ہاردی قابو سے دل جاتا رہا

بہولا ہون تیری یاد مین دونون جہان کو یک بیک
پاتا نہین مین آپ کو نام و نشان تک مٹ گیا

(۳۲)

رہ مین ملے غارتگران سب دوست جانی بن گئے
لایا تہا جو کچہہ نقد دل اے صحو سب لوٹا گیا

(۷)

عاشقون کو تیرے پیارے کفر کیا اسلام کیا
مذہب و ملت کہان کا ننگ کیا اور نام کیا

دمبدم دیتا چلا جا جامِ مے پر جامِ مے
تیرے میخوارون کو ساقی صبح کیا اور شام کیا

ایسی کچہہ دیدی ہے ساقی نے شرابِ بیخودی
مست ہین پیر و جوان سب خاص کیا اور عام کیا

کعبہ و بتخانہ مین شیخ و برہمن کیا رکہا
وصل اوسکا چاہیے بس قصر کیا اور بام کیا

روسیہ ہوے نگینہ نام روشن اور کا
یہ تو فرمائین مجہے پیر مغان انعام کیا

سجدہ سب ملکر ملایک نے ہے آدم کو کیا
تہمتِ گندم لگا کر کر دیا بدنام کیا

(۳۳)

دونون عالم مین نہین ہے کوئی صحو اوسکے سوا
ڈہونڈتا پہرتا ہے کس کو کام اور ناکام کیا

(۵)

جب تک کہ میان مصقلہ لا نہین ہوتا
وہ جوہرِ ذاتی کبہی پیدا نہین ہوتا

ہر چند ہے رتبہ ہی پر اللہ رے کدورت
کیا کیجیے اِس دل کو مصفا نہین ہوتا

ہان دل سے مے اُٹہتی ہین سو موج معانی
اِس قطرہ کا ہمسر کوی دریا نہین ہوتا

ہے میم مین احمد کے عجب راز و معمّا
اِس رمز سے آگہ کوئی حاشا نہین ہوتا

(۳۴)

اللہ کا ہے شکر کہ اب فیضِ حسن سے
اِس صحو کا دل مائل دنیا نہین ہوتا

(۵)

تلاشِ یار مین گم ہے دلِ مضطر سے کیا کہنا
جلایا عشق کی آتش نے اوس دلبر سے کیا کہنا

عجب حالت ہے کچہہ میری نہ مرتا ہون نہ جیتا ہون
مین راضی ہون مقدّر پر بتِ کافر سے کیا کہنا

نہ ماندہ اب ڈنڈر پر نقش اور نہ جا ملا کے کہنے پر
مجہے اپنا ہوا سایہ پری پیکر سے کیا کہنا

وہ بدتر سے بہی بدتر ہے نو جسمین مذاقِ عشق
حقیقت حال عاشق کی شکم پرور سے کیا کہنا

۳۵

نہ جا پوجا کو مندر مین کہ دل ہے رام صحو اپنا
جو تن بیت الصنم ٹہہرے تو پہر تیہر سے کیا کہنا

(۴)

یاد رکہنا ہمین تم بہول نہ جانا جانا
مین فقط ہون تری صورت کا دیوانہ جانا

آپ کی درد جدائی سے مین مر جاؤنگا
ملک الموت کو ہوے گا بہانہ جانا

ہجر مین زندہ ہے خونِ جگر پی پی کر
بدلے پانی کے مئے وصل پلانا جانا

چشم بد دور نہ غیرون کی نظر لگ جائے
جائے مردم میری آنکھونمین سمانا جانا

دستور یہ ہے کہ ایام اعراس اولیاے عظام مین مثل چادر گل کے پنکھا بھی آستانونمین نذر کرتے ہین اور چونکہ عشاق اپنے محبوب کی ہر چیز مین شمیم جان پرور پاتے ہین لہذا ایسے کسی موقع پر فرماتے ہین (٥)

(٣٦)

لیچلو کارساز کا پنکھا
میرے بندہ نواز کا پنکھا

خضر و الیاس دیکھنے آئے
شوق سے بے نیاز کا پنکھا

حورین جھلتی ہین سب مودب یان
پنجگانہ نماز کا پنکھا

ید قدرت سے لو بنا ہے یہہ
شان پاک نیاز کا پنکھا

(٣٧)

کوئی کیا جانے صحو قدر اسکی
تن انسان ہے راز کا پنکھا

(٦)

یہ نئی طرز کا امسال ہے یار و پنکھا
چل کے روضہ پہ مرے یار کے وار و پنکھا

سالہا سال تمہین لانا مبارک ہووے
للہ الحمد کہ اب سے اتار و پنکھا

موسم گل مین ہوا ہے مجھے پر جوش جنون
دل یہ کہتا ہے کہ ہر بار پکار و پنکھا

وصل اوس یار کا منظور اگر تمکو ہو
دمبدم ایک نیا اوس پہ نثار و پنکھا

چشم نابینا ہر اک کہتی تمنا ہے یہی
میری آنکھون سے لگا دیجو کہار و پنکھا

(٣٨)

حوریان جھانکین ہین جنت کے جھروکون سے صحو
مہر و مہ بنکے جو آیا ہے ستار و پنکھا

(٥)

جلوۂ نور خدا شاہ حسن کا پنکھا
واہ کیا خوب بنا شاہ حسن کا پنکھا

اسکو رکھتے ہین ہر اک جن و بشر آنکھون پر
کیون نہو صل علیٰ شاہ حسن کا پنکھا

شاہ فرہاد کے دامن کی ہوا آنے لگی
جب گریبان پہ ہلا شاہ حسن کا پنکھا

قطب دین قبلہ عالم کا تماشہ دیکھو
بن گیا جلوہ نما شاہ حسن کا پنکھا

(٣٩)

ہے یہی اپنے پرائے کی زبان پر اے صحو
اب کے کیا عمدہ بنا شاہ حسن کا پنکھا

(٥)

آئینہ مین کس لئے زنگ کدورت آگیا
اب صفائی ہو گئی جینے سے جی گھبرا گیا

جل گیا ہون سر سے پا تک شمع رو کے ہیمن
جان کی پروا نہین پروانہ گر سلگا گیا

خاک میری اڑ گئی بنکر بگولے کی طرح
اے سموم اب ٹھہر جا کیا ہاتھ تیرے آگیا

مانتا ہر گز نہین کہنا کسی کا خیر ہو
کیا معلم اب تجھے پیارا نہین سمجھا گیا

(٤٠)

مرخ جوڑا شوخ پہنا سوے مقتل عزم ہے
صحو اب شاید ہمارے قتل کا وقت آگیا

(٦)

تر اہمشکل عالم مین کوئی ایجاد ہونا تھا
کوئی شیرین کوئی خسرو کوئی فرہاد ہونا تھا

ہمارے قتل کا باعث ستم ایجاد ہونا تھا
کوئی بسمل کوئی گھائل کوئی جلاد ہونا تھا

ہوا شاگرد وہ پہلے جسے اُستاد ہونا تھا
چڑھا منصور سولی پر مبارکباد ہونا تھا

مسافر ہین عدم کے ہم کرم سے کام لیجے گا
زبانِ پاک سے تیرے تو کچھہ ارشاد ہونا تھا

بہانہ تھا وہ در پردہ خودی کو خود ہلا دینا
دوئی کی قید سے ایدل تجھے آزاد ہونا تھا

(۴۱)

تو ہے مختار جانان صحو اک محتاج ہے بیحد
پڑا رہتا ہے در پر وہ اوسے امداد ہونا تھا

(۷)

کب ہووے غلط وہ کہ نہ انسان مین آیا
شہ رگ سے قریب آیت قرآن مین آیا

اللہ کے سوا کوئی ہے تحقیق جہان مین
پوشیدہ جو تھا بس وہی میدان مین آیا

دیکھہ ابروِ خمدار و لبِ لعل و خطِ سبز
اک دیدہ و دل اک جگر و جان مین آیا

ترغیب ندے مجھکو کوئی دیر و حرم کی
مین اپنے صنم خانۂ ایمان مین آیا

کہتے ہین جسے دل ہے وہی خانۂ توحید
بشگفتہ میرے سینۂ بستان مین آیا

گر بہید ہے زاہد تو یہی بہید ہے حق کا
جو بہید کہ منصور کے عرفان مین آیا

(۴۲)

حق ہے کہ تو ہی صحو یہ دل ہے کہ تو ہی تو
خود ذات سے اپنی دل انسان مین آیا

(۵)

بیخیالی خیال ہے اپنا
لا اُبالی جمال ہے اپنا

مختلف صورتین ہوئین ظاہر
یہ تو ادنی کمال ہے اپنا

سر سے پا تک ہون آئینہ خانہ
مجھکو دیکھو وصال ہے اپنا

کون سمجھے گا رتبۂ عالی
بیخودانہ تو حال ہے اپنا

(۴۳)

تجھکو کیا ہو گیا ہے نادان صحو
کچھہ بھی آیا خیال ہے اپنا

(۵)

مفت بدنام مجھے عشقِ دل آرام کیا
آپ اچھا رہا بدنام مرا نام کیا

کیون بھوین تان کے بیٹھے ہو مرے بندہ نواز
کیا بُرا مینے کیا وصل کا پیغام کیا

مجھکو فرصت ندیا کام نہ کوڑی کا ہوا
آفرین جذبۂ دل آپنے کیا کام کیا

کہینچکر نقش مرا خاک پہ برباد کیا
نام باقی نرہا دیکھئے گمنام کیا

(۴۴)

صحو مدفن ہے ترا گوشۂ میخانہ مین
جیسا آغاز تھا ویسا ترا انجام کیا

(۶)

آنکھہ مین تیرے سوا یار سمایا تو نہ تھا
قابلِ دید کوئی ایسا تماشا تو نہ تھا

کون کہتا ہے کہ اغیار پہ کرتے ہین نظر
کس کو مین غیر کہون دوسرا آیا تو نہ تھا

وہ تو محرم تھا مرا کس لیے روپوش ہوا
رازِ پوشیدہ کوئی ہمسے چھپایا تو نہ تھا

باوجودیکہ ترا حکم ہوا۔ میرے سوا
کوئی سر بارِ امانت کو اٹھایا تو نہ تھا

مین اگر بھولون تو بھولون مرے صاحب مجھکو
آپنے مجھکو کبھی دل سے بھلایا تو نہ تھا

(۴۵)

اسی حسرت مین دم اے صحو نکلنے کا نہین
اپنی چھاتی سے مجھے ہائے لگایا تو نہ تھا

(۵)

بتا دو دو عالم مین ہے کون ایسا
قسم تیرے سر کی ہوا ہے نہ ہوگا

سزاوار ہے اوسکو جو کچھہ کہے وہ
کہے وہ گر انا اللہ عجب کیا

زبان پر کسیکی انا مثلکم ہے — سمجھنے کی ہے بات سن تو ذرا سا
فنا و بقا سے گزر جائے اب — تصور حضوری مین رہتا ہے کسکا

(٤٦) — تو قطرہ سا اے صحو دریا مین گم ہو — وہان کون خالق ہے یہ کون بندہ — (٥)

اٹھاکے پردہ خودی کا دل سے جناب کا تو جمال دیکھا — غریق بحرِ عمیقِ وحدت سراسر عالم جمال دیکھا
جو کل شیءٍ محیط بولا وہ ہمکو جانا ہم اوسکو جانے — ہر اک بشر مین ہے اوسکا جلوہ اوسیکا ہمنے کمال دیکھا
کلیم خود وہ کلام کرتا سمیع ہے صاحبِ سماعت — وجود سارے منزہ ہمنے دو عالم اوسکا خیال دیکھا
ہمی صاف و آئمین بخن اقرب پڑا نہین کیا سمجھ لو اوسکو — عزیز و کسنے کہا ہے تمسے جو ملنا اوسکا محال دیکھا
یہان نہ گھٹکر وہان نہ بڑھکر جہان مین دیکھا وہ ہی برابر — فلک کے نیچے زمین کے اوپر جناب کا مین جمال دیکھا

(٤٧) — واہ قدس سرہ — (٥)

اے طالبِ جمال طلبگار دیکھنا — پردہ اٹھا کے جلوہ تو ہر بار دیکھنا
ہر اک خیال کو تو ذرا دل سے دور کر — پھر دل کے آئینہ مین اوسے یار دیکھنا
معلوم ہو گیا ہے زلیخا کو اے عزیز — یوسف کو کیوے کون خریدار دیکھنا
لذت ہے کیسی عشق مین مجنون سے پوچھے — لیلےٰ کا ہو چکا وہ گرفتار دیکھنا

(٤٨) — ہمکو ملا یا خاک مین مختار ہے وہ صحو — آیا نہین مین آپ سے لاچار دیکھنا — (٥)

مقابل آئینہ کے آئینہ تھا — کسی کا آشنا کوی ہوا تھا
کری خانہ خرابی میری مستی — سوا میرے نہ کوئی دوسرا تھا
کیا تحقیق جسدم مینے خود کو — ہوا معلوم اپنا آشنا تھا
اُٹھا دہو کا یقین کامل ہوا اب — ہمارے پاس ہی قبلہ نما تھا

(٤٩) — کوی جانے نہ جانے مجھکو عالم — کہو کیون صحو کو پیدا کیا تھا — (٩)

دل کسی پر نہ میرا مائل تھا — جس کو دیکھا وہ میرا قاتل تھا
اسلئے سب سے مین گریزان ہون — حضرتِ دل مین میرا منزل تھا
پاؤن کسطرح سے کہان مین اب — جابجا یار میرا ناقل تھا
آپ آئے نہ مجھکو بلوایا — سچ کہو کون تیرا حائل تھا
کوئی بھرتا نہین نظر مین مری — ہون مین ناقص بجا وہ کامل تھا
روبرو اوسکے ہم ہوے اُمّی — کیا بڑا یار میرا فاضل تھا
سب گیا بھول اک توجہ مین — اب کہان فخرِ علم عاقل تھا
جذبۂ عشق نے جسے کھینچا — پھر کہان فرض تھا نوافل تھا

(٥٠) — کسلئے باندھتے ہو خنجر آپ — صحو تیرا ایمان تو بسمل تھا — (٣)

کیا جانے بشر کچھ رتبہ ترا یا پیر ہدیٰ یا مرشدنا — ہے ایک یہی عاجز بخدا یا پیرِ ہدیٰ یا مرشدنا

مولا تو مرا مین بندہ ترا ہی دل کو یقین کچھہ شبہہ نہین
توحید کو نادان کب سمجھا یا پیر ہی یا مرشد نا

غفلت مین پڑا محجوب رہا سمجھا جو تجھے کچھہ اور ہی اور
پردہ کو دوئی کے جلد اٹھایا پیر ہدی یا مرشد نا

(۵۱) واہ قدس سرہ (۵)

عیسیٰ سے بھی مردہ ترا زندہ نہین ہوتا
دم بھر کا ہے مہمان یہ جیتا نہین ہوتا

جب تک کہ مجالی نہون جلوہ نہین ہوتا
ہر رنگ مین خود آپ کنہیا نہین ہوتا

کس مُنہ سے کہون حالِ دلِ زار کا اپنے
کچھہ آپ کہو آپ سے کیا کیا نہین ہوتا

تھا تیرِ ملامت کا ہدف روزِ ازل سے
پھر کس لئے وہ آپ کا شیدا نہین ہوتا

(۵۲) شہر گے بھی نزدیک ہے قران مین اے صحو (۷)

کہتا ہے جہان وصل مین پردہ نہین ہوتا

مین خاکِ کفِ پا بھی نہین یار ہون تیرا
سایہ کیطرح پایہ دیوار ہون تیرا

جی چاہا سو کہتے ہین مجھے ہندو مسلمان
تو بخشے نہ بخشے مین گنہگار ہون تیرا

اِس گلشنِ دنیا مین کھلی آنکھہ تو دیکھا
گل ہین تو ترے ہین مین بھلا خار ہون تیرا

جینے کی خوشی ہے نہ ہے مرنے کا مجھے غم
غم کھاتا ہون خون پیتا ہون غمخوار ہون تیرا

یوسف ہے اگر تو تو زلیخا ہون مین بیشک
بازار مین گر آئے خریدار ہون تیرا

حیران طبیبان بھی اگر ہون تو بجا ہے
اچھا نہین ہوتا ہون مین بیمار ہون تیرا

کرتے ہو عبث صحو سے پردہ مرے صاحب

(۵۳) مدت سے ہوا محرمِ اسرار ہون تیرا (۵)

دل جسے کہتے ہین دشمن ہے ہمارا کیسا
آپ اچھا رہا اور ہمکو بگاڑا کیسا

آپ پہلو مین چھپا کر دیا ظاہر ہمکو
نام بدلا کے رکھا آدم و حوا کیسا

حیرت آباد مین جب سے کہ ہوے ہم ہین مقیم
آئنہ ہو گیا غماز ہمارا کیسا

پوچھتا گاہ نہین وہ ستم آرا مجھکو
اندرون ہو گیا اب حال تمہارا کیسا

(۵۴) کہہ نہین سکتا ہون نام اوسکا زبان سے اے صحو (۵)

نام پیارے کا ہی کیا خوب ہی پیارا کیسا

اوسکی الفت مین مجھے لطفِ جوانی تو ملا
مجھکو یوسف نہ ملا یوسفِ ثانی تو ملا

صحبتِ پیرِ مغان کیون نہ غنیمت ہو مجھے
قطرہ بادہِ اعجاز بیانی تو ملا

رتبہ آدم کا تو دیکھو کہ دو عالم ہے مطیع
اور اسے چاہیے کیا سرِ نہانی تو ملا

ہاتھہ سے چھوٹ کے آئینہ گرا پتھر پر
خود مٹا جلوہ ما اعظم شانی تو ملا

(۵۵) صحو قسمت مین ہمارے ابھی باقی کیا ہے (۵)

نہ ملا اور ہمین کچھہ دلِ فانی تو ملا

دل کسی کافر کے پالے پڑ گیا
دیکھتے ہی ہوش اکدم اُڑ گیا

بھولا بھٹکا آ رہا تھا اِس طرف
گھر شرابی دیکھکر وہ مڑ گیا

کھیل لڑکون کا نہین اے عاشقو
دار پر کہکر انا الحق چڑھ گیا

معرفت کی راہ مین یار انہین
اب تصور کا بھی ٹٹوا رگیا

(۵۶)

پست ہمت کردیا ہے صحو کو
چھوڑکر رہ مین اکیلا پڑگیا

(۵)

بے نشان کا اے عزیزو دل نشانہ ہوگیا
آفتِ جان اوسکے گھر مین میرا خانہ ہوگیا

بیحجابانہ ہوا چاہے ہے وہ پردہ نشین
میرے گھر آنے کا اونکو اک بہانہ ہوگیا

لاکھ پردونمین چھپانے سے نہین چھپتا ہی عشق
دل لگاکر اون سے مجھکو اک زمانہ ہوگیا

جذبۂ عشقِ صنم کب چھوڑتا ہے دوستو
گور مین خاکِ غریبان کا سرہانہ ہوگیا

(۵۷)

بعدِ مدت صحو اب مجھکو یقین حاصل ہوا
جسکو ہم بیگانہ سمجھے وہ یگانہ ہوگیا

(۶)

در منقبت حضرت خواجہ خواجگان سلطان الہند حبیب اللہ غریب نواز می سراید

سنا تھا پیرِ طریقت سے نام خواجہ کا
پلایا ساقی نے مے بھر کے جام خواجہ کا

خطاب اونکا ہے ہندالولی عطائے رسول
ہر ایک بھرتے ہین دم خاص و عام خواجہ کا

بتا رہے ہین وہ اونگلی سے دیکھکر مجھکو
شراب پینے کو آیا غلام خواجہ کا

بگڑتا کیا ہے ترا لطف کی نظر گر ہو
ہمارا کام نکلتا ہے نام خواجہ کا

نہین وہ دام ہے کہوٹا کہ جسپہ نام ہو ثبت
جہان مین چلتا ہے سکّہ مدام خواجہ کا

(۵۸)

خلافِ شرع ہین اے رند تو نہ مجھکو ڈرا
بجا ہے صحو کو سجدہ سلام خواجہ کا

(۵)

کیا بتاؤن دل نے میرے کیا کیا
شور برپا عالمِ بالا کیا

خیر و شر کے آپ خود مختار ہین
چھپ کے پردہ مین مجھے رسوا کیا

تاج کرمنّا دیا انسان کو
معرفت کے واسطے پیدا کیا

للہ الحمد آج کی کیا رات ہے
جن و انسان آپ کو سجدہ کیا

(۵۹)

صورت اپنی دیکھنے کو صحو آپ
آئینہ پیدا کیا اچھا کیا

(۵)

ردیف ہائے موحدہ

مست و خوش ہوتا ہے دل لے جو کوئی نام شراب
ساقیا صدقے ترے مجھکو پلا جام شراب

خاص ہوا گرہ کی اور کسی جا کی نہو
تن مین جبتک رہے دم باقی ہین یا تم شراب

حالِ دل کسکو سناؤن اے مرے عالیجناب
پیتا ہر روز ہون لیکر مین بہت وافر شراب

مین نہین چاہتا اپنے سے مگر کیا مین کرون
دیتا اکثر ہے مجھے پیرِ مغان جام شراب

(۶۰)

محو کا حشر مین اے صحو نہ چھوڑون دامن
دادخواہ در پہ رہون مین پیے انعام شراب

(۵)

منصب مرا شاہی نہ گدائی مرا منصب
بہتان ہوا قالو بلائی مرا منصب

مشاطۂ ازل ہون مین مرا کام یہی ہے
سب جانتے ہین روئے نمائی مرا منصب

عالم مجھے کیا جان کے انجان ہوے ہین
مشہور تو ہے عقدکشائی مرا منصب

خالی نہین اک بات بہی مطلب سے ہماری | بہتر ہے بہلائی کہ برائی مرا منصب

(۶۱)

کس نام سے ہم تجہکو بہلا صحو پکارین
ہر شے مین ہو اجلوہ نمائی مرا منصب

(۵)

ردیف پائے تحتانیہ فارسی

مجہسے کیا پوچہتے ہین کیا ہین آپ | خود کو بہولین تو کیما ہین آپ
کون پہچانے نقشبندیِ گل | گلِ بے رنگِ بوالعلا ہین آپ
ذات پاک آپ کی ہے وجہ اللہ | شش جہت آئینہ نما ہین آپ
چشم رکہتے ہو دیکہو معنی کو | اپنی صورت پہ کیا فدا ہین آپ

(۶۲)

چہوڑو اے صحو خود نمائی کو
بت پرست اور ہم خدا ہین آپ

(۷)

ردیف تائے فوقانیہ

مدت سے ہون مین تشنہ لب و کام محبت | ساقی مجہے پلوا دے کوئی جام محبت
کچہہ کافر و مومن پہ نہین دیکہئے موقوف | پوشیدہ ہر اک دل مین ہے اسلام محبت
دل آپ کا اب گالیان کہا کر ہوا ٹہنڈا | پایا یہ دلا آپ نے انعام محبت
آتا ہے یہی دلمین کہ پہڑاؤن ڈہنڈورا | لیوے نہ کوئی اہل جہان نام محبت

کیا پوچہتے ہو یار و مرا حال عجب ہے | برباد کیا مجہکو دلارام محبت
عاشق کو ترے کوئی بہی اچہا نہین سمجہا | پہرتا ہے ہر اک کوچہ مین بدنام محبت

(۶۳)

آغاز جسے کہتے ہین انجام ہے اپنا
کیا پوچہتے ہو صحو تم انجام محبت

(۵)

سرگرم رہا کرتا ہے بازارِ محبت | عاشق ہے گران مول خریدارِ محبت
خالی نہ کسی فرد کو پایا دو جہان مین | ہے صاف عیان خلق مین آثار محبت
کیا جانے کوئی حالِ دلِ زار عزیزو | ہر روز فزون پاتا ہے اطوار محبت
حیران ہین اسے دیکہکے افکار طبیبان | اچہا کبہی ہوتا نہین بیمار محبت

(۶۴)

ہے سب سے الگ صحو پہ اون سب مین ہے شامل
پاتا ہے وہی آپکے اسرار محبت

(۵)

ہے پایا جو ساقی شرابِ الست | ہوا با مزہ دل کبابِ الست
کہا پہر تو قالوا بلےٰ خود بخود | کیا پیش قدمی جوابِ الست
ملایک کہے سب ظلوم جہول | سہا بار عاشق جوابِ الست
پڑینگے یہ لینے کے دینے دہان | جو پوچہین گے تمسے حسابِ الست

(۶۵)

نہین اس سے بہتر وظیفہ کوئی
پڑہو صحو ہر دم کتابِ الست

(۵)

کیا پوچہتے ہو چاک گریبان کی شکایت | کس منہ سے کہون مین دلِ بریان کی شکایت

وحشت ہی لئے پھرتی ہے اب مجھکو عزیزو — رہبر سے کرون قیس بیابان کی شکایت
گل خار مین رہتا ہے نہان خار ہی گل مین — کرنے کا نہین آنکھ سے شیطان کی شکایت
مردود نہ ہو جائے اوسے کہدو الٰہی سے — کرتا ہے کوی حضرتِ انسان کی شکایت

(۶۶) مذکور تو دربار مین ہوتا ہے کسی طرح — (۳)
ہے صحو دلِ بے سر و سامان کی شکایت

مین نہین کہتا زبان سے آرہی ہے بو بدوست — خونِ دل پیتے ہین ہر دم ساکنان کوی دوست
جسکو دیکھا تجھکو دیکھا آشنا نہ بیگانہ تہا — تہا ہر اک عالم مین پیدا کیا خیال روی دوست
کیا قیامت ہے کہ بولے آپکو پہرتے ہین ہم — دیر و کعبہ مین بہی دیکھا جا بجا ہی کوی دوست
کب نظر مین بہرتے ہین اونکے امیر و بادشاہ — ہے وہ لاپروا ازل سے پاسبان کوی دوست
چاہتا ہون دل سے پوچہون داد میری دیجیے — آپ سے بڑہکر نہین ہین شائقان کوی دوست
خوش نصیبی پر اونہون کے کیون نہو حسرت مجھے — وہ جو کہلاتے ہین عالم مین نگران کوی دوست

ہین ابوبکر و عمر عثمان و حیدر صحو زار
میرے حامی وقتِ مشکل امتحان کوی دوست

واز دست قدس اللہ سرہ العزیز این غزلی کہ ہر مصراعش مشتمل است بر دو زبان یعنی فارسی و ریختہ

(۶۷) (۵)

پاتا نہین بغل مین دل دلبر کجا برفت — کہدو کوی طبیب سے جانِ عزیز ما برفت

بہول گیا خوشی سے مین حفظ مراتبِ ادب — آجو گیا وہ سامنے از تہِ دل دعا برفت
کیون ہے ڈراتا ناصحا نیست عدوے ما کسے — مرنے کے آگے مر گیا بر سرِ ما قضا برفت
شرم و حیا نہین مجھے خانہ بخانہ میروم — عاشقِ بے نصیب ہون بر درِ او گدا برفت

(۶۸) پاتا نہین مین آپ کو اندر خویش گم شدہ — (۵)
صحو کہان چلا گیا محرمِ راز ما برفت

ردیف ثاے مثلثہ

عشق بتان کی دل مین رکہی آرزو عبث — زاہد بھٹکتا پھرتا ہے تو سو بہ سو عبث
جہگڑا پڑا ہے شیخ و برہمن کا دہر مین — دیر و حرم مین کرتے ہین یہ جستجو عبث
وحدت مین تیری بو لے البشر کی مجال کیا — کاٹی گئی زبانِ قلم گفتگو عبث
بچہڑا جو دوستون سے جہان مین ہوا خراب — بے نام بے نشان پہرا کو بکو عبث

(۶۹) کہدو یہ صحو سے کہ اب آتے ہین گہر ترے — (۷)
تکتا کہڑا ہے صبح سے تو چار سو عبث

ردیف حاے حطی تازی

جلوہ شانِ کبریا ہے آج — صندلِ شاہ بوالعلا ہے آج
دونون عالم ہین آئینہ صاحب — رو نما جا بجا ہوا ہے آج

اوٹھہ گئی ہے خودی خدا کی قسم — جلوہ افروز مہ لقا ہے آج
عید کا دن اگر کہین تو بجا — شور صلِّ علیٰ مچا ہے آج
دیکھتا ہے ادہر اودہر ہر سو — پوچھو عاشق سے کیا مزا ہے آج
ایسا رتبہ کسی کا ہوتا ہے — مہر و مہ آپ پر فدا ہے آج

(۷۰) صحو محتاج در پہ حاضر ہے — زور پر نخت نارسا ہے آج (۱۰)

ساقیا کیسا پلایا بھر کے تو پیمانہ آج — تیرے دیوانہ کا عالم ہو گیا دیوانہ آج
کو بکو سے دیکھنے جاتے ہین سب پیر و جوان — شہر مین شہرت ہوی ہے آرہا دیوانہ آج
گبر و ترسا عیش کرتے ہین جہانمین روز و شب — کعبۂ دل بن گیا ہے مومنو بتخانہ آج
فیصلہ ہوتا نہین ہے مدعی ہے زور پر — روبرو حضارِ مجلس کے ذرا بلوانا آج
ہو کا پیاسا شام سے بیٹھا ہون در پر آپکے — جلد تنخواہ اب مجھے سرکار سے دلوانا آج
آتشِ غیرت لگی تن مین یکایک یار آج — خیر ہے مونس ہوے ہین آپکے اغیار آج
بے نصیبی پر نہ روئین ہم دلا تو کیا کرین — دین کی دولت ہم لٹاتے ہین کھڑے سرکار آج
لگ گیا دامن مین دہبہ آبرو جاتی رہی — سنگ دہلیزِ صنم ہے زاہد و میخوار آج
آگ سینہ مین خریدارونکے ہے بھڑکی ہوی — ہے زیادہ کل سے بڑھکر گرمیِ بازار آج

(۷۱) صحو ایسا کام کر جو کام آوے کل ترے — ہم جتا دیتے ہین تجھکو جلد ہوشیار آج (۸)

صندلِ شاہِ بوالعلا ہے آج — رونق افروز مصطفےٰ ہے آج
کیا نظر مین تری نہین آیا — حق بہ شکلِ ابوالعلا ہے آج
کام بن آئینگے غلامون کے — خلعتِ مغفرت عطا ہے آج
میرے رتبہ کو کون سمجھے گا — اوج پر نخبتِ نارسا ہے آج
آج کی شب مین رونمائی ہے — ابتدا اور انتہا ہے آج
کوی حائل نہین رہا پردہ — قطرہ دریا مین مل گیا ہے آج
سوزشِ عشق سے کباب ہے دل — واہ رے واہ کیا مزا ہے آج

(۷۲) صحو منزل نہین سوا اوس کے — درِ محبوبِ کبریا ہے آج (۵)

ردیف حاے حطی

مضطر ہے تن مین دل مرا سیماب کیطرح — مرتا ہون یار ماہی بے آب کی طرح
اوس شعلہ رو کے عکس سے عالم ہوا عیان — روشن ہوا ہے دل مرا مہتاب کیطرح
کیونکر نہ سجدہ اوس بتِ کافر کو مین کرون — ابرو خمیدہ اونکے ہین محراب کی طرح
جلوہ نما ہے جب سے مرے گھر مین نازنین — اغیار جمع آئے ہین احباب کی طرح

(۷۳) اے صحو تو بھی ملک معانی کی سیر کر — قوت ہے تیری رستم و سہراب کیطرح (۴)

عشق نے تیرے صنم مجھکو بچایا بے طرح
چھوڑکر اسلام کو کافر بنایا بے طرح

دیر و کعبہ مین کہین تیرا پتہ ملتا نہین
دربدر شام و سحر مجھکو پھرایا بے طرح

صرف یہ تہمت ہے مجھپر مین کہون تو کیا کہون
نام ہستی کا مرے خاکہ اوڑایا بے طرح

(۷۴)
لیکے ساتھہ اغیار کو اے صحو آیا وہ صنم
بعد مردن قبر پر آکر ستایا بے طرح
(۵)

ردیف خاے معجمہ

ماہرو دولہا بنا ہے پہنکر پوشاک سرخ
اسلئے رہتی شفق ہے بر سر افلاک سرخ

سبز رنگت پر بخار و خون عاشق ہے نہان
سے پاتک ہے حنائی جامہ ادراک سرخ

انتظار یار مین شب بھر جو مین روتا رہا
اشک خونی سے ہوے ہین دیدہ نمناک سرخ

فرط رحمت سے کہون کیا حال ہوگا آپکا
دیکھکر امت کو ہونگے صاحب لولاک سرخ

خون برستا ہے فلک سے بدلے پانی کے مدام
ہے زمین کربلا اے صحو سرخ او خاک سرخ

منہ مین زبان نہین کہ کرین وہ بیان شوخ
راز الست مست ہوے عاشقان شوخ

آتا نہین زبانپہ وہ پوشیدہ راز ہے
کیا پوچھتے ہو صاحبو نام و نشان شوخ

دولت سے پُر ہے دامن دل تیرا دیکھہ لے
خالی نہین ہے کیسہ جان رازدان شوخ

دنیا و دین کے جھگڑے سے آزاد ہو گئے
کہلتے ہی آنکھہ ہوگیا مجھکو گمان شوخ

(۷۶)
اغیار مین سمجھتا تھا سارے جہان کو صحو
مشہور ہم ازل سے ہوے پاسبان شوخ
(۷)

ردیف دال مہملہ

مرا دل ہے محوِ جمالِ محمدؐ
وصال خدا ہے وصالِ محمدؐ

یہی کہہ رہا ہے مرا دل عزیزو
خیالِ خدا ہے خیالِ محمدؐ

ہوا جسکے باعث دو عالم ہی پیدا
بیان ہم کرین کیا کمالِ محمدؐ

نہ تھے جن و انسان زمین آسمان جب
ہوا ہے ظہورِ جمالِ محمدؐ

دل مردہ ہوتے ہین اکدم مین زندہ
ہے معجز بیان کیا مقالِ محمدؐ

سوا ذکر لیلی کے مجنون بنا دل
سنا دے کوئی مجھکو حالِ محمدؐ

(۷۷)
ہوا ہون مین اے صحو سوجان و دل سے
فدائے محمدؐ و آلِ محمدؐ
(۵)

اوس بت کی کرامت سے ادہر چھوٹے اودہر بند
ہم بیچہ حسرت سے ادہر چھوٹے اودہر بند

شاید کہ لکھا کاتبِ تقدیر نے تھا یہ
ہنگامہ کثرت سے ادہر چھوٹے اودہر بند

کیا کام نکالا ہے مری نفس کشی نے
دنیا کی محبت سے ادہر چھوٹے اودہر بند

ہم پہندے ہین صیاد کے جسدن سے پہنسے ہین
خالی نہ شرارت سے ادہر چھوٹے اودہر بند

کیا خوف تجھے صحو ترا یار ہے برمین

(۷۸) قربان اشارت سے ادھر چھوٹے اودھر بند (۷)

ردیف رائے قرشت

غیر دیکھا نہ کوئی بزم جہان مین آکر — آپ ظاہر ہوا پوشیدہ مکان مین آکر
پارسائی مین بنا دیکھو دکان مین آکر — کیا حلاوت ہے ملی سود و زیان مین آکر
ضبط کچھہ کر نہ سکا فاش ہوا عالم مین — پا گیا راز دلی آہ و فغان مین آکر
مرغِ دل کو کیا آدم کے ہے زخمی ظالم — واہ کیا کام کیا تیر و کمان مین آکر
جسنے یہ کھیل نکالا ہم اوسے جانتے ہین — تفرقہ ڈالے ملک وہم و گمان مین آکر
آپ سلطانِ دو عالم ہین گدا آپ ہی ہین — منتظم آپ ہوے خورد و کلان مین آکر

(۷۹) کھولکر دیدہ تحقیق اوسے دیکھہ ذرا (۴)
کون بیٹھا ہے ترے صحو مکان مین آکر

ستاتے ہو عبث ہمکو صنم تم مہربان ہوکر — نہین کچھہ قدر کرتے ہو ہماری قدردان ہوکر
کسے تو غیر سمجھا ہے یہ تیرا صرف دھوکا ہے — جہان مین گم ہوا ہے وہ نشانِ بے نشان ہوکر
چھپاے سے کہین بھی حسن چھپتا ہی حسینونکا — کیا کرتے ہین نظارہ وہ خود ہی پاسبان ہوکر

(۸۰) کھڑے ہین روبرو تیرے لگاتے صحو مین تہمت (۲)
یہ کیون نامہربان ٹھہرے تمہارے مہربان ہوکر

میری صورت کا ہی عاشق حور و غلمان چھوڑکر — بلبل وحشی بنا دل باغِ رضوان چھوڑکر

خاک مین کیا چیز ہے ناچیز کا شیدا ہوا — تاجِ خسرو چھوڑکر تختِ سلیمان چھوڑکر

(۸۱) (۵)
کیا تجھے سودا ہوا ہے گھر مین دلبر چھوڑکر — دیکھے ہے پانی کے اندر ماہِ انور چھوڑکر
کیا کہین کس سے گہین فریاد رس کوئی نہین — آئے ہین اب ہم یہان تختِ سکندر چھوڑکر
دونون عالم مین نہین عزت سوا تیرے کہین — ہے کہان مجھکو سہارا آپکا در چھوڑکر
آب و دانہ نے ہے کی آخر مری مٹی خراب — گردشِ افلاک سے ہون تنگ بستر چھوڑکر

(۸۲) وقت جو گزرا سو گزرا صحو اب ہشیار ہو (۵)
کیا ترے پچھتاے سے ہوتا ہے گوہر چھوڑکر

قطرہ کا قطرہ رہا ہے وہ دریا ہوکر — کیون مقید ہوا آدم تو خلیفہ ہوکر
پوچھتے کیا ہو مرا حال اوسی سے پوچھو — جان انجان ہوا یار شناسا ہوکر
خوب پہچانتا ہون آپ کو ہرجائی ہو — آیا کس شان سے ہے خاک کا پتلا ہوکر
ایک ہی شخص ہے یان پردۂ تحقیق کہان — مار ڈالا مجھے سرکار نے پردا ہوکر

(۸۳) حسن یوسف کی تمنا مین شب و روز اے صحو (۵)
نام بدنام کیا عشقِ زلیخا ہوکر

رہا اولجھا دلِ شیدا تری زلفِ معنبر پر — جو دیکھا مر مٹا ہوگا جمالِ روے انور پر
خدارا میری آنکھون سے اگر دیکھے کوئی آکر — فلک سے نور برسے ہے سرِ فرہاد کے در پر
اٹھا جسکا تعین ہو وہ سمجھے بات کو میری — کہون کیا صدق مین اپنا گمان ہوتا ہی ہر ہر پر

نہ اُٹھون گا کبھی ہرگز صبا چل کام کر اپنا — لگا بستر کو مین بیٹھا شہِ فرہاد کے در پر

(۸۴)

بہت سی خاک چھانی صحو پر اونکو نہین پائے
نہ کیون پھر جان دینا سہل ہو ایسے دلبر پر

(۴)

پردۂ میم مین چھپے ہین حضور
ہم سے نزدیک ہین نہین کچھ دور

تمکو زاہد ارم مبارک ہو
کہ دو زاہد سے کیا کرین ہم حور

سینہ سوزان ہے چشم گریان ہے
پڑ گیا جس سے دل مین ہے ناسور

(۸۵)

پوچھو لیلی سے حال مجنون صحو
خار سے پا ہوئے ہین چکنا چور

(۷)

ردیف زائے معجمہ

کیا شان تری ہے صل علی سلطان الہند غریب نواز
کہتے ہین تجھے ادنی اعلی سلطان الہند غریب نواز

مین ایک نہین ہون تیرا گدا بہتیرے پڑے ہین در پہ ترے
بھولو نہ مجھے تم یا مولا سلطان الہند غریب نواز

مین مفلس ہون کیا نذر کرون قربان ہے تجھ پر جان و دل
یہ ہدیہ ہو مقبول مرا سلطان الہند غریب نواز

ڈھونڈا مین جہان مین ہر اک جا اب تک کر آیا ہون مین یہان
اجمیر مین پائے تم خواجہ سلطان الہند غریب نواز

دربار مین تیرے جو آیا سب مقصد دل کے بر پایا
ولوا دے سخی شیئاً للہ سلطان الہند غریب نواز

ہر ایک وسیلہ رکھتا ہی مین تیرا ہون تو میرا ہے
میرا نہ کوئی ہے تیرے سوا سلطان الہند غریب نواز

یہ صحو غریب اس در کے سوا اب جائے کہان فرماؤ تمین

(۸۶) بیکس بندہ ہے یہ تیرا سلطان الہند غریب نواز (۵)

ولہٗ فی مناقبہٖ

یا حضرت خواجہ اجمیری سلطان الہند غریب نواز
کر دیجے خودی سے مجھکو بری سلطان الہند غریب نواز

فریاد کرون کس سے جا کر ہے موج بپا مندیا گھری
تم پار لگا دو کشتی مری سلطان الہند غریب نواز

پوچھے گا فرشتہ گر مجھسے ہی کون ترا رب کہے تو سہی
بس دو نگاہی مین تیری سلطان الہند غریب نواز

دربار مین تیرے حاضر ہی جو فرد بشر وہ شادان ہے
اب میرے لئے ہے کیا دیری سلطان الہند غریب نواز

(۸۷) ہان صحو کی عرض اب سن لیجے اکبار کرم اب کیجے (۵)
یہ دل مین ہمارے آگہی سلطان الہند غریب نواز

فیض بخش جن و انسان حضرت بندہ نواز
کیجیے بندہ پر احسان حضرت بندہ نواز

چھوڑ کر دنیا و دین کو آپڑے در پر ترے
ایک مدت سے ہون دربان حضرت بندہ نواز

کہہ نہین سکتا زبان سے حال روشن ہے مرا
سینہ سوزان چشم گریان حضرت بندہ نواز

مین نہین جاؤنگا ہرگز کوئی جائے یا رہے
نیک و بد ہین تیرے مہمان حضرت بندہ نواز

(۸۸) صحو ایک ادنی غلامون مین ترے مہجور ہے (۵)
دوسرے ہین شاد و خندان حضرت بندہ نواز

ردیف شین معجمہ

دن رات رہا کرتے ہین زردار فراموش — وہ یار فراموش ہم اغیار فراموش

کس سوچ مین ہے دیر سے معلوم نہین ہے
منبر پہ چڑہا بیٹھا ہے مکار فراموش

دنیا سے غرض اونکو نہ عقبیٰ سے سروکار
عاشق ہین ترے کا فر و دیندار فراموش

موسیٰ کی طرح طور پہ بیہوش گرین گے
مے پی کے ہوئے طالبِ دیدار فراموش

(۸۹)

مختار ہے سرکار ادا سے بخشے نہ بخشے
رہتا ہے ترا صحو تو ہر بار فراموش

(۵)

ردیف عین معجمہ

سانس سرد اور قلب آتش زاد ہو ان بتی چراغ
خود مین جب دیکھا نظر آیا دہوان بتی چراغ

باندہتا ہے روشنی جو جلد ہوتا ہے فنا
ہے زبانِ حال سے گویا دہوان بتی چراغ

کھول کر مو باف و زلف و رخ بناتا ہے وہ بت
کیون نہ لہرائے سر دریا دہوان بتی چراغ

پوچھہ لو ہر اہلِ دل سے ہے گواہ اس بات کا
ہے نہان فانوس تن مین کیا دہوان بتی چراغ

(۹۰)

شب کو جان و دل جلا کر آہ کر اے صحو تو
رات کو درکار ہے ہر حاد دہوان بتی چراغ

(۵)

ردیفِ فا

آج ساقی کا مرے ہے میکشو غسلِ شریف
دوستونکی عید ہے اے دوستو غسلِ شریف

کہدو زاہد سے نہ چھوڑے میکشونکو آج کل
ہے خوشی کا دن ہمارا منعمو غسلِ شریف

حضرتِ موسیٰ و عیسیٰ دیکھنے کو آئے ہین
میرے مولا کا ادب ہے لیچلو غسلِ شریف

پل مین کردے گا تو نگر صدقِ دل سے آئیے
یہ تو ہے اکسیرِ اعظم مفلسو غسلِ شریف

(۹۱)

بیخودی مین بڑہ نہ جانا ہے ادب لازم یہان
گوشِ دل سے صحو تم سنتے چلو غسلِ شریف

(۵)

بلا تیرا کیسا یہ حال ہے کبھی اسطرف کبھی اوسطرف
یہ خیال کیسا خیال ہے کبھی اسطرف کبھی اوسطرف

کبھی شیخ ہین کبھی برہمن کبھی بت پرست اور بت شکن
یہ اک اونکا ادنیٰ کمال ہے کبھی اسطرف کبھی اوسطرف

کہین بھولا بھٹکا تو آیا ہے ارے بے پتہ تو پتہ بتا
تو ہی شخص عکسِ جمال ہے کبھی اسطرف کبھی اوسطرف

کرے فکر کوئی تو کیا کرے تری ذات ایک ہے نام دو
جو جمال ہے وہ جلال ہے کبھی اسطرف کبھی اوسطرف

(۹۲)

کبھی کہتا انت زبان سے تبھی اکبھی رہا ہے انا انا
ترا صحو خوب خیال ہے کبھی اسطرف کبھی اوسطرف

(۵)

ردیف قاف

تجھی سے ہر اک جا جہان مین ہے رونق
زمین آسمان لامکان مین ہے رونق

گیا بھول زاہد طمع مین کسیکے
وہ سمجھا کہ باغِ جنان مین ہے رونق

غنیمت سمجھتا ہون چپ بیٹھنے کو
برابر گمان بدگمان مین ہے رونق

مرے یا جئے کوئی کیا غم ہے تجھکو
سدا زلفِ عنبر فشان مین ہے رونق

کوئی صحو سے جاکے اتنا تو کہدو

(۹۳) کہ تجھسے ہوی دوجہان مین ہے رونق (۵)

ردیف لام

یکتا ہے زمانہ مین مرے یار کا صندل — نکلا ہے بڑی دھوم سے سرکار کا صندل
دردِ سرِ عشاق شفا پائے نہ کیونکر — ملجا ہے اگر قاسمِ ابرار کا صندل
سب پیر و جوان مست ہین بے بادہ کشی کے — ہے آج یہان شبلی و عطار کا صندل
کس شان سے لائے ہین ملک دھوم تو دیکھو — اے صل علی قاسمِ ابرار کا صندل

(۹۴) بخشائشِ عصیان کا وسیلہ ہے ہمارا — کافی ہے تجھے صحو ترے یار کا صندل (۵)

یہ قدرت سے جو خالق نے بنائی قندیل — عرشِ اعظم سے یہ جبریل نے لائی قندیل
آئے ہین جن و بشر دیکھنے جلوہ اسکا — روضۂ پاک مین کیا خوب لگائی قندیل
آئینہ اوسکو جو کہئے تو بجا ہے یارو — پرتوِ یار کی صورت نے دکھائی قندیل
دردِ دل شور و فغان اوسکی ضیا سے ہی عیان — آگرہ سے بخدا دیکھو یہ آئی قندیل

(۹۵) فیضِ صحبت کا اثر آج تلک باقی ہے — جان اور دل مین ترے صحو در آئی قندیل (۵)

حقیقت مین حق ہے مرا نہاد دل — خدا دان خدا بین خدا آشنا دل
کہو شوخ سے کوئی اتنا تو جا کر — مین لاؤن کہان سے بنا کر نیا دل

وہ جانِ جہان جب سے جلوہ نما ہی — مرا عرشِ اعظم سے اعظم ہوا دل
مرا دین و ایمان و مذہب یہی ہے — برا ہے مرا دل بھلا ہے مرا دل

(۹۶) اسے چھوڑ کر صحو جاؤن کہان اب — بنا ہے کچھہ ایسا مرا آشنا دل (۶)

مرا حال دل ہے سنانیکے قابل — کرون کیا نہین ہے چھپانیکے قابل
لیا سر پہ اپنے وہ بارِ امانت — فقط کیا ہمین تھے اٹھانیکے قابل
برہمن سے کہدو کہ پھونکے نہ ہرگز — یہ مردہ نہین ہے جلانیکے قابل
بلانے سے میرے او نہین ننگ آیا — نہین یہ مکان اونکے آنیکے قابل
دُرِ و نم خدا سے ستاؤ نہ اتنا — فقیر اب نہین غم اٹھانیکے قابل

(۹۷) کہانی بھلا صحو کی کون سنتا — یہ باتین ہین آنسو بہانے کے قابل (۵)

سنانا مجھکو ہے لازم نہ ماجرا قاتل — طلب کرے نہ کرے اپنا خون بہا قاتل
نہ کر تو قتل مین تاخیر سوچتا کیا ہے — جھکا دیا ہے ترے روبرو گلا قاتل
سمجھتا ہون مین اشارے سے آنکھہ کے تیرے — ہوا ہے خاتمہ بالخیر اب مرا قاتل
ہوا نہین ہے کلیجہ ابھی ترا ٹھنڈا — مِلا مِلا کے مجھے خاک مین مٹا قاتل

(۹۸) ابھی سے آنکھہ چراتا ہے صحو سے کیون تو — بیان کرون گا یہ فردِ امین مین عاقاتل (۵)

ردیف میم

در مناقب شیخ سلسلہ می فرماید

دیوانہ ہون مشتاق لقائے شہِ قاسم
بتلادے کوئی مجھکو سرائے شہِ قاسم

دنیا سے غرض مجھکو نہ عقبیٰ کی طلب ہے
خواہان نہین شاہا مین سوائے شہِ قاسم

کیا دیر ہے حاصل ہو ابھی فقر کی دولت
گر پاس مجھے اپنے بلائے شہِ قاسم

ساقی ترے میخانہ کا صدقہ اسے ملجائے
سائل کو کوئی جام پلائے شہِ قاسم

(۹۹)

ہے صحو کی بس اب یہ تمنائے مبارک
یارو مجھے خمخانہ بنائے شہِ قاسم

(۵)

نگاہِ یار جادو سے نہین کم
جو زندہ ہین دلِ مردہ تو کیا غم

اگر دیکھے گداز دل عجب کیا
مہوس چھوڑ دے اکسیر کا غم

کہین کس سے کہ سلطان زمن ہین
پہن کر آئے جامہ خاک کا ہم

تمہاری یاد مین بیٹھے ہین کب سے
کرم کیجے سر تسلیم ہے خم

(۱۰۰)

نہین اے صحو خالی شیشۂ دل
بغل مین ہے ترے اکسیر اعظم

(۵)

تو نے عجب دکھا دیا جادو سامری صنم
آگ مین ہے خلیل کی جلوہ آذری صنم

خضر و مسیح پر بھی اب تیغ ادا چلے گی کیا
زندہ نہین رہے کوئی حکم ہے نادری صنم

ڈر تو خدا سے محتسب کر نہ گمان بد کبھی
شیشہ بغل مین ہے کہان پردہ مین ہے پری صنم

اہل زمین ترے فدا اہل فلک ترے نثار
غش مری طرح سے ہوے زہرہ و مشتری صنم

(۱۰۱)

تیرے سوا نہین ہے صحو دونون جہانمین کرتین
کرتا ہے ہر زمانہ مین دعوی داوری صنم

(۵)

بچشم اہل جہان صورت حباب ہین ہم
نہ پوچھو بحر حقیقت کے سیل آب ہین ہم

دہان سے آئے یہان پر مثال خوابیدہ
بس اپنے آپ خودی سے ہوے حجاب ہین ہم

مجھی سے گنتی ہے اعداد اور واحد کی
کسیکے ہاتھہ سے کیا کیا برے حساب ہین ہم

کیا ہے سجدہ ملایک نے جد امجد کو
مگر جہان مین ہوے دربدر خراب ہین ہم

(۱۰۲)

اٹھا جو پردہ دوئی کا رہا بس ایک وجود
جدہر کو دیکھا اودہر خود ہی انتخاب ہین ہم

(۷)

ردیف نون

کیا جوش باطن کہ ظاہر ہوا ہون
نہ بحر بقا ہون نہ موج فنا ہون

عیان ہے مقید مین مطلق کا جلوہ
کہون تمسے کیا مین برا ہون بلا ہون

مفخر مجھی سے ہوا تاج کاسہ
کبھی مین ہون سلطان کسی جا گدا ہون

یہ سب شعبدے مجھسے ظاہر ہوے ہین
دو عالم مین مین اک تماشا ہوا ہون

نظر کر ذرا دیکھہ معنی کو میرے
مین ظاہر مین اک نقطۂ معنی نما ہون

یہ طاقت ہے میری بغیر از ستون کے
کھڑا دیکھہ سات آسمان کو کیا ہون

(۱۰۳)
ہوا شوق سے ہے یہ سارا تماشا
ظہورِ دو عالم کا مین مدعا ہون
(۵)

کمالِ حسن یہی ہے کہ بے حجاب نہین
مقابلہ مین ترے کچھہ بھی آفتاب نہین

یہ کیسی بھٹی چڑھی آگرہ مین ہے یارو
جہان مین ایسی تو ہرگز کہین شراب نہین

جناب ساقیِ اجمیر کا ہوا ارشاد
بیو شراب خوشی سے کہ کچھہ حساب نہین

شرابِ خون ہے عاشق کا شک نہین اسمین
مزے مین پوچھو تو دل ساعیان کباب نہین

(۱۰۴)
ندے تو صحو حوالہ کتاب کا مجھکو
ہمارے پاس تو دل کے سوا کتاب نہین
(۵)

قدم پر ترے جان وارے ہوے ہین
بھلے یا بُرے ہم تمہارے ہوے ہین

سجے تن پہ بیٹھے ہین وحدت کا جامہ
وہ کثرت کی چادر اُتارے ہوے ہین

پڑا شور مسجد مین وہ دار پر ہے
انا الحق ہو الحق پکارے ہوے ہین

ڈراتا ہے دوزخ سے ہمکو تو زاہد
ازل سے کسیکے سہارے ہوے ہین

(۱۰۵)
بہت صحو پا بحرِ وحدت مین مارے
خودی چھوڑکر ہم کنارے ہوے ہین
(۸)

موت کیا آکر کرے گی خانۂ بیمار مین
مرچکا مرنے کے آگے اشتیاقِ یار مین

اسقدر گمنام ہون تیرے لئے مین صبح و شام
ڈھونڈھتی پھرتی قضا ہے کوچہ و بازار مین

مردہ زندہ کیون نہ ہوئے وہ مسیحِ وقت ہین
معجزہ عیسیٰ کا دیکھا آپ کی گفتار مین

ہے قیامت کا نمونہ قدِ بالا دیکھئے
سر سے پا تک ہے نزاکت آپ کی رفتار مین

اِک زمانے سے ملازم ہون شکایت کیا کرون
جمع ہے تنخواہ میری آجکل سرکار مین

کسلئے شیخ و برہمن ہین جھگڑتے رات دن
رشتۂ الفت ہے یارو سبحہ و زنار مین

مین اسی امید پر حاضر ہوا ہون دور سے
ادنیٰ و اعلیٰ ہین یکسان آپکے دربار مین

(۱۰۶)
کیا نہین تیرے مین وہ گلرو سمایا حیف ہے
صحو ہوشیار کیا ہے دیکھتا گلزار مین
(۷)

آستانِ پاک پر کب سے کھڑا مین بھی تو ہون
نام لیوا۔ عاشقانِ بوالعلا مین بھی تو ہون

کسلئے بھولا ہے مجھکو کیا مری تقصیر ہے
تیرے مشتاقون مین پیارے جانفرا مین بھی ہون

سب رقیب اب دیکھتے ہین بس حقارت سے مجھے
کہہ نہین سکتا کہون کیا خاکِ پا مین بھی تو ہون

سیکھہ لین مجھسے مہوس نسخہ یہ اکسیر کا
جستجو کو چھوڑ دے کیمیا مین بھی تو ہون

بے تصور کا تصور دل مین پیدا ہوگیا
اِک جوابِ خود نمائی ماسوا مین بھی تو ہون

کوی بھی سمجھو نہ سمجھو بات تو یہ راست ہے
ہان سبب انجامِ عالم کا ہوا مین بھی تو ہون

(۱۰۷)
آپ خود مختار ہے وہ خیر و شر کا صحو بس
ہر کسی کا راہزن اور رہنما مین بھی تو ہون
(۵)

ہے برآمد برملا اوس شوخ کو پردا نہین
جلوہ دیدارِ جانان آج ہے فردا نہین

اِس زمانہ کی شکایت کیا کرے کوئی بشر
قحط ہے عالم مین واللہ عاشقِ شیدا نہین

جلوہ دکھلادے ہمین اجنحاف کی کیا بات ہے
گھر سے جب باہر نکالا اوسکی الفت دیکھئے

بندہ پرور تیرے قربان یان کوی موسی نہین
ساتھہ ہے وہ ہر کسی کے کوی بہی تنہا نہین

(۱۰۸)

کیا غرض دنیا و دین سے جو کہ تیرا ہو گیا
صحو پھر دیکھا جہان مین طالبِ مولا نہین

(۵)

کوچہ مین تیرے دیکھا تو فکرِ رسا نہین
اس عالمِ سراب سے کیا کام تھا ہمین
ہر جلوہ تیرا یار عدیم المثال ہے
مرنا مجھے قبول ہے۔ کہتا ہی کیون طبیب

آئینہ مُنہ دکھائے کسے دوسرا نہین
دیکھا جہان مین اپنا کوی آشنا نہین
تجھسا حسین کوئی جہان مین ہوا نہین
وہ درد کون سا ہے کہ جسکی دوا نہین

(۱۰۹)

کیا کام صحو کو ہے سوا آپ کے جناب
مقصد نہین مراد نہین مدعا نہین

(۵)

نازو ادا ہین اونکے یہ جور و جفا نہین
شیخ الحرم سے کام نہ بیت الصنم سے کام
ڈہونڈین ہین کسکو آپ بتا و پتہ مجھے
دیر و حرم مین سر کو پٹکتے ہین کس لئے

خوبان کے دلمین نام کو بوئے وفا نہین
دل کے سوا بس اپنا کوئی رہنما نہین
بزمِ جہان مین آیا کوئی دوسرا نہین
تمکو پتہ تو شیخ و برہمن ملا نہین

(۱۱۰)

اے صحو جو کہ عشق مین آسودہ دل ہی خوب
کچھہ اوسکو اپنے جینے کا ہرگز مزا نہین

(۵)

عمر کہو یا دم کو بیجا نا نہین
دم مین وصلِ یار تہا جانا نہین

ہے یہی قولِ بزرگان یاد رکھہ
گر تو دانا ہے تو نادان بنکے رہ
عین کے دریا پہ جیسے راگ ہو
ہوش دم رکھہ قیس یہ جانا نہین

دور ہو دنیا سے ملجانا نہین
دام مین آیا تو وہ دانا نہین

(۱۱۱)

دیکھتی بیٹھی ہے پتلی آنکھہ مین
صحو تو نے آپ کو جانا نہین

(۳)

اودہر وہ موذی بلا رہا ہے ادہر مین شغلِ شراب مین ہون
حباب دریا مین سینکڑون ہین میان دریا حباب مین ہون
کبہی برہمن کبہی ملا کبہی ہے رہبر کبہی ہے رہزن
کہون مین کیا تجھکو اے مسلمان بتا عذاب مین ثواب مین ہون

یہ بات میری نہ سمجھنے والون خودی کے خود مین حجاب مین ہون
ہر ایک جا اور ہر ایک صورت مین آپ مین ہون سراب مین ہون

(۱۱۲)

جمع احباب ہین محفل مین ولے یار نہین
سر پہ فرہاد نے افسوس سے تیشہ مارا
یہ سنا دیجے کوئی جاکے زلیخا کو ضرور
کفر و اسلام کے جھگڑے سے وہی دور رہا
کچھہ اثر ہوتا نہین آہ کا میرے یارب
ہے مسیحا تو کہان جلد خبر لے اوس کی

کوئی ہمدم نہین مونس نہین غمخوار نہین
جانِ شیرین کو ملا شربتِ دیدار نہین
تیرے یوسف کا کوئی تجھسا خریدار نہین
دین و دنیا سے رہا جسکو سروکار نہین
دردِ دل کس سے کہون قابلِ اظہار نہین
تیرے بیمار کے کچھہ خیر کے آثار نہین

(۷)

(۱۱۳)

اوسکو پروا نہین اے صحو کسیکی ہرگز
ہے بشر کون سا جو طالبِ دیدار نہین

(۵)

عشق مین تیرے صنم دولتِ ایمان بھی نہین
بندہ کافر بھی نہین اور مسلمان بھی نہین

ایک نقطہ سے اُٹھا نقشِ طلسماتِ جہان
خود وہ ظاہر ہے ہر اک نفس مین پنہان بھی نہین

نظر آئی ہے ہر اک صورتِ وہمی مجھکو
تن نہین جان نہین جان کا جہان بھی نہین

درِ دولت پہ ترے آٹھ پہر حاضر ہون
حضرتِ دل کے سوا آپکا دربان بھی نہین

(۱۱۴) تیرے دربار مین ہین ادنی و اعلی یکسان
صحو عبرت کی ہے جا رتبۂ سلطان بھی نہین (۵)

دردِ دل کی مرے دوا ہی نہین
وصلِ جانان سوا شفا ہی نہین

کیا کرے گا طبیب افلاطون
ایسا نسخہ کبھی لکھا ہی نہین

چھوڑ دو میرے حال پر مجھکو
پندِ ناصح سے کچھ ہوا ہی نہین

تھا جو پردہ دوئی کا دل سے اُٹھا
میرا مجھکو پتہ ملا ہی نہین

(۱۱۵) باغِ عالم مین کہل گئے گل صحو
غنچۂ دل مرا کھلا ہی نہین (۲)

(۱۱۶) رازِ پوشیدہ ابھی آپنے سمجھا بھی نہین
حسنِ یوسف بھی نہین عشقِ زلیخا بھی نہین

لب پہ ہر رند کے ہی آج انا الحق کی صدا
کوئی قاضی نہین سولی پہ چڑھاتا بھی نہین

(۱۱۷) عاشقونکو خوف کیا ہے گرچہ وہ ناکام ہین
مر چکے ہین جیتے جی زندہ برائے نام ہین (۵)

آجہانمین کیا وہ دیکھا گر ند دیکھا آپ کو
اونکی آنکھین ظاہری بے مغز کا بادام ہین

ہاتھہ سے صیاد کے مشکل ہے بچنا دوستو
مرغِ دل بیچارہ تنہا اور بلا کے دام ہین

حق کہا منصور نے جو کچھہ کہا حق کی قسم
چار جانب اوسنے دیکھا عشق کے صمصام ہین

(۱۱۸) نام روشن ہو کسی کا ہے نگینہ روسیاہ
دیکھہ لو اے صحو عاشق خلق مین بدنام ہین (۲)

ولہ قدس سرہ

جو تمکو پردہ تھا ہمسے صاحب تو کون مانع تھا پہلے کرتے
وصال مین اب فراق کیسا جو مُنہ دکھا کر چھپا رہے ہین

جسے مین سمجھا تھا دوست اپنا وہ میرا دشمن عزیز نکلا
مزے اوڑاتے ہین گھر مین بیٹھے وہ صحو کا دل جلا رہے ہین

دل ناشاد کو مین شاد کرون یا نکرون
خانہ برباد تجھے یاد کرون یا نکرون

تنگ رہتی ہے طبیعت قفسِ تن مین مری
ہمدمو مرغِ دل آزاد کرون یا نکرون

ہے تقاضے پہ تقاضا مجھے ہر دم ہر آن
عالمِ غیب کو ایجاد کرون یا نکرون

ہاتھہ ہے بڑھنے لگا جیب و گریبان کی طرف
اے جنون کچھہ تری امداد کرون یا نکرون

(۱۲۰) تو ترکِ مسجد کی بنا ڈالی ہے ہمنے اے صحو
ساقیا میکدہ آباد کرون یا نکرون (۵)

ذکر کسکا ہو رہا ہے محفل احباب مین
ہے حرارت اور ہی کچھہ اس دلِ بیتاب مین

جامِ ساقی آئینہ ہے محتسب سے خوف کیا
دیکھتے ہین روئے دلبر ہم شرابِ ناب مین

حسرتِ دل دربدر اوسکو پھرا ے عزیز
حضرتِ یوسف کو دیکھے گر زلیخا خواب مین

بیٹھنا اک دو نفس ملکر غنیمت جانئے
تفرقہ انداز ہے چرخِ کہن احباب مین

(۱۲۱)

صحو پردہ ہمسے کیون تم غیر سمجھے ہو کسے
دیکھتے ہو کسکو بیداری مین کسکو خواب مین

(۵)

بحرِ الفت مین ترے اشکِ رواں رکھتے ہین
سوزِ دل آہ شرر سوز فغان رکھتے ہین

ہم وہ مجنون ہین کہ لیلیٰ کو نہان رکھتے ہین
عرشِ اعظم کے سوا اور مکان رکھتے ہین

تا قیامت ترے عشاق نہون گے سیراب
جامِ جم مے سے بھرا لب پہ فغان رکھتے ہین

جنس ارزان ہے جو جی چاہے خریدو ہمسے
اے خریدارو مگر عشقِ گران رکھتے ہین

(۱۲۲)

صحو لائے ہین نہ لیجائین گے کچھہ خوب سمجھہ
لوگ دیوانے ہین یہ وہم و گمان رکھتے ہین

(۵)

راز ہے کیا حضرتِ انسان مین
جسکو دیکھا ہے اوسی کے دہان مین

بوالعجب ہے حسن تیرا لامکان
جیتے جی لاکھون مرے ارمان مین

عشق مین کافر ہوے ہم زاہدا
کیا ضرر آیا ترے ایمان مین

سُن چکا پیرِ مغان رازِ نہان
کیا چھپا ہے پردۂ امکان مین

(۱۲۳)

دیکھنا ہے دیکھہ لو عالم مین تم
صحو اوسے ہر آن مین ہر شان مین

۵

شور بیجا ہو رہا ہے محفلِ اغیار مین
جا ہی پہنچین گے ہم ایدل کوچۂ دلدار مین

میرا معبد میرا مسکن آستانِ یار ہے
دفن کرنا بعد مردن سایۂ دیوار مین

تجھکو جنت ہو مبارک مجھکو دوزخ ہی سہی
لطف اب پاتا نہین واعظ تری گفتار مین

کس کو ہم کافر کہین کس کو مسلمان ناصحا
ایک رشتہ ہے فقط تسبیح اور زنار مین

(۱۲۴)

صحو مقتل مین چلی آتی ہے خلقت دور سے
سر مرا لٹکا ہوا ہے اور کیا ہے دار مین

(۹)

ہین عجب طرح کے سامان ترے کوچہ مین
جمع ہین گبر و مسلمان ترے کوچہ مین

ایک سے ایک ہے ذیشان ترے کوچہ مین
نکل آئین گے سب ارمان ترے کوچہ مین

دین و دنیا کی تمنا نہین اب تیرے سوا
جان و دل ہو گئے قربان ترے کوچہ مین

تن تو بیجان پڑا رہتا ہے بستر پہ مرا
دم مرا رہتا ہے ہر آن ترے کوچہ مین

اے مرے شاہِ نجف مجھکو بلایا تو نے
ہو گئی مشکل مری آسان ترے کوچہ مین

چار دن کیلئے یان آیا تھا دل سیر کیا
اب کوئی دم کا ہے مہمان ترے کوچہ مین

جان رہے یا کہ نکل جاے مجھے خوف نہین
پایا مقصد کو مین اے جان ترے کوچہ مین

کبھی بھولے سے نہین مجھکو بلایا تو نے
ایک مدت سے ہون دربان ترے کوچہ مین

(۱۲۵)

صحو رحمت کی ہے جا کیون ہو غضب تم مجھپر
چاک کر ڈالا گریبان ترے کوچہ مین

(۵)

ولہٗ فی مناقب حبیب اللہ سلطان الھند قدس سرہٗ

لامکان کا مکین معین الدین
بادشاہ زمین معین الدین

دین دنیا کے شہریار ہین وہ — عالمِ ملکِ دین معین الدین
نام باقی ہے کس جلالت کا — ہند سے تا بہ چین معین الدین
رازدارِ خفی جلی ہین وہ — محرمِ علمِ دین معین الدین

(۱۲۶) بے ادب چشم ہے یہ صحو تری — (۵)
دیکھے ہے ہر کہین معین الدین

ہے سلام اوس پر جو ہے محبوبِ ختم المرسلین — سر سے تا پا ہے سراپا رحمۃً للعالمین
مرتبہ اس سے بڑا کیا ہو سکے گا دوستو — جسکا تھا گہوارہ جنبان حضرتِ روح الامین
کچھہ نہ سمجھا پڑہکے قرآن ظالمون نے حیف ہے — معنی قران ہے وہ آیتِ خیر المبین
ہر طرفہ غنچہ شگفتہ باغ مین پر اہل شام — خار سے بدتر سمجھہ وہ گل کہ حسین پو نہین

(۱۲۷) غیب سے آئی ندا جب شمر کا خنجر چلا — (۷)
صحو نہر معرفت لو چھپ گیا زیرِ زمین

تیرے ہاتون سے جنون جیب و گریبان چاک ہون — خوف کی کیا جاے ہے بیٹہا ہوا بیباک ہون
کوی بہی بہاتا نہین تیرے سوا تیری قسم — سر سے پا تک ہے قیامت - دیدہ ادراک ہون
ہے مرا رتبہ بڑا جسکو ملک سجدہ کیا — پھر کہون کیا دیکہنے کو مین تو ادنی خاک ہون
سب معما پا گئے احباب کس سے کیا کہون — ہان کسی کی آرزو مین چشمِ نم غمناک ہون
مین کسی کا آشنا میرا نہ کوئی آشنا — قید سے بے قید ہون مطلق سے یار و پاک ہون
بے نشان کے چلہ کا اک تیر مین ہون دوستو — ناوک اندازی مین بس مشہور مین چالاک ہون

(۱۲۸) جو کوی پوچھے گا مجھسے صاف کہنگا مین صحو — (۵)
مین سگانِ کوی و الا صاحبِ لولاک ہون

عالم مین سب سے پہلے ایجاد ہین تو ہم ہین — بیت الحرم کی صاحب بنیاد ہین تو ہم ہین
پوچھو نہ ہمسے حاصل اوس تخم بے نشان کا — آباد ہین تو ہم ہین برباد ہین تو ہم ہین
چاہو تو میرا ہر اک تم امتحان کر لو — نسبت سے خیر و شر کے آزاد ہین تو ہم ہین
عریان ہے تیغ اپنی نقشِ عدو کے سر پر — مشہور دو جہان مین جلاد ہین تو ہم ہین

(۱۲۹) اے صحو اپنی حالت ہے مثلِ خاک ہر دم — (۵)
کوچہ مین دلربا کے برباد ہین تو ہم ہین

جسے جلوہ نیا ہر پل کہون کیا وہ دکہاتے ہین — اوسے دیوانہ اپنا سر صاحب بناتے ہین
مین از خود رفتہ ہون یارو نہ پوچھو حال لیلی کا — سنے ہو یا نہین سن لو انا لیلی سناتے ہین
تجھے مطلب ہے کیا واعظ عبث کرتا ہی بدگوئی — جو پردہ کو اٹہاتے ہین وہی محبوب پاتے ہین
مین سو جان سے ہو اقربان وہ مردہ کو کرے زندہ — تڑپتے مرغِ بسمل ہین جو وہ باتین بناتے ہین

(۱۳۰) جفا کو ہمنے پیارے کی سراسر کیمیا سمجھا — (۸)
جلا کر خاک کرتے ہین وہ صحو اپنا بناتے ہین

پیدا کیا کون و مکان مین ملحدِ دیرینہ ہون — پہچانتے ہو مہربان مین ملحدِ دیرینہ ہون
مطلق مقید بن گیا اور پھر مکلف ہو گیا — دیر و حرم مین ساجدان مین ملحدِ دیرینہ ہون
گر مین کہون تو شرک ہے گر حق کہون تو کفر ہے — بولو تو کچھہ مجھکو میان مین ملحدِ دیرینہ ہون

مجبور ہون تو آپ ہون مختار ہون تو آپ ہون
نیکی بدی کا کاروان مین ملحدِ دیرینہ ہون

اِک حافظِ قرآن ہے اک ورد خوان شام و سحر
غافل خودی سے حافظان مین ملحدِ دیرینہ ہون

کہتے بشر مین بر فلک اہل فلک زیر زمین
انسان فلک پر بدگمان مین ملحدِ دیرینہ ہون

موزون کلامِ دلنشین بے حرف ہے معنی عیان
ہے گوش زد غیب اللسان مین ملحدِ دیرینہ ہون

(۱۳۱)

پر تو سے کسکے مہر و مہ تابان ہوے ہین بر فلک
ہے صحو روشن دو جہان مین ملحد دیرینہ ہون

(۵)

دو عالم کو ہر دم عدم دیکھتا ہون
تو جلوہ صنم دم بدم دیکھتا ہون

اُٹھا دل سے پردہ دوئی کا جو میرے
تو تن اپنا بیت الحرم دیکھتا ہون

کرون شوق سے کیون نہ سجدہ مین اوسکو
جہان تیرا نقشِ قدم دیکھتا ہون

سمایا ہے آنکھون مین جلوہ جو تیرا
جدھر دیکھتا ہون صنم دیکھتا ہون

(۱۳۲)

تیرے واسطے چھوڑ جنت کو آیا
مقدر کا صحو اب رقم دیکھتا ہون

(۱)

ناصحا تو نہ ڈرا خالی تری باتین ہین
یار کی کیا نہین ہمسے بھی ملاقاتین ہین

(۱۳۳)

ولہ

(۵)

شمعرویون پہ یہ عاشق جو جلے جاتے ہین
وصل کا تیرے صنم وہ ہی مزا پاتے ہین

ہو گئے ہم پہ خفا گھر سے نکالا باہر
چھوڑ کر اس در دولت کو کہان جاتے ہین

ہون گنہگار مگر اتنا وسیلہ ہے بہت
امتی دیکھیے سرکار کے کہلاتے ہین

یہ تمنا ہے مجھے آپ سے اے شاہِ عرب
آپ کیون یاد مری اب نہین فرماتے ہین

(۱۳۴)

شوق ہے صحو کے دلمین کہ تصدق جاؤن
مجھے صورت بھی نہین اپنی وہ بتلاتے ہین

(۵)

کیا ہے اندنون پیر مغان شراب گران
خبر ہے دل کا ہوا شہر مین کباب گران

عزیز و حال ہے پوشیدہ کہہ نہین سکتا
فراقِ یار مین ہے عالم شباب گران

سمجھ گئے ہین وہ مغزِ سخن کو نازک ہین
کہ بے پڑھے کے پڑی عشق کی کتاب گران

اودھر سے روز ہے طلبی ادھر سے غفلت ہے
ہمارے اونکے ہوا بیچ مین حجاب گران

(۱۳۵)

حضور کا ہے سہارا لکھا پڑھا تو نہین
ہے خوف صحو کو محشر کا ہے حساب گران

(۵)

جنابِ عزت اللہ سے عزیز و دست و امان ہون
میان نقد امانت کا ازل سے مین بھی خواہان ہون

کمالِ حسن و خوبی مین مقابل حور و غلمان ہون
جہان مین ہمسر دیکھو سراپا باغ رضوان ہون

نظر بازون کا میلہ ہے مجھے دیکھین ہین مڑ مڑ کر
تماشا گاہ عالم مین نوادر چیز انسان ہون

حقیقت سے نہین واقف جو جی چاہے سو کہتا ہے
مجھے سمجھا نہین زاہد مین ہندو یا مسلمان ہون

(۱۳۶)

ستاتے صحو کو کیون ہو نہین اچھا مزاج اوسکا
یہ دلِ بیمار ہے میرا ہوا خواہ گلستان ہون

(۶)

نہان ہو رہا ہون عیان ہو رہا ہون
مین موصوفِ جانِ جہان ہو رہا ہون

(١٣٧) تھا کیا صحو دیتے تجھے نام اپنا
مین اوس بے نشان کا نشان ہو رہا ہون (٦)

کوی کیا حقیقت کو سمجھے گا میری
دو عالم کو وہم و گمان ہو رہا ہون

تری جاہِ الفت مین اے عشق ہر دم
خمیدہ مین ابرو کمان ہو رہا ہون

حکایت نہین یہ شکایت ہے میری
خلایق مین مین ترجمان ہو رہا ہون

نہ پہچانا کوی خریدے بہت سے
مین یک چیز سود و زیان ہو رہا ہون

(١٣٨) دیکھیے اے صحو اب کیا ہوے گا انجام کار
رو برو اس بت کے ہون مین چشمِ گریان اندنون (٥)

جان لب ہے تشنہ دیدار جانان اندنون
زہر سے کچھ کم نہین ہے آبِ حیوان اندنون

دیر مین ناقوس پھونکا اور حرم مین دی اذان
دم مرا بھرتا ہے ہر گبر و مسلمان اندنون

عید ہے اہل نظر کی اور خوشی کی بات ہے
خانۂ تن مین ہوا وہ خوب مہمان اندنون

دور مین ساقی کے میرے جسنے پی لی ہے شراب
مست پھرتے شہر مین ہین اہل عرفان اندنون

غنچۂ دل کھل گیا ہے ہے معطر اب دماغ
چاک کر ڈالا ہون مین جیب و گریبان اندنون

مجھے دیکھو تو مین بیت الصنم ہون
بنا بیٹھا ہان شیخ حرم ہون

مجھی سے خیر و شر نے پای ایجاد
برائے نام مین لوح و قلم ہون

نہ چھیڑے اہلِ دنیا کوئی مجھکو
نشہ مین جو متا بے کیف و کم ہون

مجھے دیکھے نہ کوئی چشمِ اغیار
سراپا مظہرِ نورِ قدم ہون

(١٣٩) یہ میخانہ رہے آباد اے صحو
لبالب بادہ کش مین جامِ جم ہون (٥)

نہین سمجھے اوسے ہندو مسلمان
لئے بیٹھے ہین جو گبر اکفر و ایمان

جسے دیکھا جہان مین مبتلا ہے
یہ قصہ طول ہے عالم ہے حیران

قیامت تک یہی نوبت رہیگی
تلاش یار مین ہر اک ہے جویان

تری جادو بھری کیسی ہے صورت
غضب کرتی ہے یہ زلفِ پریشان

(١٤٠) بھلا ہے یا بُرا ہے روزِ محشر
یہ دستِ صحو ہے اور تیرا دامان (٤)

مُلا نہین سمجھا تو کیا یان مین نہین تو کون ہون
عالم مین ہون عالم نمایان مین نہین تو کون ہون

دہوکا نہین آیین ذرا صورت سے ہین معنی عیان
اے عاشقان بو العلایان مین نہین تو کون ہون

خانہ خرابی ہو چکی اے جنبشِ خانہ خراب
پردہ خودی کا خود ہوا یان مین نہین تو کون ہون

مین شیخ ہون مین برہمن مین بت تراش آذر بھی ہون
دیر و حرم مین جا بجا یان مین نہین تو کون ہون

تمہاری یاد مین جانا دم بیباک بیٹھا ہون
کیا ہے مرتجیب اپنا دل غمناک بیٹھا ہون

نہ سمجھین گے یہ نکتہ وہ جو کوئی اہل دنیا ہون
جہان مین جب کہین بیٹھا تو مین بیباک بیٹھا ہون

خبر اصلا نہین اسکی کرامات کاتبین کو بھی
کسیکی انتظاری مین ہین پوشاک بیٹھا ہون

درِ دولت پہ جانان کے مین اک عرصہ سے اے یارو
نہ سمجھو مجھکو سوتا ہون بہت چالاک بیٹھا ہون

(۱۴۳) ستاتے صحو کو کیون ہو خودی کو خود وہ بھولا ہے (۵)
مین اپنے نام پر یارو اُڑا کر خاک بیٹھا ہون

یار بڑا ہے بیوفا مقصدِ دل بر آئے کیون
کہوئے نہ خود کو جب تلک وصل کا لطف اُٹھائے کیون

ایسا نہ تھا وہ بیشتر رہتا جو یون الگ الگ
اب بھی وہی ہے وہ اگر پردہ مین منہ چھپائے کیون

اوسکی پسند اگر نہین اوسکی خوشی اگر نہین
خوابِ عدم مین چین تھا بزمِ جہان مین آئے کیون

دل مین وہ آتے جاتے ہین راستے ہین کہلے پڑے
غم سے جو جان سینہ ہو کوی اوسے بلائے کیون

(۱۴۳) عابد و متقی نہین بادہ پرست صحو ہے (۵)
کوئی نمازی اہلِ دین اوسکے مکان مین جائے کیون

تہمتِ بیہودہ سے لاچار ہون
غیر نہین ہون مین ترا یار ہون

جامۂ حنا کی مجھے پہنا کے یان
لائے کہان سے مین گرفتار ہون

قابلِ دید اب یہ تماشا ہے خوب
ہر جگہہ ہر رنگ نمودار ہون

ہر دو جہان آئینہ خانہ ترا
شخص ہون یا عکس پدیدار ہون

(۱۴۴) صحو ہوا خانۂ دل مین گزر (۵)
صاحبِ خانہ ترا مختار ہون

بت بھی تو ایک صورتِ جانان ہی اندنون
سمجھا نہ جو کہ اوسکو وہ نادان ہے اندنون

عشقِ بتان مین عمر تمامی گزر چکی
کیا شیخ بنکے بیٹھا مسلمان ہے اندنون

پہنے لباسِ سرخ ہے قاتل کھڑا ہوا
کپڑون مین رنگِ خونِ شہیدان ہے اندنون

سکتا ہے آئینہ کی طرح سے ہر ایک کو
عالم مرے جمال سے حیران ہے اندنون

(۱۴۵) بیچارہ ایک صحو اکیلا ہے کیا کرے (۵)
وحشت سے چاک چاک گریبان ہے اندنون

تن کہان ہے جان کہان ہے خسر و جانان کہان
عاشقِ مضطر ہے حیران عشق بے سامان کہان

صورت اوس بت کی بنے ہم تنکدہ مین آنکر
پردہ وہمی اُٹھا جب صورتِ انسان کہان

گرم ہے بازارِ نابینا جہان مین آجکل
ہے بغل مین مصحفِ او حافظِ قران کہان

دھوکا دے رکھا ہے اومنے بس اوس شوخ کا
یہ طلسمِ سامری ہے طاقتِ انسان مین

(۱۴۶) خواہشِ وصلِ صنم اے صحو کچھہ مجھکو نہین (۷)
آپ کو مین ڈھونڈتا ہون حسرتِ ارمان کہان

کئے کیا تھے اقرار ہم سے کہو تم
خلاف اوسکے باتین بنائے ہوے ہین

خبر عاشقون کو کرے کوئی جاکر
یہان رخ سے پردہ اُٹھائے ہوے ہین

جو دیکھے ہے قاتل وہی ہے ہمارا
غضب یہ کہ دل سے بھلائے ہوے ہین

یہ دنیا کے جھگڑون سے کیا کام ہمکو
دو عالم کو دل سے بھلائے ہوے ہین

کرے امتحان جسکا جی چاہے آکر
محبت کے صدمے اُٹھائے ہوے ہین

نہین خوف ہمکو نارِ دوزخ کا زاہد
وہ سینہ سے سینہ لگائے ہوے ہین

(۱۴۷) نہین آرزو دل مین اے صحو باقی (۵)
ہمین جلوہ اپنا دکھائے ہوے ہین

ہوا دل کسکا ہے دربان نہ یہ جانون نہ وہ جانون
تمہارے شان کے شایان نہ یہ جانون نہ وہ جانون

کوئی صورت پہ مرتا ہے کوئی سیرت پہ مرتا ہے
مین تیرے ناز کے قربان نہ یہ جانون نہ وہ جانون

یہ کیسا گھر بنایا ہے نہ شادی ہے نہ ماتم ہے
کہان ہے عیش کا سامان نہ یہ جانون نہ وہ جانون

مسلمان کسکو کہتے ہین برہمن کسکو کہتے ہین
محبت مین ترے جانان نہ یہ جانون نہ وہ جانون

(۱۴۸) محبت کسکو کہتے ہین کوی جا صحو سے پوچھو
کہان ہے سینۂ بریان نہ یہ جانون نہ وہ جانون (۸)

ردیف واو

دل مین خیال تیرے سوا دو جہان نہو
تو ہو جہان مین باقی یہ کون و مکان نہو

گھر مین سوائے تیرے کوئی دلستان نہو
ہنگام وصل گرد مرے پاسبان نہو

ہین ذات سے یہ تیرے سب آباد دو جہان
کیا وصف تیرا کوئی کرے گر زبان نہو

نقشِ قدم کی طرح سے خانہ خراب ہون
مجسا کہین جہان مین کوی بے نشان نہو

صورت پرست بلبل وحشی سا کو بکو
لازم ہے عاشقون کا کوئی آشیان نہو

اغیار ہین بہت سے مگر یار ایک ہے
دل کے سوا تو اپنا کوئی مہربان نہو

اہل زمانہ کس لئے انجان ہو گئے
بیقدر کر دئے ہین مرے قدردان نہو

(۱۴۹) لیلی کی یاد مین دل مجنون مچل گیا
ناقہ کے پیچھے صحو کہین ساربان نہو (۵)

جانان مین جان دونگا ایمان ندونگا تجھکو
ایمان اگرچہ چاہے نادان ندونگا تجھکو

آتش پرست جانان مین خود پرست تیرا
چھونے کبھی مین ایجان قرآن ندونگا تجھکو

جبتک کہ مین ہون تو ہے تیرے گمان مین باقی
ہرگز وصال اپنا انسان ندونگا تجھکو

یار و خلیفہ زادہ محجوب ہو رہا ہے
تختِ سکندری کی سلطان ندونگا تجھکو

(۱۵۰) بھولو نہ صحو کو تم وعدہ وفا کرے گا
حسرت کا داغ دل پر جانان ندونگا تجھکو (۵)

بے گنہ کسلئے جلاد نے مارا ہمکو
خون بہائی مین ہے کونین اجارہ ہمکو

کیا پتہ خوب دیا یار ہمارا ہم کو
سخن اقرب کا ہوا جبکہ اشارا ہمکو

قبر مین بھی نہین آرام سے سونے دیتے
پوچھنے آئے نکیرین دوبارا ہمکو

در بدر ہم نہین پھرتے ہین ترے در کے سوا
تیرے کوچہ کے سوا کب ہے سہارا ہمکو

(۱۵۱) بے ترے دیکھے کے مشکل ہے مرا جینا صحو
تیری فرقت نہین ہرگز ہے گوارا ہمکو (۵)

کدھر جاتے ہو ہمسے ملکے تم ایجان ادھر آؤ
نچھوڑو ساتھ میرا تم خوشی سے میرے گھر آؤ

تمہارے دیکھنے کو ہم پڑے پھرتے ہین ہر ہر جا
نہین قابو مین دل اپنا کہین تو تم نظر آؤ

تمہین مین جانتا ہون تم بدلتے ہو ہزارون رنگ
نہین مین غیر اٹھا کر پردہ روے بشر آؤ

دل مضطر تڑپتا ہے لبون پر جان آئی ہے
ہوے بیزار کیون ہمسے کبھی بولے ادھر آؤ

یہ دو ہی وقت ہین موقوف جن پر ہمسے ملنا ہے

(١٥٢) سر شام آؤ تم اے صحو یا وقتِ سحر آؤ (٧)

رخِ جانان کے تصور مین سدا شاد رہو — زلف و کاکل سے بچو قید سے آزاد رہو
مایۂ عمر کو بیجا نہ کبھی صرف کرو — کسی رہبر سے ملو طالبِ ارشاد رہو
صحبتِ غیر مین جانے سے ہے نقصان بہت — اغنیا سے نہ کبھی شایقِ امداد رہو
مکتبِ عشق مین اُستاد سے پایا یہ سبق — سب فنا ہونگے نہ پہ یاد سے بے یاد رہو
تکیہ اِجہانہ کسی شے پہ ہے درویش ترا — خانۂ جسم پہ تم درپئے برباد رہو
قصہ مشہور ہے شیرین کا جہانمین اب تک — تم ہی پرویز سے خوش ہان میان فرہاد رہو

(١٥٣) حالتِ سُکر مین کہہ شاہِ حسن سے اے صحو — (٧)
جام اِک اور بہی دے ساقیا آباد رہو

میرے قبلہ میرے کعبہ میرے دلبر تمہین تو ہو — میرے ہادی میرے مرشد میرے رہبر تمہین تو ہو
خاک اور باد اور آب اور آتش ہر شے مین ہے جلوہ نما — رنگ رنگیلے اول و آخر باطن و ظاہر تمہین تو ہو
تمکو ہم پہچان گئے ہین پھر کیون پردہ کرتے ہو — احد سے احمد بنکر آئے بندہ پرور تمہین تو ہو
وصل مین ہے یہ فرقت کیسی پردہ دوئی کا دبکے اُٹھا — جانِ عالم تمہین تو ہو اور میرے دلبر تمہین تو ہو
گلا کٹائے برائے امت ہین آپ صل علی مین بولا — شہید اکبر تمہین تو ہو اور ساقیِ کوثر تمہین تو ہو
تہمت دے منصور کے اوپر کون تماشا دیکھا تھا — کہکے انا الحق برسرِ محفل دار کے اوپر تمہین تو ہو

(١٥٤) در پہ حاضر شام و سحر ہے روزِ ازل سے بندہ نواز — (٥)
شہا نہ ہو لو صحو کو ہرگز ساقیِ کوثر تمہین تو ہو

فرقتِ یار نے آتش مین جلایا مجھکو — ہائے اِس عشق نے دنیا سے اُٹھایا مجھکو
غیرتِ یار نے مارا یہ دوبارا مجھکو — خوابِ راحت مین تک نہین چھاتی سے لگایا مجھکو
اوسکو منظور تہا شاید کہ تماشہ دیکھے — خوابِ راحت سے جگا خوب ستایا مجھکو
اے منجم بخدا کچھہ تو سبب اسکا بتا — کسلئے گھر سے مرا یار نکالا مجھکو

(١٥٥) کیا تجھے اور نہ تہا میرے سوا دنیا مین — (٤)
در بدر ناچ جو اے صحو نچایا مجھکو

سات پردے مین ہے کیا عیش کا سامان تجھکو — جیتے جی دیکھہ لیا آنکھون سے جانان مجھکو
مین تو بندہ ہون ترا تو مرا مولا صاحب — کوئی ہندو کہے اور کوئی مسلمان مجھکو
مجھکو خوبانِ جہان خط مین غلامی کا دئے — کیا سزاوار ہے اب تختِ سلیمان مجھکو

(١٥٦) تیرے رتبہ کو نہین سمجھے کوئی آج تلک — (٥)
صحو کہتا ہے کوئی طفلِ دبستان تجھکو

رکتا ہے دلمین ہر اک اوس سے لقا کی آرزو — زندگی دم بھر کی ہے لیکن بلا کی آرزو
خون بیٹا مفت مین میرا رقیبون نے عبث — شوخ کو ہے اندنون دستِ حنا کی آرزو
اون رقیبون کا کلیجہ اب بہی ٹھنڈا کیون نہو — مجھکو دنیا سے اٹھائے آشنا کی آرزو
جیتے جی وہ مر گئے زندہ برائے نام ہین — دلمین باقی کیا رہے اہلِ فنا کی آرزو

(١٥٧) کان مین واعظ کے تو آہستہ کہدے صحو یہ — (٥)
بر نہ آئی ایک بہی خوف و رجا کی آرزو

جنابِ شاہِ قاسم سے دلا تو دست و دامان ہو
مثالِ مور بنجا پر عجب کیا ہے سلیمان ہو

غلامون کو توقع ہے اسی دربار عالی سے
کہ ایک ادنیٰ توجہہ سے ہماری مشکل آسان ہو

بھنور مین ناؤ آئی ہے بچانا اے حضور اب تو
تمہارے نام کے صدقے اسے ہرگز نہ طوفان ہو

تری ترچھی نگہہ پیارے عجب کچھہ کام کرتی ہے
بنائے آپ ذرہ کو فلک پر مہر رخشان ہو

(۱۵۸) یہ موقع پھر کہان ملتا برآمد ہے شہِ خوبان
ہے صحو ایسے مین اچھا تو فدائے جان جانان ہو (۴)

فرقتِ یار نے دم بھر نہ سلایا مجھکو
بختِ خوابیدہ سے یہ کس نے جگایا مجھکو

لوگ ہنستے ہین مجھے دیکھکے آتے جاتے
خوب اچھا ہوا دیوانہ بنایا مجھکو

باڑ پر باڑ رکھی صاف یہ بیرحمی ہے
کیا کوئی اور نہ تھا آپنے پایا مجھکو

(۱۵۹) صحو کیا دیکھئے ہوتا ہے ہمارا کل حال
راستہ بھول گئے یار بلایا مجھکو

ردیف ہائے ہوز

بلوائے مدینہ مین جو سلطان مدینہ
کردون گا دل و جان کو قربان مدینہ

دن رات تصور مین گزرتا ہے عجب کیا
شاید نظر آجائے بیابان مدینہ

مدت سے کھٹکتا ہے مرے دلمین عزیزو
یہ خار ہے کیا خارِ مغیلان مدینہ

حسرت مین مرے جاتے ہین ہم روزِ ازل سے
جبریل بنا جب سے ہے دربان مدینہ

بلبل کیطرح دل ہوا شیدا جو ہمارا
ہے پیشِ نظر میرے گلستان مدینہ

کیا شکر ادا اوسکا کرین ہو نہین سکتا
کہلاتے ہین ہم بھی تو گدایان مدینہ

جلدی سے خبر لیجئے یا سرورِ عالم
ہم روزِ ازل سے ہوے مہمان مدینہ

(۱۶۰) اے صحو کدھر دھیان ہے کیا بکتا ہے یہ تو
معلوم نہین غیرِ خدا شان مدینہ (۳)

عاشقِ حیرت زدہ دلگیر پشتِ آئینہ
ماہرو ہے سامنے تصویر پشتِ آئینہ

ہے لکھا تیری جبین پر کاتب اپنے ہاتھہ سے
واہ کیا اولٹی ہوئی تدبیر پشتِ آئینہ

چھوڑ کر اوس قبلہ رخ کو مین بھٹکتے زاہدان
لو مبارک ہو اونہین تکبیر پشتِ آئینہ

(۱۶۱) لبِ اعجاز جو ہلجائے تمہارا خواجہ
کام بنجائے گا فی الفور ہمارا خواجہ (۵)

جب مین جانون کہ مقاصد مرے سب بر آئین
کبھی اجمیر مین ہلجائے جو تنہا خواجہ

مزرعِ یہ دل کا مرے خشک ہوا جاتا ہے
آپ برسات ہین برسات کو برسا خواجہ

اب جو چاہین سو کہین ہندو و مسلمان مجھکو
مین دل و جان سے ہون بندہ تمہارا خواجہ

(۱۶۲) مصحفِ رخ کی تلاوت کیا جنسے اے صحو
نارِ دوزخ سے نہین خوف ہے خواجہ خواجہ (۴)

صدق دل سے بجز اجو کوئی آیا خواجہ
مقصد ین دل کی وہی آپ سے پایا خواجہ

کیون نہ مقصد اوسے حاصل ہو تمہارے در سے
جو کوئی آپ کے دربار مین آیا خواجہ

اسی امید پہ حاضر ہون درِ دولت پر | کوئی باقی نہ رہے دل کی تمنا خواجہ

(۱۶۳) | تیرے دربار سے کوئی نہین محروم گیا
کیا عجب صحو کو ہو جائے اشارا خواجہ | (۷)

ہمارا بختِ خوابیدہ جگا دو یا حبیب اللہ | جمالِ پاک کا جلوہ دکھا دو یا حبیب اللہ
ہوا برخاستہ دل ہے تمہارے درد فرقت مین | نہین منتاظر اسکو منا دو یا حبیب اللہ
تمنا اب مجھے ہر دم نہین اسکے سوا ہرگز | خودی کو اب میرے دل سے بھلا دو یا حبیب اللہ
گزارش کر نہین سکتا کہ روے پاک کو دیکھون | مجھے نعلین تم اپنی دکھا دو یا حبیب اللہ
جلاے عشق کی آتش ہر اک لحظہ نئی صورت | مزے یہ عاشقون کے ہین مزا دو یا حبیب اللہ
رہی طاقت نہین مجھ مین کہ دان تک چلکے مین آؤن | قدم ہٹتا ہے اب پیچھے بڑھا دو یا حبیب اللہ

(۱۶۴) | یہی ہے صحو دل مین شوق دیکھون روضۂ اطہر
زمین بلکون سے مین جھاڑون بلا لو یا حبیب اللہ | (۴)

بیچتا ہون بید رم یوسف سر بازار دیکھہ | مفت مین وصل صنم ہے طالبِ دیدار دیکھہ
چشمِ نابینا مین ہے گر سرمۂ وحدت لگا | آئینہ مین شکل اوسکی جھک کے سو سو بار دیکھہ
مین نہین کہتا انا الحق مفت مین بدنام ہون | اور رکھا کافر گلے پر عشق کی تلوار دیکھہ

بندۂ بت بت بنا شد یک از بت کے جدا
شوق سے ڈالا گلے مین زاہد از زنار دیکھہ

(۱۶۵) | ردیف یا | (۵)

ہوا ہون گم مین جو یار تجھہ مین نظر مین بس رہے تو ہی تو ہے | چھپایا بالکل وہ ایسا مجھکو کہ لین جو آنکھین تو رو برو ہے
جو پھونکے ناقوس دیر مین ہے اذان مین تیرے حرم کے اندر | کہ برہمن اور شیخ جی کو ہمارے صاحب کی جستجو ہے
ہے خوف کسکا مجھے رقیبو ہے یار میرا مین یار کا ہون | رہی نہ باقی ہمارے دلمین کسیطرح کی بھی آرزو ہے
وہ گلبدن کا ہوا مین جامہ مجھی سے جسنے اوسکا بس کہلایا ہے | لگایا چھاتی سے اوسنے مجھکو بسی ہے دلمین ہی اوسکی بو ہے

(۱۶۶) | نہونا تو صحو بیخبریان یہ جاے فکر عجیب تر ہے
بنایا صورت پر اپنے آدم جسے مین دیکھا سو ہو بہو ہے | (۷)

مری او بیخبر تجھکو خبر ہے | مرے پہلو مین بیٹھا سیمبر ہے
نہ جا زاہد کے دھوکے پر تو ہرگز | شب آخر ہو چکی وقت سحر ہے
وہ ظالم رات بھر پیچھا نچھوڑا | مقام عاشقی جاے خطر ہے
نہین خالی ہے کوئی جاے اوس سے | مکان اوسکا کہان یارو کدھر ہے
دل عاشق نے کھائی چوٹ پر چوٹ | نگاہ یار کیا جادو اثر ہے
اوجاڑا گھر کو میرے باغبان نے | درخت معرفت کا یہ ثمر ہے

(۱۶۷) | علاج اسکا بھی کچھہ معلوم ہے صحو
فراقِ یار مین درد جگر ہے | (۱۱)

یہ واقفِ رمز قالو بلیٰ اور انی آنا کا صندل ہے | لولاک لما کے عاشق کا کس شان سے نکلا صندل ہے

لے سر پر آئے در پہ ترے جبرئیل امین ارشاد ہی تلک
ہی پیر و جوان کو یہی یہ ہوس ہم سر سے چلے جائینگے بس

مجموعِ لطافت صندل ہی ہر دل کے لئے یہ قوت ہے
تاثیر کہون کیا اُسکی مین دنیا کو بھلا دل سے ابھی

بھولا بھٹکا رہ مین اٹکا اب ساتھ لئے وہ آتا ہی
ہر ماہ جمادی الثانی مین تاریخ بست و یکم بیشک

کیا عرش سے لیکر فرش تلک ایک نور کا عالم روشن ہے
رضوان نے بھی کھولا دروازہ مشتاق کھڑا کب آتے ہین

برسون سے آتے عالم مین مشہور تمہارا کوچہ ہے
تمہاری خواہش مین یارجانی مین دین و دنیا کو چھوڑ دیا

(۱۶۸)

کوئی زہد کو - کوئی تقویٰ کو مین سر پر لیکر صندل کو
اے صحو مجھے اب خوف ہے کیا یہ در مغفرت کا صندل ہے

(۷)

ہمارا ہادی ہمارا رہبر ہمارا مرشد ابو العلا ہے
عرب سے لیکر عجم تلک کا ہوا ترقی یہ دین احمد

ہی وجد حالت پہ اپنی دولت جسے وہ چاہین عطا کرتے
وہی ہی ظاہر وہی ہی باطن وہی ہی اول وہی ہے آخر

کہے ہو قرآن مین نحن اقرب یہ ہمسے ملتے نہین ہو صاحب
تمہاری خواہش مین یارجانی مین دین و دنیا کو چھوڑ دیا

فیاض ازل نے بھیجا ہی محبوب علا کا صندل ہے
ملتا ہے کسے اب دیکھین بھلا محبوب علا کا صندل ہے

مجنون کو ملی ہو لیلیٰ بھی کیا روح فزا کا صندل ہے
حورانِ جنان تیار کئے تسلیم و رضا کا صندل ہے

عالم مین ہدایت غیبی ہی اوس راہ نما کا صندل ہے
خوشبو یہ جہانمین ہوتی ہی کیا اہل صفا کا صندل ہے

ہے زیر زمین تا رونکی جھلک کس میں درجی کا صندل ہے
حورانِ جنان تیار کئے تسلیم و رضا کا صندل ہے

بیمار ابھی پاتے ہین شفا کیا دار شفا کا صندل ہے

بنی کا وارث علی کا نائب فی کامل بو العلا ہے
ہے فیض جاری جہانمین انکا عزیزو دیکھو ہر الکیا ہے

نصیب ایسے کہان گدا کے جو دیکھے شاہ تو کیمیا ہے
یہ سمجھے ہم ہین لباس مہدی ہے نام رکھے ابو العلا ہے

ہوئی ہی تقصیر ہمسے کیا اب بتاؤ صاحب عتاب کیا ہے
ہوے نہ یہان کے نہ ہم وہان کے جو ایسی خواہش مین مبتلا ہے

(۱۷۰)

بلاؤ پاس اپنے صحو کو تم بہت دن لائے گلے لگا لو
تمہارے ملنے کے شوق مین وہ عجب بلا مین پھنسا ہوا ہے

(۵)

عجب خوب مژدہ یہ قرآن مین ہے
وہ شہ رگ سے نزدیک انسان مین ہے

پتہ تو ہمین مین تھا اوس نازنین کا
عبث بحث ہندو مسلمان مین ہے

احد جب تعین مین احمد کے آیا
وہی رنگ بیرنگ ہر شان مین ہے

کہان ذات مطلق کہان ہم مقید
ظہورِ کُل اب جزوِ اعیان مین ہے

(۱۷۱)

تمنا یہی صحو کی ہے حسن سے
بتا دے بتا دے جو انسان مین ہے

(۶)

ہمارے نقش پہ یہ سب جفا ہمین سے ہوئی
پرائے آپ ہین ہم پر خطا ہمین سے ہوئی

نہین فلک مین یہ طاقت ترا اُٹھاتا بار
ادائے خدمتِ قالو بلیٰ ہمین سے ہوئی

طریق عشق مین ثابت قدم رہے ہم ہی
جفا تمہین سے ہوئی اور وفا ہمین سے ہوئی

نہین ہے آیتِ قرآن ثم وجہ اللہ
جہان مین دختر رز کی ادا ہمین سے ہوئی

لگانا تہمتِ عالم کا بے سبب تو نہین
بھلے بُرے کی جہانمین بنا ہمین سے ہوئی

(۱۷۲)

نہین ہے شیوۂ دلدار عاجزی اے صحو
طریق عشق مین فکر دعا ہمین سے ہوئی

(۵۱)

اے مسلمانان وہ جانان اور ہے
اپنا اپنا دین و ایمان اور ہے

جانتے ہر اک ہین اپنے حال کو
کون کہتا ہے کہ انسان اور ہے

شور ہے نازل ہوے مصحف ہین جا بجا
ہے یقین پر اپنا قرآن اور ہے
کھیلتے کیا ہو گلی کوچہ مین تم
شہر وجہہ اللہ کا میدان اور ہے

(١٧٣) (٧)

خوف سے بے خوف ہو جا صحو تو
اب ترے گھر کا نگہبان اور ہے

پوچھتے کیا ہو آرزو کیا ہے
گھر مین دلبر ہے جستجو کیا ہے
دربدر کس لئے بھٹکتے ہو
ڈھونڈھتے کس کو روبرو کیا ہے
شش جہت مین یہ جلوہ ہی کس کا
بر سر بام ماہرو کیا ہے
مین کو مین مین فنا تو کر دیجئے
پھر بقا ہو تو مین و تو کیا ہے
آرزو کو اوٹھا کے پھینک دیجئے
بیٹھ دم بھر یہ گفتگو کیا ہے
کیون نہین دیکھتے ہو اپنے کو
یہ تگاپوے کو بکو کیا ہے

(١٧٤) (٥)

جب یقین ہو چکا یہی ہے وہ
صحو کہتے ہین آبرو کیا ہے

جبکہ پہلو سے مرا یار چلا جاتا ہے
ساتھہ اوسکے دلِ ناچار چلا جاتا ہے
ملک الموت بھی شاید کہ مجھے بھول گئے
چھوڑ کر گھر مین وہ بیمار چلا جاتا ہے
حضرتِ عشق نے کی ہے یہ خرابی دیکھو
پوچھنا تک نہین مختار چلا جاتا ہے
آجتک ایسا مسلمان نہ کوئی دیکھا
چھوڑ کر کعبہ کو دیندار چلا جاتا ہے
برملا پیر و جوان کہتے ہین کیا خوب مجھے

(١٧٥) (٧)

صحو یہ تیرا گرفتار چلا جاتا ہے

لبِ اعجاز سے فرماؤ تبسم کیا ہے
گھر مرے آنے مین پھر تم کو تکلم کیا ہے
نہین بے پردہ او نہین دیکھا کسی نے ابتک
نور مردم کا ہے کیا آنکھہ مین مردم کیا ہے
ناخدا سے نہین کچھہ کام خدا حافظ ہے
کشتیِ دل کو مرے خوفِ تلاطم کیا ہے
اپنے آغوش مین اکدم تو مجھے سونے دے
لوری کیسی ہے یہ جبریلؑ کی قم قم کیا ہے
تجھکو منظور تھا جنت سے کہ نکلے آدمؑ
خیر ہے قبلۂ من حیلۂ گندم کیا ہے
ہم گنہگارون کو کافی ہے وسیلہ تیرا
تیری رحمت کے مقابل مین یہ قلزم کیا ہے

(١٧٦) (٥)

شہِ قاسمؑ ہے ترا روزِ ازل سے حامی
صحو پھر تجھکو شفاعت کا تو ہم کیا ہے

مبارک آپ کو ہو تختِ شاہی
ہمین کافی ترے در کی گدائی
تری چوکھٹ پہ جب کی جبہہ سائی
تمنا نامرادون کی بر آئی
مرے ہر کام کا حامی تو ہی ہے
کہ تیرا کام ہے حاجت روائی
بھروسہ آپکا ہے میرے دل کو
عجب کیا گر کرے مشکلکشائی

(١٧٧) (٤)

ہے قربان صحو دل اور جان سے اسدم
صدائے نحنُ اقرب جب سنائی

ترا اے صنم یہ ستانا غضب ہے
کہ ہم بیکسون کو رُلانا غضب ہے
رقیبون کے گھر آنا جانا غضب ہے
حسینون سے دل کا لگانا غضب ہے

وہ روپوش ہوکر کیے ہم کو ظاہر — نگاہون سے یہ مُسکرانا غضب ہے

(۱۷۸) — زبانی مری اون سے اتنا تو کہدو — کہ صحو حزین کو ستانا غضب ہے — (۷)

جو قطرہ تھا دریا مین آکر سمایا — دوئی کا یکایک جو پردہ اوٹھا ہے
کرو شمع روشن نہ مرقد پہ میرے — کہ شمع رسالت سے دل پر ضیا ہے
عزیزو ستاؤ نہ تم چھوڑ دو اسکو — محبت مین حضرت کے دل گل گیا ہے
لگی آگ عشق پیمبر کی ایسی — جو تھا ما سوا سب کا سب جل گیا ہے
طفیل شہیدان کرب و بلا اب — مدینہ دکھا دو یہی التجا ہے
جدا تن سے سر ہو تو قدمون پہ دھر لو — خوشی مجھکو حاصل ہے پھر عذر کیا ہے

(۱۷۹) — اگر دل ہے بیمار اے صحو جاؤ — مدینہ تمہارا تو دار الشفا ہے — (۵)

جان فدائے جان جانان یار انسان ایک ہے — جان عالم لاکھ ہین اور جان جانان ایک ہے
پرتو رخسار سے روشن ہوئے دونون جہان — ماہ رخشان ہین بہت مہر درخشان ایک ہے
بات اک نادر تجھے کہتا ہون اے طالب سمجھ — شک نہ رکھ دل مین ذرا گبر و مسلمان ایک ہے
ہمنے دیکھا شہر مین پائی خلائق بیشمار — تاج گیر و تاج بخش اور سب کا سلطان ایک ہے

(۱۸۰) — ہوش مین آ صحو نادان چھوڑ دے بس تو اصول — مختلف صورت ہین حرفان دیکھ قرآن ایک ہے — (۵)

کہان رہ گئے تھے میان آتے آتے — ہوا کام پورا یہان آتے آتے
فقط شور باقی ہے زاغ و زغن کا — چمن لٹ گیا باغبان آتے آتے
امانت کے بدلے ہے عصیان کا دفتر — لے آئے ہین بار گران آتے آتے
مین انسان ہون صاحب فرشتہ نہین ہون — بیان کر چکا داستان آتے آتے

(۱۸۱) — ستادے مرا حال اے صحو اونکو — جگر پھٹ گیا ہچکیان آتے آتے — (۴)

تیری صورت کی قسم صورت مری آنکھو نمین ہے — جب سے دیکھا مرمٹا حیرت مری آنکھو نمین ہے
بلغ وحدت کا کھلا رہتا ہے دروازہ مدام — کون کہتا ہے غلط کثرت مری آنکھو نمین ہے
انتظار یار مین آنکھین مری پتھرا گئین — ایک دو دم کی ابھی فرصت مری آنکھو نمین ہے

(۱۸۲) — صحو اب مجھکو نہین ہے مال و زر کی آرزو — دولت دیدار کی دولت مری آنکھو نمین ہے — (۵)

ولہٗ قدس سرہ فی النعت

محمدؐ یہ ارض و سما آپ کا ہے — قسم ہے خدا کی خدا آپ کا ہے
مجھے ہر طرح سے بچالو محمدؐ — یہان اور وہان آسرا آپ کا ہے
مقید کہون گر تو مطلق ہین حضرت — بتاؤن مین کیا جو پتا آپ کا ہے
مرا دل سراپا ہے آئینہ خانہ — خدا کی قسم رونما آپ کا ہے

نہین آنکھہ کھولے سے کھلتی ہو واللہ — یہ دل مین تصور بسا آپ کا ہے

محمدؐ یہ کون و مکان آپ کا ہے — زمین آپ کی ہے زمان آپکا ہے
سما سے سمک تک ہے آئینہ خانہ — دو عالم مین جلوہ عیان آپ کا ہے
نہ موقوف نزدیک اور دور پر ہے — وصال اب مجھے تو عیان آپکا ہے
تصدق تمہارا ہے جو کچھہ کہ ہے سو — نہان و عیان لابیان آپ کا ہے

(۱۸۴) — (۷)

امے ہر طرح سے بچانا محمدؐ — یہ صحو حزین مدح خوان آپکا ہے

بزم جانان تک کہین کیا جب رسائی ہو چکی — منقطع عالم سے دل کی آشنائی ہو چکی
چھوڑ دے اسلام کو اور بتکدہ سے کام کیا — تہمتِ ناحق برآئی اور بھلائی ہو چکی
آئینہ مین کچھہ نہین تیرے سوا آئینہ رو — اب کدورت جا چکی یار و صفائی ہو چکی
بادہ خواری خوب ہے لیکن جوانی چاہئے — عہد پیری مین مزا کیا جب خرابی ہو چکی
الوداع اے زہد و تقوی الوداع اے عقل و ہوش — جام وحدت پی چکا ہون پارسائی ہو چکی
خاتمہ بالخیر کا اب خوف کیا ہے ہو نہو — سنگِ دہلیز صنم پر جبہہ سائی ہو چکی

(۱۸۵) — (۵)

صحو ظاہر صحو باطن ایک تہا اب دو ہوے — مختلف صورت ہوئے ظاہر جدائی ہو چکی

صبحدم محفل مین ساقی کے شراب اچھی ملی — دل جلانیکے لئے زاہد کباب اچھی ملی

ہے بغل خالی ہمارا ایک حمایل کے سوا — مصحفِ رخسار کی اُم الکتاب اچھی ملی
آسمان کی ہے رضائی اور زمین کا بستر — فرشِ مخمل سے ملایم کیا سُراب اچھی ملی
مُنہ سے چپٹتی ہی نہین اب کیا کرون تدبیر مین — دخترِ رز پیرِ مغان خانہ خراب اچھی ملی

(۱۸۶) — (۵)

صحو نازان کیون نہو دل خوش نصیبی پر مرا — دولت یابوس اوسکی آبجناب اچھی ملی

عاشقون کی جانفشانی اور ہے — حُسن یوسف کی کہانی اور ہے
کون سمجھے ہے کسی کی بات کو — اپنی اپنی لن ترانی اور ہے
یاد پیری مین کروگے یا نہین — موسمِ خوش نوجوانی اور ہے
ہو تو آگہ جلدی اپنے حال سے — اوسکی ہر دم مہربانی اور ہے

(۱۸۷) — (۶)

جانتا کب ہے مسیحا صحوا سے — دردِ دل تیرا نہانی اور ہے

کیا جانے کوی اوسکو ادہر ہے کہ اودہر ہے — ابتک تجھے ایدل نہین کچھہ اپنی خبر ہے
بازارِ محبت مین نجا ہاتھہ تو خالی — اِس راہ مین سالک کے لئے سود و ضرر ہے
رہتا ہے امانت کا مرے سر پہ گران بار — ہستی مین مسافر ہون مجھے بیم و خطر ہے
آزاد جو دنیا سے ہین وہ لوگ ہین اچھے — موجود ہر اک حال مین سامان سفر ہے
صورت کو مری دیکھہ کے کہتا ہے پریرو — اوس شوخ کے رتبہ کیلئے خوب یہ گھر ہے

گھبراتا ہے واعظ کے تو کیا کہنے سے بندے

(۱۸۸) ضامن ہے ترا صحو تو پھر کیا تجھے ڈر ہے (۴)

دن ہے یہ عید کا رندون مین ہم آغوشی ہے
آج مشہور ہے سرکار کی گلپوشی ہے
درِ میخانہ کھلا یار کی مے نوشی ہے
تیرے میخوارون کو کیا دیکھیے بیہوشی ہے
جیتے جی جو کہ مرا پھر اوسے مرنا کیا ہے
کوئی جھگڑا نہ ہا یار سبکدوشی ہے

(۱۸۹) جان اور بوجھ کے پھر دور سمجھنا اوسکو
صحو یہ کیسی تری ہائے فراموشی ہے (۴)

دلِ ساقی زمینِ کربلا ہے
ستمگر ہاتھ مین خنجر لیا ہے
کسے طاقت مقابل ہو اجل سے
ہزارون تن جدا سر سے کیا ہے
تجھے منظور ہے گر قتل پیارے
سرِ تسلیم ہون جو کچھ رضا ہے
مجھے ہندو کہو تم یا مسلمان
ہوا اقرار تو انکار کیا ہے

(۱۹۰) ہوا صادر جو فرمانِ الستُ
جوابِ صاف صحو اپنا بلیٰ ہے (۵)

عاشقون کو روز و شب دیدار ہے
فی الحقیقت مین نہین ہون یار ہے
سرمۂ وحدت تجھے اب چاہئے
دیدہ خود بین تیرا بیکار ہے
وہ تو تیرے پاس ہے اے بے بصر
دیدۂ حق بین تجھے درکار ہے
دم مین وصلِ یار ہے اے بے خبر
خوابِ غفلت سے اگر بیدار ہے
خوف محشر کا تجھے ہے صحو کیا

(۱۹۱) تیرا حامی حیدرِ کرار ہے (۵)

کلبۂ خاص میرا رشکِ درِ جنت ہے
گر ملاقات کو آئے تو خوشا قسمت ہے
مین نہین جاؤنگا کعبہ کو کبھی چھوڑ تجھے
پاس کے پاس مجھے گھر مین ملی دولت ہے
دہو کا زاہد کو ہوا پیچھے پڑا جنت کے
وصل کی کہو ہی چکا ہاتھ سے وہ دولت ہے
ہونٹ بھی میرے ہین دندان بھی میرے پیارے
مُنہ سے گر بولون تو پھر سر پہ کھڑی آفت ہے

(۱۹۲) کیا ضرورت تھی انا الحق کو جو بولے منصور
صحو نے مین نائی کی صدا نے پہ صحو تہمت ہے (۵)

صورتِ تصویرِ جانان دو جہان مین کون ہے
گر مکین لامکان ہین اس مکان مین کون ہے
فہم مین آتا نہین بھر جسم و جان مین کون ہے
بندہ پرور آپ کے وہم و گمان مین کون ہے
مختلف صورت سے ظاہر عالمِ امکان مین
شعبدہ بازی دکھاتا آسمان مین کون ہے
ہے منزہ قید سے وصفِ جمالِ اوس یار کا
صورتِ ما و شما مین این و آن مین کون ہے

(۱۹۳) صحو کس بیقدر کو بنا دے ہو نقدِ دل
یہ تو فرماؤ مجھے سود و زیان مین کون ہے (۷)

مقید نہ مطلق مسلمان تو ہے
میرا کفر و اسلام و ایمان تو ہے
مجھے جان کی اپنی پروا نہین کچھ
تو جی میرے پیارے میرا جان تو ہے
ہوا حال ابتر گلے سے لگا لے
مصیبت زدہ دل کا ارمان تو ہے
مجھے دے نہ دہوکا خدا کیلئے اب
مین سمجھا تجھے شاہِ جیلان تو ہے

لگا کر مجھے کفر کا تو نے فتوی
چڑھاتا ہے سولی پہ سلطان تو ہے
صدا سُن رہا ہون تری گوش دل سے
میری جسم اور جان مین ہر آن تو ہے

(۱۹۴)

امانت اوٹھا صحو لائے ہین سر پر
یہان وہان سے آیا سو انسان تو ہے

(۷)

کیا کہون قاصد مرا دردِ نہانی اور ہے
خط مین کچھہ لکھا ہے اور اونکی زبانی اور ہے
خاک چھانی اِک زمانہ جستجوے یار مین
عمر بھر کی جان عالم یہ کہانی اور ہے
کب برابر ہو شنیدہ جسنے دیکھا آنکھہ سے
عشقِ بازی مین مذاقِ من دگرگونی اور ہے
ہے کسیکو حب دنیا ہے کسیکو حبِ جاہ
بندہ پرور اپنا اپنا یار جانی اور ہے
اے زلیخا یار کہہ تو روبرو کہتا ہون مین
تیرے یوسف کی قسم یہ میرا جانی اور ہے
سختیان آبا عنبان اوس گل کی خاطر سے مین
بُلبل دل سے تو سُن اوسکی زبانی اور ہے

(۱۹۵)

مکے سے توبہ چاہیے اب عید مین پری کے صحو
جو چلے جاتے نہین لطف جوانی اور ہے

(۴)

عزیزو کہتے ہین لن ترانی ہمارا اونکو خیال کب ہے
پسند موسیٰ کی جا پلوسی فقیر صورت سوال کب ہے
ہوا پہ خاکی کے خاک اُڑا کر رہا نہ نام و نشان باقی
خودی کو دل سے بُھلا چکے ہین یہ اونکا ملنا محال کب ہے
شرابِ غفلت مین زاہد وہ جوہر اپنا دکھا رہے ہین
بنا رہے ہین وہ باتین گہر مین تمیز اونکو خیال کب ہے

(۱۹۶)

نرالا ہے سب سے صحو میرا فلک کا والی نہین کا سلطان
قسم ہے تیری زلیخا مجھکو کہ تیرا یوسف مثال کب ہے

(۵)

خوشی اونکی ہماری آبرو دربان جاتی ہے
نکلکر روح قالب سے کہین مہمان جاتی ہے
ندامت پر ندامت ہے لگا کر چاند پر دھبہ
غضب ہین شوخیان اونکی ہماری جان جاتی ہے
بلائے ناگہانی ہے خجستہ دخت رز کو بھی
ملائے خاک مین چاہت مری ہر آن جاتی ہے
ڈراتا ہے مجھے مرنیکے پہلے کس لئے زاہد
پلٹ کر پاس سے میرے قضا ہر آن جاتی ہے

(۱۹۷)

تری صورت نہین جیتی چھپائین لاکھہ پردے مین
جدہر دیکھا اودہر اے صحو یہ پہچان جاتی ہے

(۸)

دلکو ہر دم ہر گھڑی سودائے زلفِ یار ہے
اور قفس مین جان وحشی طالبِ دیدار ہے
عاشقون کو دردِ دل سوزِ جگر درکار ہے
جامِ جم کی کب ہے پروا جس لبِ لعل مین یار ہے
آجکل مین کس کشاکش مین پڑا ہون دوستو
نہ کوئی مونس ہے میرا نہ کوئی غمخوار ہے
ہو گیا شاید جنون بستی سے گھبراتا ہے دل
طفلِ نادان کر رہے خالی نہین سنگسار ہے
عشق لیلی مین ہوئی مجنون کی کیا نوبت کہون
چشمِ عالم مین سراپا بس ذلیل و خوار ہے
رنج و راحت کچھہ نہ پوچھو جیتے جی وہ پا گئے
سب سے بہتر عاشقون کو دولتِ دیدار ہے
بعد مرنے کے زمین پر ہے کہان اونکا مزار
نام ہستی سے عزیزو اونکو ننگ و عار ہے

(۱۹۸)

کیا غرض ہے عاشقون کو دین اور دنیا سے صحو
تیرے عاشق کے تئین چاہت تری درکار ہے

(۵)

گلِ باغِ الستی بہی رخِ روشن گلابی ہے
ملا معشوق قسمت سے بلا کا وہ شرابی ہے
رقیبون کے سکھانے سے ہوئی میری خرابی ہے
مگر اونکی جہان مین اے عزیزو کامیابی ہے

تلاوت مصحفِ رخ کی کرے مقدور ہے کسکا
مصفا چہرہ ہے اوسکا عجب وہ خوش کتابی ہے

گداز و سوز و غم کی کچھ نہین لذت ہے عالم کو
مرا رونا وہی جانے دلِ بریان کبابی ہے

(۱۹۹)
ہے فکر اے صحو فردا کی قضا سر پر کھڑی ہر وقت
بصورت برف ہے دنیا بقا تیری حبابی ہے
(۵)

چمن مین صبحدم بادِ بہاری تنکے آئی ہے
ہوئے ہین نغمہ زن بلبل کی گل سے آشنائی ہے

مشیخت آنکر گھیری لیا جب ہاتھ مین تسبیح
خرابی کے ہوا درپے خیالِ پارسائی ہے

نہین ہے کھیل لڑکون کا محبت سخت مشکل ہے
ہو کیسے گرم بازاری کہ دل مین خودنمائی ہے

ڈراتا ہے کسے زاہد ہوے مشہور عالم مین
خبر ہے شہر مین صاحب کہ اونکی رونمائی ہے

(۲۰۰)
روش ایسی جہانمین کم نہین ہے صحو غیریت
خدائی مین عیان دیکھا طریق بوالعلائی ہے
(۴)

گران فروش ہے پیرِ مغان شرابی ہے
جلا چکا ہے مرے دل کو وہ کبابی ہے

بتون کا سامنا تدبیر کیا کرے کوئی
حیا کرے نکرے عین بیحجابی ہے

نہ کیون خجل ہو زلیخا جو دیکھے آنکھون سے
عزیز و یار کا چہرہ مرے کتابی ہے

شکار کرتے ہین دنیا کا آڑمین دین کے
ملی یہ صفت مین صاحب تمہین نوابی ہے

(۲۰۱)
دگرگون حال ہوا صحو کا ہے ملنے سے
زیادہ کل سے مرے دل کو اضطرابی ہے
(۶)

خانہ بردوش پڑے پھرتے ہین نادان ابھی
خاک سمجھے نہ اوسے گبر و مسلمان ابھی

عظمت و شان سے تیرے ہین گدا سب ممتاز
کیون نہ حاصل ہو اونہین تخت سلیمان ابھی

سیری ہوتی نہین عاشق کو بجز روزِ جزا
دلمین باقی ہے ترے وصل کا ارمان ابھی

رنگ بیرنگ ہوا اونکا اشارہ ہے غضب
دیکھیے ہونا ہے کیا صاحبو سامان ابھی

منفعل ہو گئے اب دیکھ عنایت کو تری
اپنا محرم کو کیا حضرتِ انسان ابھی

(۲۰۲)
طفلِ مکتب ہی رہا خیر تو ہے ہوش مین آؤ
صحو سمجھا نہین تو معنیٔ ایمان ابھی
(۱۲)

ہوا دل آپ پر جو مبتلا ہے
ہزارون طرح کی ہمپر بلا ہے

یہ عقدہ ہم پہ کچھ کھلتا نہین ہے
ابھی تو قسمتون مین کیا لکھا ہے

کبھو ٹلتا نہین قسمت کا لکھا
ہین ہم اب اور ہمارا دلربا ہے

نہین سننے کے واعظ کی نصیحت
قفس سے مرغِ جان اب اڑ رہا ہے

ہین دیوانے ہوئے اوس گھر کے اب ہم
پڑی پیرون مین گو زنجیر پا ہے

تو یوسف ہو تو مین بیشک زلیخا
اگر ہمسے ملے تو کیا بُرا ہے

یہ سر ہے آپکے قدمون پہ حاضر
جو کرنے قتل ہو پھر عذر کیا ہے

پکارو نام سے اِک بار مجھکو
تمنا ہے یہی اور مدعا ہے

چلون گا پیچھے محشر مین تمہارے
بغل مین بس خیالِ دلربا ہے

مجھے غافل نہ سمجھو غافلو تم
حضوری لی مع اللہ برملا ہے

کہانتک مین چھپاؤن عشق کی بات
کہ باتون مین مرا مطلب ادا ہے

(۲۰۳) کہان ہے صحو مین کسکو سناؤن میرا قصّہ نہایت بس بُرا ہے (۵)

مستفیض فیضِ اقدس دونون عالم ہو چکے — تخمِ وحدت در زمینِ دل ہر اک کے بو چکے
ہین قفس مین بند بیجا آب و دانہ تنگ ہے — بس ستم ہے باغبان کے مرغ بیکس رو چکے
آہ مظلومان سے ابتک نیلگون ہے آسمان — اپنی اپنی زندگی سے ہاتھ ہر اک دھو چکے
جو گئے جیتے جی وہ خوشحال ہین ہر حال مین — مٹگئے جھگڑے تمامی ملک ہستی کھو چکے

(۲۰۴) پاسبان ہے اوسکے در پر رات بھر سویا نہین کون کہتا ہے رفیقو صحو کیا بس ہو چکے (۴)

جامۂ توحید کی سر پر پہین کچھ اور ہے — یار کا سب سے نرالا بانکپن کچھ اور ہے
کسکو ہے یارا کہ دم مارے کوئی اہل جہان — اوسکے سکّے کا ہر اک جا پر چلن کچھ اور ہے
یہ لطافت لائینگے شاعر کہان سے شعر مین — ہر زبان پر یار کا شیرین سخن کچھ اور ہے

(۲۰۵) اوس کے کوچے مین گیا دل عاقبت محمود ہے ظاہر اہل شرع کا گور و کفن کچھ اور ہے (۷)

دل سے پوچھا کہ آرزو کیا ہے — ہنس کے بولا کہ مین وتو کیا ہے
جبکہ تو سُن چکا ہوا ظاہر — پھر دوبارہ یہ گفتگو کیا ہے
رازِ معشوق ہے مرے صاحب — فاش کہنا یہ کو بکو کیا ہے
وہ تو غماز ہے زمانے کا + پیشِ آئینہ مو بمو کیا ہے

×

ہر صفت سے تو خود ہوا موصوف — بندہ پرور یہ جستجو کیا ہے
عشق کا جب سے مین ہوا بندہ — پوچھیے اوس سے آبرو کیا ہے

(۲۰۶) صحو آیا ہے پاسے بوسی کو تجھہ سوا اوسکی آرزو کیا ہے (۵)

مست ساقی کیون نہو بندہ نوازی آج ہے — دست بیعت کر چکا ہون سرفرازی آج ہے
ڈھنگ ہے سب سے نرالا فیض بخشی کا ترے — حد سے بیحد ہے حرارت دلگدازی آج ہے
مست ہین ادنی و اعلی ہے ملک حیرت زدہ — شانِ پاکِ بو العلا کیا بے نیازی آج ہے
دیر کیا چوگانِ میدان روبرو ہے آپکے — وقتِ فرصت ہے غنیمت عشق بازی آج ہے

(۲۰۷) کیا خبر کل کی ہے کسکو فکر کیا کرتا ہے تو صحو یہ پوشیدہ تجھہ سے کارسازی آج ہے (۴)

عاشق نہین معشوق ہین پردہ نشین و ان کون ہے — غافل ہین عالم آپ سے جانے مجھے وہان کون ہے
کیسہ ترا خالی نہین کرتا گدائی رہے عبث — محتاج اپنے آپ ہین بیساز و سامان کون ہے
دھوکا ندے زاہد مجھے قرآن کے معنی ہین ہم — پردہ کیا ہے یار نے ہندو مسلمان کون ہے

(۲۰۸) کہنا میرا سُن صحو تو نسبت اضافت چھوڑ دے لیلی کہان مجنون کہان صحرا نوردان کون ہے (۵)

آجکل پنکھے کی جنبش بھی نئے طور پہ ہے — بزمِ عشاق مین آمادہ وہ کچھہ جور پہ ہے
منتظر کب سے کھڑا ہون اونہین پروا کیا ہے — خیر ہے صاحب اب اونکی تو نگہ اور پہ ہے

مجھکو جس کام کی دھن ہے وہ فلک کیا جانے
چکر اوسکو بھی مری فکر میے غور یہ ہے

مست و بیخود ہین ہر اک پیر و جوان آجکے دن
جمگھٹا یار کی محفل مین نئے طور یہ ہے

(۲۰۹) صحو رندان ازل جمع ہین میخانہ مین (۷)
کل تھا جس دور پہ جام آج بھی اُس دور پہ ہے

جس نے دیکھا ہو گیا حیران ہے
کیا ہمارے یار کی تصویر ہے

رتبۂ عالی جہان مین تین ہین
باپ ہے اُستاد ہے یا پیر ہے

دل لگانا غیر سے اچھا نہین
جا چکی عزت ہوا دلگیر ہے

کیا کیا صیاد نے بید ام کے
بن چکا دل اندنون نخچیر ہے

آکے دروازہ پہ میرے پھر گیا
کیا ہماری شومئی تقدیر ہے

اب مسیحا نے اوٹھایا ہاتھ کو
کر نہین سکتا کوئی تدبیر ہے

سیکڑون سر اُڑ گئے بے مار کے
کھنچ گئی ظالم کی کیا شمشیر ہے

(۲۱۰) اقرار کر کے آپ جو ہمسے مکر گئے (۵)
ہم جیتے جی ہی جان سے اپنی گذر گئے

کیا فائدہ ہے جینے سے آخر تو موت ہے
لاکھون ہزارون دیکھئے بس منتظر گئے

جاتا ہے جو اد دہر کو پھر آتا نہین ادہر
کیا جائے گر بلا ہے کہ قاصد بھی مر گئے

افسوس کی ہے جائے کہ آئے تھے کسلئے
قول و قرار بھول گئے بے خبر گئے

آئے تھے ہم جہان مین کچھہ دیکھنے کو سیر

(۲۱۱) کہنے بنائی آنکھہ کہ ہم بے سفر گئے (۶)

رات کو صاحب سلامت سو گئے
مفت مین دیدار دولت کھو گئے

عہد مین ساقی کے میرے صاحبو
شہر کے زاہد شرابی ہو گئے

آئے تھے کس کام کو بازار مین
نقد دل دیکھے نہ بھالے کھو گئے

آئینہ تھا جب تلک کچھہ بھی نہ تھا
دیکھہ صورت کو عزیزان رو گئے

ہر دل ناچیز آہن آپ سے
ملتے ہی پارس سے سونا ہو گئے

چھوڑ کر مجھکو اکیلا دشت مین
قافلے والے روانہ ہو گئے

(۲۱۲) آج میرے دفتر عصیان کو صحو (۵)
آب رحمت سے ملائک دھو گئے

غمزے سے لاکھون آپکے بیہوش ہو گئے
بزم جہان مین حیف سے روپوش ہو گئے

پیر و جوان دور مین ساقی کے مست تھے
زاہد تمام شہر کے مے نوش ہو گئے

انجان کسقدر ہین کہ پہچانتے نہین
قول و قرار دل سے فراموش ہو گئے

مشاطہ عشق کی اونہین لائی جو کھینچکر
اچھا ہوا خوشی سے ہم آغوش ہو گئے

(۲۱۳) لو جیتے جی نجات کا پیغام آگیا (۵)
بار گنہ سے صحو سبکدوش ہو گئے

بدل گیا ہے زمانہ جناب کے بدلے
پلایا ساقی نے پانی شراب کے بدلے

قسم مین کہا کے کہون گا گلہ نہین تیرا
عذاب دین کوئی مجھکو ثواب کے بدلے

نجاؤ وعظ و نصیحت پر اسکے تم ہرگز
فقط مزے کے لئے اپنی آگ پہونکا وہ

بغل مین او سکے ہے شیشہ کتاب کے بدلے
جلایا دل کو ہے ظالم کباب کے بدلے

(۲۱۴)

کہان یہ لطف عنایت تھی بعد مدت کے
وہ صحو چلتے ہین اب تو عتاب کے بدلے

(۵)

صاف فرمایئے اب مجھسے تکلف کیا ہے
رنج و غم روز فزون مجھکو عطا ہوتا ہے
کسکو یارا ہے ترے آگے کوئی بات کرے
پاس کے پاس ہے گھر مین نہ آئے صاحب

عشق بازی مین جنون تیرا تصرف کیا ہے
تیرے سر کارمین اے عشق تلطف کیا ہے
علم سینہ ہو جسے علم تصوف کیا ہے
عذر معقول ہے اور وجہ توقف کیا ہے

(۲۱۵)

صحو تم ہمکو کبھی آپ بُلاتے ہی نہین
جمع اغیار ہین سب اون سے تعرف کیا ہے

(۵)

دلِ مضطر ہمارا آشنا ہے
جدہر دیکھا جہان مین تجھکو دیکھا
بنایا آئینہ دونون جہان کو
نہین پہچانتا کوئی کسیکو

جو تھا باطن وہی ظاہر ہوا ہے
تو ہی کیا صورتِ آدم نما ہے
کہ ہر صورت مین صورت دیکھتا ہے
یہ کیسا یار نے پردا کیا ہے

(۲۱۶)

مجھے دھوکا ہوا ماو شما سے
نہین تو صحو کوئی دوسرا ہے

(۵)

دل نہین دلبر ہمارے پاس ہے
جیسے پھولون مین مہکتی باس ہے

اون سے ملنا تو کبھو ہوتا نہین
اپنے اعمالون کا کیا کچھہ ہو بیان
کس بہروسہ پر ہین جیتے عاصیان

کیا قیامت پر قیامت یاس ہے
سب گناہون سے سیہ قرطاس ہے
اب رسولؐ اللہ کی ہم کو آس ہے

(۲۱۷)

مجھکو محشر کا نہین کچھہ خوف صحو
پیشوا میرا دہان عباس ہے

(۵)

صورتِ یار کی تصویر ہے صورت میری
ہے قسم شیخ و برہمن کو میرا منہ دیکھین
ساتھہ مختاری کے عالم ہے تمامی مجبور
بات سمجھے نہ کوئی اور ستانے آئے

غیر سمجھے نہ کوئی بت بھی ہے مورت میری
دل مین اصلا نہ کہین دونون کدورت میری
بے ضرورت ہے جہان ہیچ ضرورت میری
بے نیازی کی ہے کیا شان عزورت میری

(۲۱۸)

صحو کیا عالمِ اجسام مین تم بھول گئے
لوگ کسطرح سے کرتے ہین کفورت میری

(۶)

شعورِ ہستیِ خاکی کی خاک اُڑائے چلے
نہ جاگلی مین تو اونکی اب ایدلِ ناداں
کہجا نہ عرصہ ہے اِس بحر مین کوئی دیکھا
ابھی تلک یہی شک اونکے دلمین ہے باقی
جہانمین دیکھا یہ ہمنے مقامِ عبرت ہے

جفا و جور زمانے کے ہم اُٹھائے چلے
جہان مین دیکھا حسینونکو دل لگائے چلے
دمِ حباب سے ہر دم جہان مین آئے چلے
دمِ اخیر بھی ہم کو وہ آزمائے چلے
کفن مین دیکھا جوانونکو مُنہ چھپائے چلے

کبھی رُلاتے ہو ہم کو کبھی ہنساتے ہو

(۲۱۹) جہان مین صحو کو تمنے میان ستائے چلے (۵)

یا نبیؐ مجھکو مدینہ مین بلا لیجے کبھی
دلِ ناشاد میرا شاد کر و بحقِ علیؑ

مجھکو دنیا کی ہوس ہے نہ ہوس عقبیٰ کی
روضۂ والا کو دیکھون مین تمنا ہے یہی

مجھکو وہ آنکھہ کہان دیکھون جمالِ روشن
گرد روضہ کے پھرونگا گویا شہپر سا کبھی

ضبط کب تک مین کرون آپ سنو یا نہ سنو
کبھی ہو جائے جو موقع تو کرون عرض یہی

(۲۲۰) اشتیاقتیکہ بدیدار تو دارد دلِ من
دلِ من داند و من دانم و داند دلِ من (۳)

میری عمر گزر گئی رونے مین نہ تو خط ہی لکھا نہ تو آپ آیا
کرون کیا مین فراق کا تیری بیان نہین تجھسے چھپا ہی حال دلی

میان قول و قرار کو بھولے یہان آ جاؤ گے کیا کہہ لیجے وہان
دُکھہ کے جھگڑے مین ہم تو پھنسے نہ تو دین ملے دنیا نہ ملی

(۲۲۱) یہان آیا وہان سے تو کام تہا کیا ذرا ہوش مین آ کے خیال تو کر
کہون صحو اپنی نہ پرائی کی تجھے دلکی تو ایک گرہ نہ کھلی (۵)

ہے خنک چشم وہی یار کا جلوہ دیکھے
عمر بھر پھر نہ کوئی ایسا تماشا دیکھے

کیا کرامت ہے تری اے مرے فخرِ عالم
تیری ہر بات مین اعجاز مسیحا دیکھے

کس قیامت کی ہے رفتار کہو خیر تو ہے
آج تک شعبدہ ہم اک بھی نہ ایسا دیکھے

یہان ہر اُمتِ عاصی کو یہ مژدہ پہونچا
لکھا قرآن مین ہے طور پہ موسےٰ دیکھے

(۲۲۲) صحو کیا تجھسے کہون اونکی خوشا قسمت ہے
دونون عالم مین ترا یار سہارا دیکھے (۵)

بندے کو کوئی بندۂ درگہ نہین سمجھے
قطرہ کو بجز قطرۂ دریا نہین سمجھے

کہتے ہین جسے دل وہ ترا خاص مکان ہے
کعبہ نہین سمجھے اوسے قبلہ نہین سمجھے

بینش یہی دانش یہی فہمید یہی ہے
بس اپنے سوا اور کو مولےٰ نہین سمجھے

ظاہر ترا تشبیہ ہے باطن ترا تنزیہ
سمجھے ہین وہی آپ کو بیجا نہین سمجھے

(۲۲۳) خود وحدت و کثرت مین وہی جلوہ نما ہے
ہم صحو الگ یار کا میلہ نہین سمجھے (۷)

ہے جفا و جور زیبا نازنین کے واسطے
چاہیئے صبر و رضا قلبِ حزین کے واسطے

لامکان نہین دل بنایا دل نشین کیواسطے
جمع ہین احباب سارے اوس مکین کیواسطے

درد و غم رنج و مصیبت دل سے پوچھا چاہیئے
ہمنے سب کچھہ سہہ لیا اوس مہ جبین کیواسطے

بیشتر برباد کرنا چاہیئے عاشق کے تئین
ہم بنا اوس گھر کی دیکھے کفر و دین کیواسطے

گو سفندِ موت بھی ہے اک غذائے عاشقان
بے قضا کے ہے قضا اہل یقین کیواسطے

خیر و شر کے آپ خالق ہم فقط محکوم ہین
تہمتین ذمے ہین میری عیب ہین کیواسطے

(۲۲۴) صحو اب کیا خوف ہے تجھکو گناہونکا ترے
ہے دو عالم رحمۃ للعالمین کیواسطے (۵)

میرے اونکے روبرو ہے سینہ درپن دیکھیئے
قلب کو سونا بنایا مثلِ کندن دیکھیئے

گلرخونکے چاہ کا جاتا نہین خالی اثر
گور مین کانٹے بہرے ہین اونکے کارن دیکھیئے

ایلے گیلے پھر رہے ہین ہر روش پر ناز سے
ہے برآمد باغ مین وہ رشکِ گلشن دیکھیئے

قدر کیا بیقدر کو ہے اوس دُرنایاب کی | گر گئی خانہ خرابی عقل کو دن دیکھئے

(۲۲۵) دن نکل آیا مگر صحو اب تلک جاگا نہین | (۳)
خوابِ غفلت سے نہ چونکا بخت خفتہ دیکھئے

پردہ یہ اچھا نہین ہے عاشقِ بیمار سے | زندگی کا لطف ہے جانان تیرے دیدار سے
آنکھ سے آنکھین ملانا یہ بھی وہان ٹھیری خطا | پوچھتے کیا خیریت ہو نرگسِ بیمار سے

(۲۲۶) سیر ہون جینے سے جانان جان کی پروا نہین | (۴)
صحو کا کاٹے گلا جو چاہے اب تلوار سے

کیون ہمسے رُکے جاتے ہو اے یوسفِ ثانی | پوشیدہ رقیبون سے ہے پیغام زبانی
عاجز ہے میری عقل تیرے غمزے سے جانان | سمجھے نہین جاتے ہین تیرے رازِ نہانی
آداب سے لازم ہے تجھے اے چشمِ مجازی | ہے پیشِ نظر عین میرے گنجِ نہانی

(۲۲۷) جو کچھ کہ ہے اے صحو محبت کی بدولت | (۵)
پیری مین بھی باقی ہے میرا لطفِ جوانی

جی مین آتا ہے کرون شکوہ بیداد کبھی | ہمسے راضی نہوا وہ ستم ایجاد کبھی
یار بھولا ہے مجھے مین نہین بھولا اوسکو | چشمِ گریان ہے میری لب پہ ہے فریاد کبھی
آن کی آن مین کیا ہو گیا دل کو میرے | طفلِ مکتب تھا کہین ہو گیا اُستاد کبھی
صبحدم روتے ہین مرغانِ چمن دیکھ مجھے | رحم آتا نہین دلمین تیرے صیاد کبھی

جب سے جانان تجھسے الفت ہے مجھے | اپنی صورت سے بھی نفرت ہے مجھے
ہے یہی زاہد مرا روزہ نماز | دیکھنا اوسکا عبادت ہے مجھے
اے بُت مغرور کیا پروا تجھے | یان ہر اک لحظہ قیامت ہے مجھے
وصلِ جانان جب نہوے جیتے جی | پھر میرا جینا ندامت ہے مجھے

(۲۲۹) مجھسے نہ پوچھو حالِ وصلِ دلرُبا | (۳)
کیا کہون اے صحو حیرت ہے مجھے

نہین بن آتی ہے تدبیر کوئی یار مجھے | پاس آنے نہین دیتے ترے اغیار مجھے
نَحنُ اَقرب کے اشارے سے عیان سب یہ ہوا | چھپکے کیا خوب کیا آپنے اظہار مجھے
چھوڑ کر جب مین وطن اپنا یہان پر آیا | خوبرویون نے کیا خوب گرفتار مجھے

(۲۲۸) اوسکے دربار مین ہو تیری بھلایا دکھی | (۵)

(۲۳۰) لا اُبالی ہر آن ہے تیری | بے نیازی کی شان ہے تیری
گھر مین اس تن کے کیا رکھا باقی | نذرِ قبلہ یہ جان ہے تیری
کون فریاد کو سُنے میری | تیغِ بران زبان ہے تیری
تجھسا ہرجائی کون ہوتا ہے | ہر مکان مین دوکان ہے تیری

(۲۳۱) صحو مختار میری جان کا ہے | (۶)
تیر تیرا کمان ہے تیری

نگاہِ لطف سے تہا کامیاب پہلے سے
ہمارے اونکے تہا کچہہ حجاب پہلے سے

بگڑ رہی ہے طبیعت اوبجہہ رہا ہے مزاج
رفیق ہے دلِ خانہ خراب پہلے سے

کہو یہ حوروں کو جاوین اودہر نہ آوین ادہر
پلائی ساقی نے مجھکو شراب پہلے سے

پڑہایا یار نے ہے مجھکو کچہہ سبق ایسا
مٹائی ہستی کی ساری کتاب پہلے سے

سُراغ اوسکا زمین پر نہ کچہہ فلک پہ ملا
نہان زمین مین ہے آفتاب پہلے سے

(۲۳۲) کرین گے گور مین کیا منکر و نکیر سوال (۴)
بنایا صحو نے سب کچہہ حساب پہلے سے

تماشا دیکھنے آئے جہان کا ہم بھی
نشان بنگئے وہم و گمان کا ہم بھی

کسی کا کچہہ نہین بگڑا جو کچہہ ہوا سو ہوا
اوٹھائے صدمہ یہ دو زیان کا ہم بھی

خیالِ ابروئے مژگان مین ہون خمیدہ قد
گمان کرتے ہین تیر و کمان کا ہم بھی

ہمین وہ بہولے ہین پر ہم اونہین نہین بہولے
نظارہ کرتے ہین پیر و جوان کا ہم بھی

(۲۳۳) ہر شے مین نمودار ہوا خیر و شر سے (۵)
وہ بھولا نہین آپ کو غائب ہو نظر سے

معلوم ہوا آنکہہ لڑائی ہے کسی سے
برسات برستی ہے مرے دیدۂ تر سے

مجبور کیا یار نے مختار بنا کر
یارا نہین بندے کو قضا اور قدر سے

فریاد بہلا کس سے کرون کسکو سناؤن
وہ ساتھہ ہوا جسنے نکالا مجھے گھر سے

حامی تو ترا یار ہوا روز ازل سے

(۲۳۴) کیا خوف تجھے صحو بتا کور نظر سے (۵)

خانہ خراب کرتی ہے خواہش شراب کی
سینے سے اوسکے آتی ہے بُو یہ کباب کی

چوری سے مے کو پیتا ہے وہ طفلِ برہمن
صحبت پسند کیون نہو رندِ خراب کی

مجرم ہون مے پرست ہون کیجے مجھے معاف
زاہد سے بات پوچھئے کار ثواب کی

دہوکا حضور دیتے ہین پوشاک کو بدل
پہچانتا مین خوب ہون صورت جناب کی

(۲۳۵) کیا خوف صحو کو ہے مسرت کی بات ہے (۵)
محشر مین تجھکو بس ہے مدد بوترابؑ کی

مری قمری روح اُڑتی پھر بگی
ملے نہ ملے آگرہ مین ملے گی

الگ ہوگیا بھس مین چنگاری ڈالی
سلگ تو گئی آگ کیسے بجھے گی

نہین بوالہوس کا یہان پر گزارا
کہین بیل کلتھی کی منڈوے چڑہیگی

صدا ننگ رہتا ہے نام و نشان سے
ہماری زمین پر نہ تربت بنے گی

(۲۳۶) یہان صحو بیجان روتا کھڑا ہے (۵)
سُنے حال لیلےٰ تو مجنون بنے گی

گلشنِ دنیا سے ہم بھی داغِ حسرت لیچلے
باندھکر گٹھری گنہ کی سر پہ تہمت لیچلے

مُٹھی باندہے آئے تھے ہم ہاتھہ خالی لیچلے
آئے تھے کسواسطے ہم کیا ندامت لیچلے

طالبِ دنیا کوئی ہے طالبِ عقبیٰ کوئی
ہم فقط مینائے دلمین تیری حسرت لیچلے

بے بسی کا وقت نازک ہم کرین تو کیا کرین
دیکھتے اُسکو رہے ہم وہ غنیمت لیچلے

(۲۳۷) صحو یان معلوم ہوگا کل کے دن احوال سب (۵)
سیر کو آئے یہان تے پر مصیبت لیچلے

میرا ہمنام نہین کوئی جہان مین باقی
تن تنہا ہون دلا جسم مین جان مین باقی

قید سے چھوٹ گئے ہوگیا زندان خالی
نام لیوا نرہا کوئی جہان مین باقی

جسکو دیکھا بس اوسے رنگ مین ڈوبا پایا
رنگ بیرنگ سے کیا پیر و جوان مین باقی

تیری اس شست کے قربان دل و جان سے ہون
آجتک اک نرہا تیر کمان مین باقی

(۲۳۸) صحو مین دیکھنے آیا ہون تماشا اپنا (۵)
اک دو دن کا ہے مہمان مکان مین باقی

موج دریا ہین ہم نہ دریائی
مفت مین ہو گئے ہین رسوائی

نہ تو بندہ ہون نہ خدا ہون مین
شرک اور کفر مین ہون سودائی

مجھسے پوچھو نہ کچھ صفت اوسکی
عاشق زار ہون مین سودائی

مین تو گمنام بے ٹھکانا ہون
رہنے والا ہون مین تو صحرائی

(۲۳۹) نہ تو مطلق ہے نامقید ہے (۵)
صحو ہے خوب تیری بن آئی

عہد پیری مین ہوئی آج ملاقات مری
پھر وہی جام تہا ساقی تہا مدارات مری

مجھکو امید نتھی دیکھئے پا بوسی مین
آج مقبول ہوئی خوب مناجات مری

سنگ دلکو نہ کوئی موم سا ہوتے دیکھا
دیکھ لی اوس بت کافر نے کرامات مری

پوچھتے تک نہین انجان ہوئے جاتے ہین
مرتے دم خاک کرے کوئی مکافات مری

(۲۴۰) اسقدر بھی نکہا سنکے مصیبت افسوس (۵)
صحو ہان خوب لکہی تمنے حکایات مری

آئینہ پیدا کیا ہے مُنہ دکہانے کیلئے
دیکھہ صورت کو چلے صورت چھپانے کیلئے

ہے پریشان فکر ہر دم تیرے کوچہ مین مدام
کیا کیا پیدا مجھے تو آزمانے کیلئے

ایلے گیلے پھر رہے ہین کوچہ و بازار مین
تاج کرّا منار کے پھرتے دکھانے کیلئے

کُھل گیا نقشہ طلسماتِ جہان کا دوستو
وہ ہمین پیدا کیا شاید مٹانے کیلئے

(۲۴۱) صحو اب تیرے سوا اپنا نہین فریادرس (۵)
کیا ہمین آنکھین دئے آنسو بہانے کیلئے

دوست سب دور ہوئے دیکھہ کے حالت میری
کرتے اغیار ہین آ آ کے زیارت میری

برہمن دیر کو اور شیخ چلا کعبہ کو
دونون عالم کو ہے منظور عبادت میری

سر بھی سرکار کا ہے تیغ بھی سرکار کی ہے
مجھکو پھر عذر ہے کیا کیجے شہادت میری

جدا مجد کو ملایک نے مرے سجدہ کیا
تم تکلف نہ کرو دیکھو حقیقت میری

(۲۴۲) ایک کرشمہ سے کیا صحو ہے عالم پیدا (۵)
رنگ لائی ہے بنا خوب خجالت میری

خارج از عقل ہے دیکھو جو حقیقت دلکی
کسطرح سے ہو بیان مجھسے یہ حالت دلکی

اوسپہ جب تک نہ پڑے اہل صفا کا پرتو
کب نکالے سے نکلتی ہے کدورت دلکی

ضبط گریہ جو کرون آہ نکلجاتی ہے
کب چھپائے سے چھپی رہتی حالت دلکی
صرف اقرارِ زبان سے نہو ایمان کامل
اوسکی وحدت مین نہو جبکہ صداقت دلکی

(۲۴۳) صحو مین اپنے حسن پیر کے صدقے جاؤن
ابھی ہوجاے گی طے دم مین مسافت دلکی (۵)

وجود پاک کا جلوہ نظر آئے تو کیا آئے
اگر علم الٰہی مین بشر آئے تو کیا آئے
کہو اوس اہلِ غفلت سے کبھی تو دیکھہ معنی کو
بصورت صورتِ انسان نظر آئے تو کیا آئے
خودی رخصت ہوئی مُنہ بیخودی نے جبکہ دکھلایا
میرے گھر مین اگر وہ فتنہ گر آئے تو کیا آئے
لبون پر جان آپہونچی مریضِ عشق کی تیرے
مین حیران ہون اگر رشکِ قمر آئے تو کیا آئے

(۲۴۴) وہ سب کے جد امجد ہین کہون کیا صحو مین بڑھکر
ہمارے دیکھنے کو بوالبشر آئے تو کیا آئے (۷)

مجھے ساقی شرابِ آگہی دے
مین صدقے تیرے متوالا بنادے
ہوئی میلی میرے تن کی گدڑیا
تو اپنے رنگ مین پیارے رنگادے
مقابل آئینہ ساہون مین تیرا
خیالِ ماسوا دل سے بھلادے
یہی اک آرزو باقی ہے میری
شرابِ آگہی ساقی پلادے
یہی ہے التجا پیرِ مغان سے
تیرے قدمون کے نیچے مجھکو جادے
مجھے ظاہر کیا ہے آپ چھپکر
خدایا خاک مین مجھکو ملادے

نہین قابل غلامی کے عجب کیا

(۲۴۵) کہ نامِ صحو دفتر مین لکھادے (۵)

کیا بہت تلاش گلی بہ گلی
مجھے تیری کہین بھی خبر نہ ملی
مین تو پھرتا ہون باغ جہان مین سدا
جیسے بھنورا پھرے ہو کلی بہ کلی
تمھین ناچ نچاتے ہو خاطر خواہ
مین تو کچھہ بھی بخانون بُری کہ بھلی
کیا پردے سے جب وہ صدا ہے لات
میرے سر سے تو قالو بلےٰ نہ ٹلی

(۲۴۶) کہون صحو مین کس سے محو سوا
میرے دل کی تو ایک گرہ نہ کھلی (۵)

خرابی ہو کے در پے کی عبث پہلی تمنا نے
نہ پوچھا حال کچھہ میرا عزیزو اوس مسیحا نے
خریدے جبکا جی چاہے سرِ بازار آئے ہم
نہ پایا چاہ یوسفؑ مین مرا ایسا زلیخا نے
جو کچھہ گزری مصیبت ہے فراق یار مین دلپر
ملایا خاک مین پیارے مجھے میری تمنا نے
کسی کا کچھہ نہین بگڑا لگائی آگ در پردہ
ہوا جل خاک کا تو وہ سنبھالا مجھکو دریا نے

(۲۴۷) یہ کہدو صحو سے جاکر ادب لازم ہے دیوانہ کا
کبھی عیسےٰ کبھی موسیٰ مجھے آتے ہین سمجھانے (۵)

باغ مین مالی ترے یہ ہمنے مانا ہم نہ تھے
داغِ دل لالہ سے کچھہ لیکن ہمارے کم نہ تھے
روبرو سرکار کے رکھا ہوا ہے آئینہ
ہر کسی صورت کے قابل دیکھہ لیجے ہم نہ تھے
کیا ہوئی عاشق زلیخا دیکھہ یوسفؑ کے تئین
یا محمدؐ تیرے عاشق دونو یہ عالم نہ تھے
سب کے پہلے رحمۃ للعالمین پیدا ہوئے
نورِ مطلق تھا مگر حضرت آدم نہ تھے

(۲۴۸) (۵)

جاے گریہ ہے عزیزو پہلی منزل مین لٹا
صحو کیون کیا ساتھ تیرے کوئی بھی ہمدم نہ تھے

مجھے جان پہچان انجان ٹھیرے
طلبگار میرے قدردان ٹھیرے

تجھے چاہنے والے اے میر صاحب
برابر نہ ہندو مسلمان ٹھیرے

مصاحب ہین اونکے ملایک عزیزو
ظلوماً جہولاً تو انسان ٹھیرے

نہین ہون مین قابل گدائی کے تیرے
گدا تیرے در کے تو سلطان ٹھیرے

(۲۴۹) (۵)

سناؤ مرا حال اب صحو کو تم
سراتن مین مہمان کیون آن ٹھیرے

فرقت مین مرا جاتا ہون جانا کئی دن سے
دریاے محبت کو ہے طغیان کئی دن سے

کوئی بار محبت کو اُٹھائے تو مین جانون
سر پر لیے پھرتے ہین جو انسان کئی دن سے

جب چھوڑ کے وہ تخت سلیمان یہان آئے
مشہور ہوئے آپکے دربان کئی دن سے

کیا اس سے زیادہ ہو بھلا رُتبہ کسی کا
ہے زیر قدم تخت سلیمان کئی دن سے

(۲۵۰) (۵)

شہر گے سے قریب آیا ہے قرآن مین اے صحو
پہچانے نہین گبر و مسلمان کئی دن سے

مجھے بتکدہ مین چاہت کسی بتکی کھینچ لائی
گیا میرا زہد و تقوے گئی میری پارسائی

اسی دل کا شیفتہ ہون مین اسیکا ہون فدائی
یہی خانہ خدا ہے یہی عرش کبریائی

میرا سینہ پُر فضا ہے میرا دل خدا نما ہے
وہ ہے آگرہ کی بستی یہ ہے باغ بوالعلائی

میرے دل کے گہر مین تو ہی میرے چشم تر مین تو ہے
میری ہر نظر مین تو ہی ہے تجھی سے سب خدائی

مجھے عشق نے ستایا مجھے عشق نے جلایا
مجھے عشق نے رولایا مجھے عشق کی دوہائی

راز پوشیدہ ہو اغیار ہے ہمراہ مرے
خوف کی بات ہے کیا یار ہے ہمراہ مرے

ہان نہین سمجھے کوئی مجھکو اکیلا ہرگز
ساتھ ہر حال مین سرکار ہے ہمراہ مرے

کار دنیا کی ہوس دل کو نہ عقبےٰ کی طلب
مجھکو اب غم نہین غمخوار ہے ہمراہ مرے

صلح کل شیخ و برہمن سے مجھے حاصل ہے
ہاتھ مین سبحہ و زنار ہے ہمراہ مرے

(۲۵۲) (۴)

اوس مسیحا کو مرا حال سُناؤ جو صحو
مدتون سے دل بیمار ہے ہمراہ مرے

صدر ہر جا کہ نشیند بہ ہمانجا صدر است
خاک پر بیٹھا ہون دربار ہے ہمراہ مرے

چھوڑ کر اپنی حکومت مین یہان آیا ہون
مجھکو کیا غم ہے کہ غمخوار ہے ہمراہ مرے

مے کے پینے سے عبث منع تو کرتا ہے مجھے
کیا نہین جانتا میخوار ہے ہمراہ مرے

(۲۵۳) (۵)

صحو بازار مین آیا ہے زلیخا سے کہو
تیرے یوسف کا خریدار ہے ہمراہ مرے

یہ دل جانتا ہے جفائین تمہاری
قیامت کرین گی ادائین تمہاری

ادھر آؤ پیارے گلے سے لگالون
مین جی بھر کے لے لون بلائین تمہاری

بتاؤ سوا دل کے ہین کوئی ایسے
جو بارِ محبت اوٹھائین تمہاری

جو وہ گھر مین آئین تو مقصد ہو پورا
پڑون پاؤن منت بڑھائین تمہاری

(٢٥٤)
گئے بھول تم صحو قرار اپنا
گذشتہ وہ باتین سنائین تمہاری
(٥)

پوچھتا کوئی نہین عاقل و نادان مجھے
جان انجان ہوئے گبر و مسلمان مجھے

برہمن و وید تو قرآن پڑھین ہین مومن
کس طرح بھولے ہوئے بیٹھے ہین انسان مجھے

کون سنجشا ہے وجود آپ کو تھے آپ عدم
کیا نہین جانتے تم بے سر و سامان مجھے

ہائے کچھ قدر نہین کرتے ہین افسوس مری
اپنا وہ سمجھے ہین ہر طرح قدردان مجھے

(٢٥٥)
مین خفا ہوتا نہین صحو وہ چاہین سو کہین
دیکھئے کہتے ہین کیا گبر و مسلمان مجھے
(٥)

کئے وعدے پیمان شکن کیسے کیسے
ملے خاک مین گلبدن کیسے کیسے

جو پہنا ہوا آج گلگون قبا ہے
ادائین ہین جادو ہین کیسے کیسے

کیا ایک حملہ مین تسخیر عالم
ہین پیارے تیرے یہ چلن کیسے کیسے

سنورتے ہین جسدم بکھر جاتے ہین وہ
ہین اعجاز زلف رسن کیسے کیسے

(٢٥٦)
گئے بھول اصلی وطن کو یہان سب
ہوئے صحو یہ مادمن کیسے کیسے
(٤)

تیرا آباد میخانہ جو آگے تھا وہ اب بھی ہے
جہان مین دور پیمانہ جو آگے تھا وہ اب بھی ہے

نہین ہار اس ہوتا ہے قیامت کردیا ہارا
دل وحشی یہ بیگانہ جو آگے تھا وہ اب بھی ہے

گزارے عمر ہم ساری کہ جسکی جستجو مین تھا
ملامت مین دیوانہ جو آگے تھا وہ اب بھی ہے

(٢٥٧)
رسائی صحو کیونکر ہو میری صورت گدائی کی
مزاج یار شاہانہ جو آگے تھا وہ اب بھی ہے
(٥)

بار الفت کا میرے سر پہ اوٹھاؤن تو سہی
منتین کرکے تجھے یار مناؤن تو سہی

پیش قاضی نہو دعوی میرا باطل قاتل
سرخروئی کے لئے بات بناؤن تو سہی

ہے سزا اوسکی یہی راز کو جو فاش کرے
بات کی بات مین سولی پہ چڑھاؤن تو سہی

بگڑی جاتی ہے طبیعت تیری زاہد کیونکر
جام پر جام ابھی تجھکو پلاؤن تو سہی

(٢٥٨)
شمع رخسار کا پروانہ بنا چاہتا ہون
صحو محفل مین جو شب جان جلاؤن تو سہی
(٢)

پاس کے پاس میرے پاس نہ آئے گا ہے
خواب مین بھی کبھی صورت نہ دکھائے گا ہے

سنکے احوال کو کیا خوب ہنسی مین ٹالے
ایک دو آنکھ سے آنسو نہ بھائے گا ہے

عرصہ سے مجھکو طلب یار کے دیدار کی تھی
دوستو دلمین ہوس خانۂ خمار کی تھی

بعد مرنیکے ہوا مجھکو یقین ہے افسوس
ہے جو صورت میری صورت یہی دلدار کی تھی

من عرف پہچاننے کی بات ہے
سب نفی اثبات ہے سو ذات ہے

جب خودی اوٹھ جائیگی دل سے ترے
تو رہے گا تو تیری ذات ہے

یار کے کہنے مین کیا تاثیر ہے
دونون عالم کو کیا تسخیر ہے

یان رہین یا وان رہین مختار ہین
دوجہان سرکار سے جاگیر ہے

خواہانِ محبت ہون شرارت نہین آتی
اے ہم نفسو مجھکو عداوت نہین آتی

جاؤنگا مین مدینہ کو یا مصطفےٰ نہین
یاور نہین ہے بخت میرا دست و پا نہین

کس منہ سے ہو بیان بلا شوق آپ کا
پھر کیا کہون مین دلکو یہ دل مانتا نہین

بیوسیلونکا وسیلہ ہے عراقی ساقی
تیرے میخانہ پر حاضر ہے شرابی ساقی

عرض کچھہ کر نہین سکتا ہون خرابی ساقی
مجھہ بلانوش کو تلچھٹ ہی ہے کافی ساقی

بھر دے چلو مین جو شیشے مین ہے باقی ساقی

تیرے رندون پہ ملامت کوئی آئینی نہین
محتسب کی بھی شکایت کوئی آئینی نہین

بخدا تا بقیامت کوئی آئینی نہین
تیرے میخانے پہ آفت کوئی آئینی نہین

سب دعا گو ہین یہ جتنے ہین شرابی ساقی

ہے کیا عشق کی آتش نے مرا خانہ خراب
دل بھی جل بھن کے ہوا سینے مین دو لخت کباب

ایکدم کی نہین فرصت ہون کھڑا پا برکاب
تیرا جی چاہے تو پلوا دے کوئی جام شراب

ہاتھہ پھیلانے کا بندہ نہین عادی ساقی

قاضی الوقت کے فتوے سے جو نادم ہو گا
بالیقین اہل جہنم کا وہ خادم ہو گا

جام پر جام پلاتا مجھے قاسم ہو گا
جو نہ پیوے گا شراب آج وہ مجرم ہو گا

کو بکو کل سے یہ کردی ہے منادی ساقی

جب سے ساقی نے پلائی ہے شرابِ عرفان
بھول کر بیٹھا ہون مین دل سے خیالِ دوجہان

نیک و بد سے تجھے کیا کام ہے صحو و نادان
مست کیا جانے کہ دیر ہے کعبہ ہے کہان

عمر ساری تیری بھٹی پہ گذاری ساقی

ولہ قدس سرہ

ایک زمانہ تھا کہ ہجرِ یار مین سینہ فگار
جستجو مین اوسکی پھرتا تھا بہ ہر شہر و دیار

اب وہ دن آئے کہ پیارے کیطرح لیل و نہار
یارہائی نمیگیرد قرارش بیقرار

طالبِ دیدار گشتہ ہمچو موسیٰ بار بار

ترس دوزخ ہے نہ ہے کچھہ خواہش خلد برین
ہون مبرّا کچھہ نہین کھٹکا مجھے از کفر و دین

مست ہون پیکر شرابِ شوق کو اے شیخ دین
خار غم از ننگ و ناموس و زمیر ان ہمنشین

شہریارم باکسے اصلا ندارم ہیچکار

دیر و کعبہ مین بھٹکتے ہین یہ شیخ و برہمن
بعض پھرتے ہین بیابانون مین مثل کوہکن

ہونہین سب اشیا موجودہ مین یان پرتو فگن
نیست علم معرفت جن و بشر را ذات من

ہر دو عالم عکسِ رویم چون بناشد آشکار

جب تعلق کا اوٹھا پردہ تو پھر سب نیک و بد
ایک آتا ہے نظر کیا دوست کیا اہل حسد

واعظا یہ آپ کی ناحق ہے مجھسے ردّوکد
جان وہم تا جان خواہد من ندانم غیر خود

گوش دارم از کلام کنت کنزاً یادگار

گر پڑا ہون بحر وحدت مین جو ہونا ہو سو ہو
ابتو ہر ذرے مین دیکھون ہون جمال یار کو

محو اپنی ذات مین یہ لطف ہے ایدوستو
برندایت حیرت اندر حیرت افزاید صحو

از در و دیوار گوید خویشتن را یادار

ٹھمریان

بناوالے سپیا پیارے
مجھے لاگی بجریا توری رے

ایک تو نینا مدھ کے ماتے
دوجے نینا باند ہے کٹاری رے

آؤ پیارے دوارے ہمارے
مجھے لاگی بجریا توری رے

تن من تجھپہ ڈارون وار
سیدکارن جوگ اوٹھائی

برہ کی برچھی نینے کھائی
ماتا پیتا کا نام ڈبوئی

چھوڑ دیو سنسار
مجھے لاگی بجریا توری رے

چاند سورج مین جوت ہے تیری
مالا جپے سادھو ہر بار

بچن پیا کا اپنے مانون
کہوئے کرے کو صحو بخانون

کوئی لاکھہ کہے مین برا مانون
ہونی ہو سو ہوگی ..... یار

مجھے لاگی بجریا توری رے

ایضاً له

کیون تو کرنا ہوس اتنی ہے
یان دم کے دم کا گذارا ہے

ناتیرا ہے نامیرا ہے

اپنا اپنا کون ہے اپنا
جھوٹا سارا پسارا ہے

ناتیرا ہے نامیرا ہے

کہنا صحو کا مان لے پیارے
پھر نہین آنا دوبارا ہے

ناتیرا ہے نامیرا ہے

باخترمیرٹھ

مجموعہ قطعات تاریخ دیوان صحو رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ انطباع دیوان ہذا رنجیہ مطبع گوہر فشان۔ آشنائے بحر عرفان
عالی فطرت معجز بیان عالیجناب حشمت مآب نواب صادق جنگ محمد
جمال الدین خان بہادر دام شوکتہ

	قطعہ تاریخ
مرشد برحق کا کلام لطیف	پہچھکے ہوا جلوہ نما مرحبا
رنگ مین ڈوبے ہوئے اشعار ہین	قال مین آتا ہے مزا حال کا
کیسے ہین الفاظ فصیح و بلیغ	جنمین نہان معنی سرِ خدا
تشنہ لبون کو سخن آبدار	ہے بخدا چشمۂ آبِ بقا
دیکھکے کہتے ہین مریضان عشق	پاگئے ہم درد جگر کی دوا
کیون نہو کسکا ہے یہ زیبا کلام	قطب زمان ہادی راہ ہدا
حضرتِ آغا متخلص بہ صحو	نغمۂ داد وہی جنکی صدا
مظہر انوار خداوند پاک	مصدر صدق معرفت و اتقا

جوہرِ آئینۂ علم و کمال	گوہر گنجینۂ صدق و صفا
اُنکی زبان کاشفِ اسرارِ حق	اِن کا سخن ہے سخنِ بے بہا

حلم نے تاریخ کہی فی البدیہ
شکرِ خدا صحو کا دیوان چھپا
۱۳۳۲ھ

من مداحِ قاسم کوثر و سلسبیل جلیل القدر جناب حافظ جلیل حسن صاحب جلیل۔ سلمہ اللہ الوکیل

قطعہ تاریخ دیوان حضرت صحو رح

دیوان ہے یہ صحو کا یا مصدر عرفان	ہے سامنے آنکھون کے عجب منظر عرفان
تعریف ہے دیوان کی امکان سے باہر	ہر شعر ہے سالک لئے رہبر عرفان
سرتاج سخن کیون نہو جبکا یہ سخن ہے	کہتے ہین جسے بادشہ کشور عرفان
ہر مصرع تر موجۂ دریائے حقیقت	ہر معنی نازک ہے کلیدِ در عرفان
مرکز ہین کہ ہین مرکز اسرار الٰہی	نقطے ہین کہ ہین نام خدا گوہر عرفان
آنکھون مین ضیا آئی ہے لفظون کی چمک سے	کوئی مہ عرفان ہے کوئی اختر عرفان
رکھی ہے عجب معنی و الفاظ مین خوبی	وہ شاہد عرفان ہے تو یہ زیور عرفان
اُڑ چلنے کو طیار ہے ہر طائرِ مضمون	کھولے ہوئے کس ناز سے ہے شہپر عرفان

مطلع سے نمایان ہے کہ ہے مطلع انوار
مقطع سے یہ ظاہر ہے کہ ہے مظہرِ عرفان

چھپتے ہوئے اشعار سے بسمل ہوئے لاکھون
کچھہ غنچۂ عرفان ہین تو کچھہ نشترِ عرفان

سب رنگ مین ہین دیکھکے اِس رنگ سخن کو
ہر مست لئے ہاتھہ مین ہے ساغرِ عرفان

یہ فیض اوسی عارف کامل کا ہے سارا
شمشیر کے قبضہ مین جو ہے جوہرِ عرفان

کیا خوب جلیل آپنے تاریخ نکالی
یہ صحو کا دیوان ہے اِک دفترِ عرفان

۱۳۳۲ھ

ازجناب محمد اسحاق خان صاحب آغائی تخلص اسحاق

چھپ گئے اشعار میرے پیر کے
ہر دل یزدان طلب کیا شاد ہے

کہدے اے اسحاق تاریخ شیوع
بوستانِ معرفت آباد ہے

۱۳۳۲ھ

قطعہ تاریخ ریختہ کلک گہر سلک جناب مولوی لطیف احمد صاحب صفا مینائی متخلص بہ اختر مددگار مہتمم سکرٹری صاحب سرکار عالی

حضرتِ صحو کا چھپا دیوان
جس پہ صدقے بہارِ جنت ہے

یہ سخن مغز ہے شریعت کا
یہ سخن رہبرِ طریقت ہے

یہ سخن جان ہے تصوّف کی
یہ سخن کاشفِ حقیقت ہے

اسکی تاریخ لکھئے اے اختر
اپنے حق مین بڑی سعادت ہے

بے بہا مل گیا یہ مصرع سال
شاعری ہے کہ یہ کرامت ہے

۱۳۳۲ھ

ازجناب صاحب العلم والولا مولوی محمد صدیق الزمان صاحب صفا و وفا شاگرد حضرت جلیل

حضرت صحو کا جو طبع کرایا دیوان
ہے یہ شمشیر کا ارباب سخن پر احسان

بارک اللہ عجب حسن بیان ہے اس کا
ہے نثار اسپہ فصاحت تو بلاغت قربان

کتنے دلکش ہین یہ اشعار کہ جنکو پڑھکر
سامنے آنکھون کے پھر جاتا ہے جنت کا سمان

صوفیون کو یہ کوئی جاکے سناوے مژدہ
آکے سیراب ہون وہ بحر تصوف سے روان

راز سربستہ ہے ہر نقطہ مین پنہان اسکے
جوہرِ ذات حقیقی بھی ہے شعرون سے عیان

ایکبار اسکو اگر کوئی سمجھہ کر پڑھ لے
ہے یقین اُسکو ملے داخلہ باغ جنان

فکر تاریخ وفا کی تو کہا ہاتف نے
چشم بد دور فصاحت کی ہے جا یہ دیوان

۱۳۲۳ف

ایضاً ہجری

مدتون سے جسکا ارمان جسکی شہرت ملسن تھی
بارک اللہ آج وہ دیوان ہوا جلوہ نما

صوفیون کو سُنکے وجد آتا ہے ہر ہر شعر پر
کس قدر دلکش کلام صحو ہے صد مرحبا

لے وفا تاریخ کیا اچھی نکالی آپنے
شکر ایزد رہنمائے عارفان دیوان چھپا
۱۳۳۲ھ

من تصنیف لطیف نثار الملک وقف قوم جناب شیخ محمد علی صاحب میر احدی اجمیری تلمیذ حضرت معینی مدظلہ

حضرتِ صحو کا یہ دیوان ہے
بے بہا ارمغان اسے کہیے

ہر غزل مین ہے بوئے باغ قدم
روضۂ جاودان اسے کہیے

موتیون کی لڑی ہے ہر اک سطر
رشکِ کہکشان اسے کہیے

اسکے ہر شعر مین ہے جلوۂ ذات
بے نشان کا نشان اسے کہیے

آسمان جانئے بلاغت کو
نیّرِ آسمان اسے کہیے

ہان سمجھئے اسے مرقع حسن
عشق کی داستان اسے کہیے

ہین مضامین معرفت اسمین
ملکِ دل کی زبان اسے کہیے

کاروان رہ حقیقت مین
یوسف کاروان اسے کہیے

قول منصور کی ہے یہ تفسیر
سرِّ حق ترجمان اسے کہیے

کیجئے فرض شاعری کو جہان
اور جانِ جہان اسے کہیے

ماحی وہم و رہنمائے یقین
بالیقین بیگمان اسے کہیے

اسمین ہے مہر معرفت کا جلوس
آسمان آستان اسے کہیے

اس سے مٹتے ہین داغہائے گنہ
یاور عاصیان اسے کہیے

دشت وحدت مین سالکون کے لئے
خط حفظ و امان اسے کہیے

رنگ باغ سخن سمجھئے اسے
حسن روئے بتان اسے کہیے

دیجئے نسبت ہما سے معنی کو
اور ہما آشیان اسے کہیے

میر یہ ساز ہے تصوف کا
نغمۂ صوفیان اسے کہیے
۱۳۳۲ھ

از جناب مولوی حکیم امتیاز حسین خانصاحب وقف شمسی ابو العلائی

صحو ممحق کا دیوان چھپ گیا
نوا فروز دل ہر مستمند

عرض کی واقف نے تاریخ بشوع
شیخ کامل کا ہے دیوان حق پسند
۱۳۳۲ھ

از جناب حکیم محمد قاسم حسن صاحب شبر آغائی ابو العلائی

طبع شد دیوان صحو پیرِ ما
ہر غزل باشد نشان سرِّ غیب

اے بشر ہاتف مرا آگاہ کرد
سال طبع او زبان سرِّ غیب
۱۳۳۲ھ

از جناب حکیم خواجہ شفیع حسن صاحب شبر آغائی ابو العلائی

ابوالعلائی پیر کا دیوان چھپا
جسمیں ہین اسرار رب ذوالجلال

طبع کی تاریخ کہدے اے مشرر
برگزیدہ ہے ریاض وجد و حال

۱۳۳۲ھ

از جناب محمد فیاض الدین صاحب فیضی آغائی ابوالعلائی

نیک دیوان صحو مرشد ما
ہست این جلوہ گاہ راز نہاں

گفتہ ام سال طبع او فیضی
طبع دیوان شدہ خزانۂ راز

۱۳۳۲ھ

از جناب غلام محمد خان صاحب عرف محمد جہانگیر خان واصف آغائی ابوالعلائی

چھپ گیا دیوان صحو پیر پاک
بن گیا کیا حرز جان کائنات

واصف صحوی کہو تاریخ طبع
ہے کلام مرشد عالی صفات

۱۳۳۲ھ

رنجیتہ طبع اقدس جناب سیادت انتساب حضرت میر امیر علی صاحب متولی درگاہ معلّی اجمیر شریف مدظلہ

جمع عبد الکریم خان نے کیا
اپنے مخدوم باصفا کا کلام

تھی غرض یہ تمام کوشش سے
اس سے ہون فیضاب خاص و عام

فکر تاریخ تھی کہ آئی صدا
نغمۂ دلربا ہے اس کا نام

۱۳۳۲ھ

از طبع گوہر فشان صاحب العلم والیقین حضرت سید زین العابدین صاحب صاحبزادہ استانہ معلّی اجمیر شریف

دیوان جناب صحو عالی درجات
ہے معجزہ مسیح یا آب حیات

عابد کو ہوئی جو سال و تاریخ کی فکر
برجستہ کہا دل نے "بیاض حسنات"

۱۳۳۲ھ

من نتائج طبع منیف و فکر لطیف بدیع البیان فصیح اللسان مولوی سید محمد عبد المعبود صاحب معینی اجمیری صاحبزادہ درگاہ معلّی

مصحفِ منظوم داود آنکہ بود
بالیقین صدر الصدور عاشقان

جمع شد از دست شمشیر آنکہ ہست
جان مشتاقان سرور عاشقان

نظم آن چون پرتو شمس الضحیٰ
دمبدم افزود نور عاشقان

خاصہ در بزم سماع معرفت
ہر غزل یک نخل طور عاشقان

سال ترتیبش کہ برخیز دبران
بانگ تحسین از حضور عاشقان

ہاتفم گفتا معینی حسب حال
شعر داؤدی زبور عاشقان

۱۳۳۲ھ

ولہٗ

سعی شمشیر سے ہم پہونچا
جانشین ابوالعلا کا کلام

کون شمشیر گنج فقر و غنا
صاحبِ کلک و صاحب صمصام

کیا لکھون شرح مصحفِ داؤد
کہ سراسر ہے حکمت و الہام

ہر کشش مین ہے جذبۂ الفت
ہے ہر اک دائرہ خلوص کا جام

ہوئی تاریخ کی جو فکر مجھے
بول اُٹھے طائران سدرہ مقام

ساکنان حریم قدس مین ہے
نغمۂ روح پاک اس کا نام

۱۳۳۲ھ

کتب خانہ
مجلس ترقی اردو

از جامع اوراق خاکبوس آستانۂ پیر دستگیر بندہ شمشیر

چھپا دیوانِ صحو پیرِ برحق
رموزِ معرفت لاریب ہے یہ

کہی تاریخ مینے اس کی شمشیر
"کلامِ حق کلام غیب ہے یہ"

۱۳۳۲ھ

ولہ

طبع شد نظم قبلہ عالم
مقتدائے زمان و قطب زمین

شاہ داؤد آنکہ از لب او
ہر عبارت چکد چو درِ ثمین

مصرعش ہمچو تیغ قاطع دھم
بیتِ اورہنمائے ملک یقین

بندہ شمشیر سال و تاریخش
گفت "ارشاد پیر و مرشد دین"

۱۳۳۲ھ

ولہ

سخن پیر ما چو با مستان
بادہ پیما بصد تلطف شد

سال آن حسب حال آن شمشیر
"ہمہ میخانہ تصوف" شد

۱۳۳۲ھ

تمت

ابوالعلائی اسٹیم پریس آگرہ مین

خدا کے فضل و کرم سے ہر قسم کی کتابین عربی - فارسی - اُردو - ہندی
و انگریزی خوشخط صحیح بکفایت طبع ہوتی ہین اس پریس کی چھپائی کا
مشتے نمونہ از خروارے یہی نمونہ حاضر ہے ملاحظہ فرمالیجئے -

نسخ نستعلیق ہندی انگریزی اور ہر قسم کی مصوّری اور میلان کا کام
حسب دلخواہ چھپ سکتا ہے اگر یہ چھپائی پسند ہے تو بسم اللہ یہ
پریس آپ کے احکام بجالانے کے لئے حاضر ہے فرمائشون کی تعمیل
جلد و دیانت داری اور بکفایت ہوتی ہے - چھپائی کا نرخ اور شرائط
حسب ذیل پتہ پر خط بھیجکر دریافت فرمالیجئے ٭

المشتہ

مینیجر ابوالعلائی اسٹیم پریس آگرہ